# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

---

*Tuesday, August 2, 1988*

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

---

*(Recitation from the Holy Quran)*

---

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِي مَسْكَنِهِمْ آيَةٌ ۖ جَنَّتَانِ عَنْ يَمِينٍ وَ
شِمَالٍ ۖ كُلُوا مِنْ رِزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوا لَهُ ۚ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ
وَرَبٌّ غَفُورٌ ۝ فَأَعْرَضُوا فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنَاهُمْ
بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ أُكُلٍ خَمْطٍ وَأَثْلٍ وَشَيْءٍ مِنْ سِدْرٍ
قَلِيلٍ ۝ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُمْ بِمَا كَفَرُوا ۖ وَهَلْ نُجَازِي إِلَّا الْكَفُورَ
وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَ
قَدَّرْنَا فِيهَا السَّيْرَ ۖ سِيرُوا فِيهَا لَيَالِيَ وَأَيَّامًا آمِنِينَ ۝

(سورة سبا ۱۵ تا ۱۸)

# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

---

*Tuesday, August 2, 1988*

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

---

*(Recitation from the Holy Quran)*

---

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّ
شِمَالٍ ۬ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ
وَّ رَبٌّ غَفُوْرٌ ۝ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ
بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّ شَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ
قَلِيْلٍ ۝ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ؕ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ۝
وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّ
قَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ؕ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ۝

(سورۃ سبا ۱۵ تا ۱۸)

ترجمہ ۔ سبا کے لیئے ان کے اپنے مسکن ہی میں ایک نشانی موجود تھی ۔ دو باغ دائیں اور بائیں ۔ کھاؤ اپنے رب کا دیا ہوا رزق اور شکر بجا لاؤ اس کا ملک ہے عمدہ و پاکیزہ اور پروردگار بخشش فرمانے والا ۔ مگر وہ منہ موڑ گئے۔ آخر کار ہم نے ان پر بند توڑ سیلاب بھیج دیا ۔ اور ان کے پچھلے دو باغوں کی جگہ دو اور باغ انہیں دیئے جن میں کڑوے کسیلے پھل اور جھاؤ کے درخت تھے اور کچھ تھوڑی سی بیریاں ۔ یہ تھا ان کے کفر کا بدلہ جو ہم نے ان کو دیا ۔ اور ناشکرے انسان کے سوا ایسا بدلہ ہم اور کسی کو نہیں دیتے ۔ اور ہم نے ان کے اور ان بستیوں کے درمیان جن کو ہم نے برکت عطا کی تھی نمایاں بستیاں بسا دی تھیں ۔ اور ان میں سفر کی مسافتیں ایک اندازے پر رکھ دی تھیں چلو پھرو ان راستوں میں رات دن پورے امن کے ساتھ ۔

## QUESTIONS AND ANSWERS

جناب چیئرمین ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ سوالات ۔ جناب قاضی عبداللطیف صاحب ۔

### ACTION ON PROVINCIAL RESOLUTIONS BY THE FEDERAL GOVERNMENT

84. ***Qazi Abdul Latif :** Will the Minister for Justice and Parliamentary Affairs be pleased to State :

(a) the total number of resolutions adopted and sent with recommendations by the four Provincial Assemblies to the Federal Government during 1985-86 indicating the nature of each resolution with province-wise break up ; and

(b) the action, if any, taken by the Federal Government on the said resolutions?

**Mr. Wasim Sajjad :** Information so far received is at the Annex. Rest of the information is being collected and will be made available when compiled.

Annex.

STATEMENT

| S. No. | Nature of the Resolution | Name of the Provincial Assembly | Action taken, if any |
|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 |
| 1. | Recommendation for supply of Sui Gas to Charsadda Township (NWFP). | N.W.F.P. | The concerned company is undertaking the survey in this respect and report in this regard is awaited, for which the concerned company has been advised to furnish the same immediately. |
| 2. | Recommendation for supply of Sui Gas to District Swat, Malakand Division. | N.W.F.P. | SNGPL's distribution system does not exist in District Swat. The company has estimated that for supply of gas to Malakand Agency it would have to extended its transmission/distribution system by approximately 100 Kilometers through the hilly terrain. Malakand Agency being at the far end, the necessary gas pressures are not available. The system is, therefore, not capable to sustain the additional supply of gas to new towns in general and particularly to those like Malakand Agency situated far from SNGPL existing gas system. In view of this situation, the company feels that is operationally/technically not feasible to extend the transmission/distribution system to the Malakand Agency. The Govt. is of the opinion that in such areas where extension of natural gas net-work is not considered feasible, the fuel requirements of domestic consumers should be met by alternate fuel. For this purpose steps have been taken to increase the supply of LPG in the hilly areas including Malakand Agency and out of the existing production of 130 tons per day of LPG from Dhurnal, 25% has been exclusively earmarked for supply to NWFP and Northern hilly areas. The Marketing companies have been issued specific instruction to improve their LPG marketing net-work in the said areas on priority basis. |

| 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|
| 3. | Recommendation for enforcement of Shari'ah in the country without any further delay and establishment of Qazi Courts in NWFP. | N.W.F.P. | (1) The Enforcement of Shari'ah Ordinance, 1988 (I of 1988) has been promulgated on the 15th June, 1988. (2) The establishment of Qazi Courts in the country is under active consideration of the Government. |
| 4. | Recommendation for Establishment of the office of Provincial Ombudsman in NWFP. | N.W.F.P. | — |
| 5. | Recommendation that number of flights in Dera be increased, runway extended and arrangements for night landing made. | N.W.F.P. | PIA have restored 7 flights to D. I. Khan a week in addition to 2 flights on Peshawar—D. I. Khan Sector with effect from March, 1988. At present D.I. Khan Airport is neither equipped to handle B-737 flights nor its runway is suitable for Boeing aircraft operation. However, PIA would give consideration to the operation of B-737 once the infrastructure facilities are available. |
| 6. | Recommendation that Boeing 737 flights instead of Fokker flights be started for Chitral. | N.W.F.P. | PIA has a definite plan for introducing jet service to Chitral with B-737-300 aircraft as soon as requisite facilities for such an operation are made available by the Civil Aviation Authority. |
| 7. | Recommendation that PIA Agency in Chitral be abolished and given directly in the custody of P.I.A. | N.W.F.P. | M/s. Pamir Tretters are the domestic sales agent/handling agent of PIA for Chitral since 1966 at Chitral Airport. PIA had nothing adverse on their record against this Agency and, therefore, PIA find no reason for termination of the same. However, PIA have opened their sales office in Chitral town in order to provide more facilities to the residents of Chitral. |
| 8. | Recommendation for repeal of Presidential Order No. 12 of 1985, dated the 28th February, 1985, which had imposed bar against membership of a local Council and a House or a Provincial Assembly at the same time. | Punjab | Article 12A regarding the bar against membership of a local council or Cantonment Board and a House or a Provincial Assembly at the same time which was inserted by the Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) (Seventh Amendment) Order, 1985 (P.O. No. 12 of 1985) was omitted by the Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) (Fourteenth Amendment) Order, 1985 (P.O. No. 27 of 1985). |

| 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|
| 9. | Recommendation that Martial Law be lifted from the country. | Punjab | Martial Law has already been lifted by the Chief Martial Law Administrator. |
| 10. | Recommendation that Martial Law be lifted from the country. | Sindh | Martial Law has already been lifted by the Chief Martial Law Administrator. |
| 11. | Recommendation that as far as possible only the officers of Baluchistan domicile be appointed to the key posts in Baluchistan. | Baluchistan | The recommendation regarding posting of Baluchistan domicile officers to the key posts in Baluchistan has been noted by the Establishment Division for necessary action in future. |

جناب چیئرمین : ضمنی سوال جناب قاضی صاحب ۔

قاضی عبداللطیف : اس میں جناب والا ! صوبہ سرحد کی تقریباً سات قرار دادوں کا حوالہ دیا گیا ہے جب کہ پنجاب سے صرف دو، سندھ سے ایک اور بلوچستان سے صرف ایک قرار داد کا حوالہ دیا گیا ہے ۔ حالانکہ اس مدت کے اندر میرے خیال سے بہت زیادہ قراردادیں آئی ہیں اور جو سرحد کا حوالہ دیا گیا ہے شریعت کے سلسلے میں ، اس میں یہ کہا گیا ہے ۔ ملک میں بلا تاخیر شریعت کے نفاذ کی سفارش ۔ حالانکہ یہ بات نہیں تھی، اس میں یہ تصریح کی گئی تھی کہ پرائیویٹ شریعت بل کو منظور کیا جائے ۔ اسی طریقے سے سندھ سے بھی ایک قرارداد آئی تھی ۔ تقی عثمانی نے پیش کی تھی کہ شریعت کے نفاذ کو جلد تر اور بہت تیزی سے نافذ کیا جائے ۔ پنجاب سے بھی اسی قسم کی قرارداد آئی تھی ان کا تذکرہ اس میں نہیں ہے ؟

جناب چیئرمین : جناب وسیم سجاد صاحب ۔

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, if the reference is made to the answer, it says :

"Information so far received is at Annex. Rest of the information is being collected.........".

This is the information that we already have and which we have made available to the honourable Senator. Other information Sir, when it becomes available, will be laid before this honourable House. As far as the enforcement of Shariah is concerned, Sir, as I repeatedly had the occasion to state, the objective of the Government and of the President has always been to enforce that Shariah which enjoys the consensus of the people of Pakistan, and also the consensus of the people inside Parliament and outside Parliament. It was felt that the Private Shariah Bill did not satisfy those conditions and the Shariah Ordinance now introduced Sir, it is the Government's desire that this Shariah Bill is in conformity with the Constitution and enjoys broad national consensus. Consequently, Sir, we have made efforts so that all laws in the country which are either on the statute books or all laws which have been passed or will be passed, will be brought in accordance with the Quran and Sunnah through the methodology laid down in this Ordinance and through the Shariah Courts in the country. Thank you, Sir.

**Mr. Chairman :** I think, the question was somewhat different, if I had understood Qazi Sahib correctly. The question was that the reply to this question does not correctly reflect the resolution which was passed by the Frontier Assembly. His contention is that that resolution had specifically recommended the approval by the Senate of the Private Members' Shariah Bill and not in the form in which it is reproduced here. I think, this was the question.

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, if that is the resolution of the NWFP Assembly and if the intention of the honourable Senator is that that resolution has to be passed.

**Mr. Chairman :** No. No. What he says is that the reply has not correctly reproduced the position.

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, this is summarized. We are doing it. The intention was not to give the entire resolution but to make a reference to the kind of resolution in the response of the Government on that.

جناب چیئرمین : قاضی صاحب۔

قاضی عبداللطیف : میری گزارش یہ ہے جناب والا ! کہ اگر وہ قابل عمل نہیں تھا تو آپ نے صوبائی اسمبلیوں کو اس سلسلے کے اندر کچھ لکھا

ہے کہ یہ آپ کی سفارش قابل عمل نہیں ہے نیز اسی طریقے سے دستور کے اندر یہ ہے کہ اگر دو صوبوں کی جانب سے کوئی سفارش آئے تو مرکز اس کے لیئے مجبور ہے کہ اسے ضرور منظور کرے گا۔ سندھ اور سرحد سے، ان دونوں سے یہ سفارشات آئی ہیں اس سلسلے کے اندر آپ نے ان کو کیا تسلی دلائی ہے۔

**Mr. Chairman :** Mr. Wasim Sajjad.

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, if the rules require that we have to inform them then I will check that and if they have not been informed, we will inform them. However, I do not agree with the honourable Senator that any resolution passed by the Provincial Assemblies is binding on the national parliament. This is contrary to the constitutional position. The national parliament is independent, has its own powers and jurisdiction and it has the power under the Constitution to adopt laws which, I think, are in the national interest.

قاضی عبداللطیف: جناب والا! اس کا جواب آپ نے نہیں دیا، دو صوبائی اسمبلیوں کی جانب سے اگر کوئی قرارداد آتی ہے، سفارش آتی ہے تو مرکز مجبور ہے کہ وہ اسے منظور کرے۔

جناب وسیم سجاد: جناب والا! میرے خیال میں یہ صحیح نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: قاضی صاحب آئینی پوزیشن اس سے کچھ مختلف ہے، آپ کے پاس آئین کی کاپی ہوگی۔ آپ اس کا آرٹیکل ۱۴۴ نکالیں۔ میرے پاس انگریزی version ہے میں وہ آپ کو سنا دیتا ہوں اگر اس کا ترجمہ ٹھیک ہو رہا ہے، تو provision یہ ہے کہ

" If two or more Provincial Assemblies pass resolutions to the effect that *Majlis-e-Shoora* (Parliament) may by law regulate any matter not enumerated in either List in the Fourth Schedule, it shall be lawful for *Majlis-e-Shoora* (Parliament) to pass an Act for regulating that matter accordingly... "

[Mr. Chairman]

جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر دو یا دو سے زیادہ صوبے کسی ایسے مضمون کی طرف اشارہ کریں جو نہ Provincial List میں ہے نہ Concurrent List میں ہے، نہ Federal List میں ہے اور اس کے متعلق تجویز کرتے ہیں کہ فیڈرل پارلیمنٹ (مجلس شوریٰ) اس کے بارے میں کوئی قانون پاس کرے تو فیڈرل پارلیمنٹ اس قانون کو پاس کرنے کی مجاز ہوگی یہ کوئی پابندی نہیں کہ اسے ضرور پاس کرے اور یہ بھی ہے کہ ایک خاص مسئلے کے متعلق یعنی اگر علیحدہ علیحدہ سفارشات آئیں غالباً وہ اس آرٹیکل سے cover نہیں ہوں گی۔ کہ ایک صوبے نے بھی کچھ کہا، دوسرے نے بھی کہا اگر وہ متفقہ طور پر یہ کہتے ہیں کہ یہ معاملہ نہ Federal List میں ہے، نہ Concurrent List میں ہے، نہ Provincial List میں ہے اور اس کے لیئے مجلس شوریٰ قانون بنائے تو فیڈرل پارلیمنٹ اس بات کی مجاز ہے کہ وہ قانون بنا سکتی ہے لیکن وہ مجبور نہیں ہے کہ وہ قانون ضرور بنائے۔ سید عباس شاہ صاحب!

سید عباس شاہ: جناب والا! جواب سے تو ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کہ ریزولیوشن صوبائی حکومتوں سے آئے تو ان کا ایک جواب سمری میں دیا گیا ہے لیکن ان کو کسی طور پر کسی وقت بھی اسمبلی کے سامنے پیش نہیں کیا گیا کہ ان پر کوئی ایکشن لیا جائے گا۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ان کے ریزولیوشن کو قریباً ایسے ڈیل کیا گیا ہے جیسے کہ کسی کو ignore کیا جاتا ہے۔ اسے ignore کیا گیا ہے۔ کیا یہ صحیح ہے؟

جناب وسیم سجاد: نہیں جناب، ignore نہیں کیا گیا اگر اسمبلی کے رولز کے مطابق یہاں پیش کیا جانا ضروری ہوتا تو انشاءاللہ ضرور پیش کیا جاتا۔ اگر رولز

میں ایسی کوئی requirement نہیں ہے تو پھر میرے خیال میں اس کی ضرورت نہیں ہو گی۔

جناب چیئرمین: جہاں تک رولز کا تعلق ہے تو میں آپ کی توجہ رول ۱۳۷ کی طرف مبذول کراؤں گا جس میں یہ لکھا ہوا ہے۔

" 137. (1) On receipt of resolutions passed by two or more Provincial Assemblies under Article 144, the resolutions shall be laid on the Table and the Secretary shall forward a copy of each such resolution to the Minister for Justice and Parliamentary Affairs ".

اس قسم کا ریزولیوشن میرے علم میں نہیں آیا، دوسرا ایک اور قسم کا ریزولیوشن صوبوں سے آسکتا ہے کہ

" 137 (2) A resolution passed by a Provincial Assembly drawing attention of the Senate to any matter shall, on receipt, be brought to the notice of the members "

ایک دو ریزولیوشن ایسے آئے ہوئے ہیں جن میں صوبائی حکومتوں نے سینیٹ کی توجہ مبذول کرائی تھی اور وہ سینیٹ کو میں نے خود سنائے تھے۔ مجھے یاد ہے، ایک اور طریقہ بھی ہے کہ

" 137 (3) The Senate may, by resolution, express its opinion or make any observation or recommendation on the resolution received from a Provincial Assembly or Assemblies ".

تو دو طریقے ہوئے یا تو اسے سینیٹ کی میز پر رکھا جائے گا اور یا سینیٹ کو سنایا جائے گا، دونوں صورتوں میں ممبران کے initiative پر ہے کہ وہ اس پر کوئی ایکشن لیتے ہیں یا نہیں لیتے تو ایسی کوئی situation کم از کم میرے علم کے مطابق پیدا نہیں ہوئی۔ قانوناً تو یہ پوزیشن ہے۔ جی بنگلزئی صاحب۔

میر حسین بخش بنگلزئی : کیا محترم وزیر صاحب فرمائیں گے کہ قرارداد نمبر ۱۱ پر عملدرآمد کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ شعبہ عملہ نے نوٹ کر لی ہے ، شعبہ عملہ نے اس قرارداد کو نوٹ کر کے لبستہ خاموشی میں رکھ دیا ہے یا اس پر عمل بھی ہوا ہے۔

جناب چیئرمین : وہی سوال قاضی صاحب نے بھی پوچھا تھا اور اس کا جواب میرے خیال میں یہ دیا گیا تھا کہ اگر ان کو جواب دینے کی ضرورت تھی تو ان کو ضرور جواب دیا ہو گا لیکن ان کے پاس یہ انفارمیشن موجود نہیں ہے ، میں ہاؤس کی توجہ ایک اور چیز کی طرف بھی مبذول کرانا چاہوں گا۔ اگر آپ سوال کو پڑھیں تو اس میں یہ ہے کہ

"The total number of resolutions adopted and sent with recommendations by the four Provincial Assemblies to the Federal Government".

اس میں ریزولیوشن میلنبٹ کو بھیجنے کا کوئی تذکرہ نہیں ہے ، صوبوں نے جو ریزولیوشن پاس کیئے ہیں یا کوئی سفارشات کی ہیں ، اور directly اگر فیڈرل گورنمنٹ کو انہوں نے بھیجی ہیں تو وہ فیڈرل گورنمنٹ اور ان کے آپس کے تعلقات ہیں۔ Divisions concerned از خود Deptt. concerned in the province کو جواب دیتے ہوں گے۔ بہر حال جیسے وزیر موصوف نے فرمایا کہ پوری انفارمیشن ان کے پاس فی الحال نہیں ہے اور مزید انفارمیشن حاصل ہونے پر یا جو سوالات ابھی اٹھائے گئے ہیں ان کے متعلق بھی مزید تحقیق کر کے ہاؤس کو مناسب وقت پر inform کر دیں گے۔

میر حسین بخش بنگلزئی : اس کے لیئے fresh notice دینا پڑے گا یا اسی کی continuation میں انفارمیشن دے دیں گے۔

جناب چیئرمین : fresh notice سے آسانی ہو جائیگی ان کے لیئے بھی اور آپ کے لیئے بھی ۔ اگلا سوال ، قاضی عبداللطیف صاحب ۔

NATIONAL HIGHWAY FROM D. I. KHAN TO ZHOB

85. ***Qazi Abdul Latif :** Will the Minister for Communications be pleased to state :

(a) the total amount spent on the construction of Nation Highway between Dera Ismail Khan and Zhob during the year, 1987-88 indicating also the length of road which has been constructed in the NWFP and the Province of Baluchistan separately in each case ; and

(b) the length of road which is yet to be completed and the expected date for its completion ?

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak :** (a) Rs. 35 million have been spent on the new construction of National Highway between D. I. Khan to Zhob (N—50) during the year 1987-88. 5 Km of road has been constructed in Baluchistan whereas no new construction has been made in NWFP during the year 1987-88. However 75 Km of road between D. I. Khan and Zam Tower has been improved since 1984.

(b) The length of road yet to be completed is 70.2 Km in Baluchistan and 67 Km (11 Km new construction and 56 Km improvement) in NWFP whose expected dates of completion are 1990-1991 and 1991-1992 respectively.

قاضی عبداللطیف : یہ ۳۵ ملین روپیہ جناب والا ! جو خرچ ہوا ہے ، یہ کیا بلوچستان کے صرف ۵ کلومیٹر پر ہوا ہے ۔

سردار فتح محمد ایم حسنی : جناب چیئرمین ! ایک لمبی سڑک ہے جس پر کام ہو رہا ہے ، یہ صرف ۵ کلومیٹر پر نہیں ہوا ہے بلکہ جو اس روڈ پر کام ہو رہا ہے اس میں اب تک ۴۲ کلومیٹر earth work ہو چکا ہے اور sub base کوئی ۱۵ کلومیٹر کے قریب ہوا ہے اور ۵ کلومیٹر جو مکمل ہوا ہے ، کام شروع ہوا ہے ابھی یہ complete ہو رہا ہے جو کہ ۹۱-۱۹۹۰ تک انشاءاللہ مکمل ہو جائیگا ۔

قاضی عبداللطیف : یہ صوبہ سرحد میں صرف ۱۱ کلومیٹر باقی رہتا ہے۔

سردار فتح محمد ایم حسنی : یہ صوبہ سرحد کی بات نہیں ، یہ صوبہ سرحد ہو یا بلوچستان ، یہ روڈ نیشنل ہائی وے کے پاس ہے اس پر ایک سرے سے کام شروع ہوا ہے اور ۱۹۹۲ تک یہ کام مکمل ہو جائیگا۔

جناب محمد اسحاق بلوچ : بلوچستان میں یہ کام کس جگہ پر ہو رہا ہے۔

سردار فتح محمد ایم حسنی : جناب چیئرمین ! جیسا کہ جواب میں پہلے ہی بتایا جا چکا ہے کہ ژوب سیکشن پر ، ڈی آئی خان سے ژوب سیکشن کی طرف اس روڈ پر کام ہو رہا ہے۔

قاضی عبداللطیف : ڈی آئی خان کے یہ کون سے مقام پر ہے۔

سردار فتح محمد ایم حسنی : ڈی آئی خان میں جناب یہ مغل کوٹ سے دانہ سر سیکشن تک ہے۔

قاضی عبداللطیف : اور درازندے سے میرا خیال ہے مغل کوٹ تک یہ بھی سارا رہتا ہے۔

سردار فتح محمد ایم حسنی : جی کیا فرمایا آپ نے ؟

قاضی عبداللطیف : درازندہ سے شیخ مبلہ تک سڑک بنائی گئی ہے ، شیخ مبلہ سے مغل کوٹ تک یہ سارے کا سارا حصہ باقی رہتا ہے۔

سردار فتح محمد ایم حسنی : جناب اس میں ۵۶ کلومیٹر ایسے ہیں جن کی حالت واقعی تھوڑی سی خراب ہے اس کو ہم نے ڈیزائن کے لیئے NESPAK کو دیا تھا جس نے ڈیزائن مکمل کیا ہے۔ انشاءاللہ جب پیسہ ملے گا اس پر بھی کام شروع کر دیں گے۔

قاضی عبداللطیف : یہ ہنول سے جو سڑک نکلتی ہے وہ اگر براستہ پیزو تنکواڑہ اور کلاچی درابل سے ملائی جائے تو یہ راستہ بہت شارٹ ہے اور اس پر بہت کم لاگت آئے گی اور اس کے ساتھ ساتھ یہ ہے کہ یہ سیلاب سے بھی زیادہ محفوظ رہے گا، کیا اس میں یہ بھی کوئی منصوبہ ہے۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں یہ تو تجویز ہوئی۔ اس سوال سے یہ سوال نہیں اٹھتا اس کا الگ نوٹس دے دیں۔ جناب بنگلزئی صاحب۔

میر حسین بخش بنگلزئی : کیا جناب محترم وزیر صاحب بتائیں گے کہ بلوچستان جو ہمیشہ بدقسمت صوبہ رہا ہے ۸۷۔۸۸ میں صرف ۵ کلومیٹر سڑک اس کے حصے میں آئی ہے۔ حکومت کی کیا منصوبہ بندی ہے اور اس روڈ کے حوالے سے اور کتنے کلومیٹر پکی روڈ بنی ہے۔

سردار فتح محمد ایم حسنی : میں نے پہلے ہی عرض کیا ہے کہ بلوچستان میں ۵ کلومیٹر نہیں بنی۔ کام اس پر شروع ہے۔ بلوچستان میں اس وقت تفتان سے نوکنڈی، ڈی آئی خان سے ژوب، کراچی سے خضدار، کوئٹہ سے چمن، ان تمام سڑکوں پر بعض جگہوں پر کام مکمل ہوا ہے اور بعض پر مکمل ہو رہا ہے۔

میر حسین بخش بنگلزئی : تو اس کا حوالہ دیا جانا چاہیئے تھا۔ تاکہ ہاؤس کو پتہ چل جاتا۔

جناب چیئرمین : سوال نیشنل ہائی وے ۔ ۵ کے متعلق ہے اور اسی کے متعلق جواب دیا گیا ہے میرے خیال میں جو صحیح ہے۔ اگلا سوال جناب محسن صدیقی صاحب۔

ECONOMIC REHABILITATION OF OVERSEAS PAKISTANI WORKERS

86. ***Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** Will the Minister for Labour, Manpower and Overseas Pakistanis be pleased to state whether the Government has prepared any scheme for the economic rehabilitation of Overseas Pakistani workers, returning to Pakistan ?

**Mir Ahmed Nawaz Bugti :** The Government has taken various measures for the rehabilitation of return migrants. These are as under :—

(a) The Seventh Five Year Plan envisages creation of 6 million new job opportunities in various sectors of the economy. These opportunities would be open to the majority of job seekers in the country, including Pakistanis returning from abroad.

(b) The Government has set up an Overseas Pakistanis Foundation which *inter alia* provides advisory services to prospective investors and extends housing, educational and medical facilities to Overseas Pakistanis.

(c) Pakistanis returning home are being encouraged to invest their savings in profitable business concerns/schemes or set up small enterprises of their own.

(d) To facilitate their economic rehabilitation procedures for investment in approved projects and import of permissible machinery and equipment have been simplified. There is no requirement of sanction for import of machinery and equipment up to the value of Rs. 50 million under Non-repatriable Investment Scheme.

(e) Returning migrants are free to establish approved industries in the Export Processing Zone at Karachi on repatriable basis and can thus engage in self-employment and also create employment for others.

(f) The Government has also provided a number of avenues of investment through various national savings schemes to overseas Pakistanis such as ;

Defence Saving Certificates, Khas Deposit Certificates, NIT Units, ICP, Mutual Fund and other shares and securities. Khas Deposit Certificates are sold to Overseas Pakistanis with facility of repatriation of principal and profit.

(g) In addition, foreign exchange bearer certificates have also been issued by the Government of Pakistan which can be purchased by the Overseas Pakistanis. The rate of profit on such certificates would increase from Rs. 100 to 114.50 after one year to Rs. 131 after two years and to Rs. 152 after three years.

All the above facilities would also enable the returnees to rehabilitate themselves in Pakistan.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** Would the honourable Minister let us know, whether his department conducted any survey by which he can assure us to the exact number of overseas Pakistanis returning in each year to the country ?

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, obviously a very exact survey is not possible but to the extent possible a survey has been conducted. We conducted short surveys of one month's duration at the international airports of Pakistan in January 1984, April 1985, October 1985, January 1986 and November 198( The figures of returning Pakistanis during these months were :

In 1984 — 93,924 with a monthly average of 7,827.

In 1985 — 1,39,219 monthly average 11,607.

In 1986 — 1,18,284 monthly average 9,857.

In 1987 — 75,696 monthly average 6,308.

These are the averages of the returning Pakistanis during these months when surveys were carried out.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** Mr. Chairman, with your permission I would like the honourable Minister to inform this House about the arrangements being made by the Overseas Workers Foundation for the rehabilitation of such a large number of overseas Pakistanis returning in the country ?

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, I think the details have been given as to what we are doing including the role of the Overseas Pakistanis Foundation. This is Sir, providing necessary guidance to the prospecting investors. The Foundation is also engaged in the development of housing colonies for overseas Pakistanis as a part of their rehabilitation. A large colony scheme at Mir Pur in Azad Kashmir comprising 2019 plots is near completion. A total of 1997 plots in the scheme have already been allotted to overseas Pakistanis. Land at Lahore, Dadu, Larkana and Gujrat has

[Mr. Wasim Sajjad]

already been acquired. Development work at Lahore, Gujrat and Dadu has commenced. Turbat Housing Colony comprising 122 plots has been developed partially and so far 18 plots have been allotted to the said Pakistanis. Then Sir, efforts are also being made to procure land at Quetta and Peshawar. The Government has reserved 5% plots in all provincial housing schemes for the overseas Pakistanis. So, Sir, these are parts of the comprehensive proposals which the Government has undertaken and the intention being to rehabilitate the returning Pakistanis.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** The firues regarding the people returning every year, that the learned Minister has given, the average comes to about 85, 90 thousand, and the figures that he has given about the plots, the total comes about, just by memory I have calculated, not more than about six thousand. Is it that speed with which you can rehabilitate these 85/90 thousand or one lac people who are coming ?

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, we are conscious of this problem. Whatever we can do we are trying to do. Whatever proposals the honourable Member has for further improvement of the system and to rehabilitate the returning Pakistanis we will give high consideration to the proposals made.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** The Foundation was established not only to advise but actually to participate and help the overseas Paksitanis coming here. Has the Foundation any scheme to have joint venture or in collaboration with the overseas Pakistanis returning with their money and with the money of the Foundation to set up such industries ?

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, so far the Foundation provides the guidance to the persons concerned, to the returning Pakistanis and the prospective investors. The other agencies are also involved in providing guidance and giving them investment opportunities. As I said, if there are any concrete proposals which the honourable Senator would like to give, they would be given due consideration.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** Mr. Chairman, the facilities have been enumerated in the written answer are just like that when Pakistani overseas come back to their country, they can walk on the road, they can have the water from the tap, they can go and purchase a bearer certificate and all like that. Concrete steps, it is not for me, it is as a matter of fact the very purpose for which the Foundation has been established and it is one of its charter. Have they undertaken any scheme for this ? That is my question.

جناب چیئرمین : میرے خیال میں پانچ سے زائد سوال ہو گئے ہیں۔

Syed Abbas Shah.

**Syed Abbas Shah :** Sir, there are lot of complaints about Foundation and I move that the Foundation's working and condition should be studied by the sub-committee so that a detailed work is done on that organization. Because it is a very important department looking-after the coming overseas and going overseas Pakistanis.

**Mr. Chairman :** But the performance of the Foundation would certainly fall within the purview of the Standing Committee on the subject and you can always take it up whoever is on that Standing Committee.

**Syed Abbas Shah :** Yes, just I was moving that it should be taken up there.

**Mr. Chairman :** Well that is for the committee to take it up, we don't have to direct the committee to do this.

**Syed Abbas Shah :** Sir, but this is for the House to move.

**Mr. Chairman :** No, no. The committee has the powers.

**Syed Abbas Shah :** But the House has also the powers to move.

**Mr. Chairman :** True, but when the committee already has the power so we can't.......

**Syed Abbas Shah :** I was proposing just, Sir.

**Mr. Chairman :** Right. Nawabzada Jahangir Shah Jogezai.

نوابزادہ جہانگیر شاہ : میں یہ وضاحت چاہتا ہوں کہ ان کے بقول اوسطاً ۹ ہزار افراد ماہانہ واپس آ رہے ہیں تو کیا یہ مستقل رہنے والے لوگ ہیں یا چھٹی پر جانے والے لوگ ہیں اور اگر مستقل رہنے والے لوگ ہیں تو ان کی جگہ کوئی نئے جا رہے ہیں یا نہیں۔ کیا اس بارے میں کوئی اعداد و شمار ہیں؟

جناب وسیم سجاد : جناب میں نے عرض کیا تھا کہ exact اعداد و شمار تو دینا ناممکن ہے لیکن ایک سروے کے نتیجے میں ایک trend ظاہر

[Mr. Wasim Sajjad]

ہوا ہے کہ جو لوگ واپس آرہے ہیں وہ کافی تعداد میں آرہے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ آخری سال میں جو کمی بھی نظر آئی ہے وہ اس وجہ سے ہے کہ باہر پاکستانی کم ہو گئے ہیں، وہاں پر پراجیکٹس مکمل ہو گئے ہیں کیوں کہ وہاں پر employment opportunities کم ہو رہی ہیں، یہ سارا مسئلہ ہے اور حکومت کو اس کا احساس ہے اور جو کچھ حکومت کر سکتی ہے وہ کر رہی ہے اور مزید کوئی تجاویز ہیں تو ہم ان پر ضرور غور کریں گے۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ : کوئی ایسے اعداد و شمار نہیں ہیں کہ کل کتنے آدمی آکر settle ہو گئے ہیں۔

جناب چیئرمین : نوابزادہ صاحب بہت ضمنی سوالات ہو گئے ہیں ایک سوال پر اس سے زیادہ ضمنی سوال نہیں ہو سکتے۔ ایک چیز جو ہم بھول رہے ہیں وہ یہ ہے کہ یہ پاکستانی ہیں، پاکستان سے گئے تھے اور اپنے گھروں کو واپس آرہے ہیں۔ ممکن ہے کہ وہ گھر ان کی rehabilitation کے لیئے ناکافی ہوں یا وہ روزگار جو وہاں پر کر رہے تھے وہ ناکافی ہو، اس کے لیئے سوال اس کے مطابق کیا گیا تھا، اس کے لیئے کیا ہو رہا ہے۔ باقی ماشاءاللہ ہر ایک کے یہاں پر رشتے دار ہیں، بھائی بند ہیں اپنے گاؤں آرہے ہیں، ایسے نہیں ہے کہ کھلی سڑک پر پڑے ہوئے ہیں۔ بہر حال اگلا سوال جناب محسن صدیقی صاحب۔

NEWSPAPER EMPLOYEES WAGE BOARD

87. ***Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** Will the Minister for Labour, Manpower and Overseas Pakistanis be pleased to state :

(a) when the next wage board for newspaper employees is likely to be constituted ; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to announce an interim award for the newspaper employees to meet price escalation ?

**Mir Ahmad Nawaz Bugti :** (a) The current 4th Wage Award is effective from 15th April, 1985. The award remains operative until it is modified or varied by a later decision of the Board. Generally an award remains operative for five years.

(b) No.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** The Award was made about more than three years back. Now, in the meantime a lot of price indexes have changed even the Government employees and other employees have been given certain facilities for that. Why no Wage Board has been constituted and no interim award has been made to give relief to these employees.

**جناب وسیم سجاد :** میں نے جیسے عرض کیا ہے کہ Wage Board Award پانچ سال کے لیے ہوتا ہے ، اس دوران اگر کوئی مہنگائی بڑھ جائے تو increments وغیرہ اس ایوارڈ میں built in ہوتی ہیں تاکہ اس کو deal کر سکیں ۔ تو اس وقت فی الحال کوئی چیز زیر غور نہیں ہے لیکن اگر واقعی inflation بہت زیادہ ہوگئی ہے اور محسوس کیا گیا کہ مہنگائی اتنی زیادہ ہوگئی ہے کہ نئے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے تو ضرور اس وقت اس پر غور کیا جائے گا ۔

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** Would the honourable Minister inform the House whether the rates of the government advertisements have been doubled ?

**Mr. Chairman :** Sorry, I could not follow.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** The rates of government advertisements to the various newspapers have been doubled and that means their income has increased and in the mean time indexes of prices have gone up. It is a common knowledge. Why, as a matter of fact the Wage Board is being constituted to give at least interim relief ?

**جناب وسیم سجاد :** جناب ! میں نے عرض کیا تھا کہ ایک نیا ویج بورڈ بنانے کے لئے requirements نہیں ہیں یہ نہیں ہوتا کہ اگر

[Mr. Wasim Sajjad]

advertisements کا rate بڑھ گیا تو نیا Wage Board بنا دیا جائے۔ rates of advertisements بڑھانے کی وجہ اور چیزیں ہوتی ہیں، اور شعبوں میں مہنگائی ہوتی ہے، یا سوچا جاتا ہے کہ ان حالات میں ایڈورٹائزمنٹس کے rates بڑھانے چاہئیں یا نہیں۔ اس کا براہِ راست تعلق تنخواہوں سے نہیں ہوتا۔ جیسے میں نے عرض کیا ہے کہ اس Wage Board Award کے اندر ایسی mechanism موجود ہوتی ہے جو مہنگائی کو meet کرتی ہے لیکن اگر ایسی مہنگائی ہو جائے گی جو اس میں envisaged نہیں ہے اور محسوس کیا گیا کہ نئے Wage Board کی ضرورت ہے، تو یہ کوئی حتمی چیز نہیں ہوتی کہ کسی حالت میں بھی نیا Wage Board نہیں بنایا جائے گا۔ فی الحال اس کی ضرورت محسوس نہیں کی جا رہی۔

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** Mr. Chairman, I would humbly submit that the answer is not at all satisfactory. I have given an example that in government service, in the nationalized industries and taken over industries everywhere indexation has been raised and price index has become high. Why is this not being accepted by him? If it is a fact for the Government, it is equally a good fact for the Journalists. I want a straight answer.

**Mr. Chairman :** I have understood you.

جناب وسیم سجاد: جناب والا! مناسب تو یہ ہوگا کہ آنریبل سینیٹر ہاؤس میں اعداد و شمار پیش کریں کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہیں ہیں اور comparable سکیل جو Wage Board کے تحت ہیں، وہ یہ ہیں۔ اس میں کوئی تفاوت پائی گئی ہو تو پھر ان کا کیس بنتا ہے کہ ہاں جی، کچھ ہے۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں سوال کا trend یہ تھا کہ Wage Board صحیح ہے کہ formally پانچ سال کے بعد بنتا ہے اور بننا چاہیئے

لیکن اگر mean time in the فیمنوں میں ایسا کوئی تغیر و تبدل ہوا ہے جس سے without setting up a formal Wage Board, can that ہے تو interim relief justified be considered ?

جناب وسیم سجاد : جناب میں نے یہ کہا ہے کہ اگر آنریبل سینیٹر ہمیں بتائیں کہ سرکاری ملازمین کی یہ تنخواہیں ہیں اور اس میں comparable جو سکیل ہیں وہ کم ہیں ، باوجود اس کے یہ increments ہیں تو پھر ان کی بات زیادہ مناسب ہوگی ، اور اسے باقاعدہ کیس بنایا جائے گا۔

جناب چیئرمین : interim period میں consider ہو سکتا ہے۔

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** Thank you Mr. Chairman, I would give him.

**Mr. Chairman :** Right. Next Question No. 88.

LICENCES FOR OVERSEAS EMPLOYMENT PROMOTION

88. ***Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** Will the Minister for Labour, Manpower and Overseas Pakistanis be pleased to state :

(a) the total number of licences issued during the last year and till now for overseas employment promotion ;

(b) the total number of overseas employment promoters at present and the total number of persons who were sent abroad by each of these promoters during the last year ;

(c) the total number of persons who were provided jobs abroad by the Overseas Employment Corporation alongwith the names of the countries ; and

(d) whether the government has notice of any case involving fleecing and defrauding the people by promoting companies, if so, its details and action taken against defaulting companies/promoters ?

**Mir. Ahmad Nawaz Bugti :** (a) Sixty seven (67) new licences have been issued from 1987 till now *i.e.* 30th June, 1988 for overseas employment promotion.

(b) There are 314 overseas employment promoters at present. 34376 persons have been sent abroad by these promoters during the last year. Details of all the persons sent abroad by each promoter during the last year are at Annexure I.

(c) A total number of 71908 persons have been provided jobs by the Overseas Employment Corporation so far. Year-wise and country-wise distribution is at Annexure "A".

(d) Whenever complaints involving fleecing and frauds against the overseas employment promoters are received, immediate action is initiated against them under the Emigration Ordinance, 1979. Since the promulgation of Emigration Ordinance, the licences of 132 OEPs have been cancelled (Annexure 'B') and their securities forfeited on account of cases involving fleecing, defrauding and other acts relating to breach of the provisions of code of conduct prescribed under the Emigration Rules, 1979.

(Annexures have been placed in the Senate Library).

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** What steps had been taken against those promoters who were involved in fraudulent dealings and fleecing the poor men and what steps have been taken to get the money refunded to those poor people?

جناب وسیم سجاد: جناب والا! جس طرح کہ عرض کیا گیا ہے کہ اگر کوئی ایسی شکایت ملتی ہے کہ کسی نے فراڈ کیا ہے تو Emigration Ordinance, 1979 کے تحت اس کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے۔ اور اسی طرح ۱۳۲ ایسے لائسنس cancel کیے گئے ہیں اور ان کی security forfeit کی گئی ہے، اور ان کے مقدمات عدالت میں چلتے ہیں، اور recovery قانونی طریقہ کے مطابق کی جاتی ہے۔ بعض کیسوں میں ایسا ہوتا ہے کہ ان میں اتنا فراڈ ہوتا ہے کہ اس کی recovery نہیں ہو سکتی لیکن حکومت پوری کوشش کرتی ہے کہ جن لوگوں کے ساتھ دھوکہ ہوا ہے، فراڈ ہوا ہے، ان کے پیسے کمپنیوں سے recover کر کے ان کو واپس دلائے جائیں، اس مقصد

کے لیئے پولیس کا استعمال بھی کیا جاتا ہے ، قانون کا استعمال بھی کیا جاتا ہے اور عدالتوں کا استعمال بھی کیا جاتا ہے ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! جناب حسین بخش بنگلزئی صاحب ۔

میر حسین بخش بنگلزئی : کیا محترم وزیر صاحب یہ ارشاد فرمائیں گے کہ یہ جو total number of licences پچھلے سال issue ہوئے ہیں ، ان میں سے بلوچستان کو کتنے لائسنس issue ہوئے ہیں ۔

جناب وسیم سجاد : جناب والا ! میرے پاس ناموں کی تفصیل ہے لیکن province-wise ایسی تفصیل میرے پاس نہیں ہے .... (قدرے توقف کے بعد) جناب میرے خیال میں میرے پاس ہے ، یہ تفصیل مل جائے گی ۔

جناب کوئٹہ زنجن سے بولان اوورسیز ایمپلائمنٹ ، سروان اوورسیز ایمپلائمنٹ اور حیات اللہ ریکروٹنگ ایجنسی ، یہ تین ہیں ۔ ۱۹۸۷ء میں یہ تین ایسے ادارے تھے جنہوں نے لوگوں کو باہر بھیجا ہے اور انہوں نے ۱۲۶ لوگوں کو باہر بھیجا ہے ۔

جناب چیئرمین : قاضی عبداللطیف صاحب ۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! کیا صرف فراڈ کرنے والی کمپنیوں کو یہی سزا دی گئی ہے کہ ان کے زرضمانت ضبط کر لیئے گئے ہیں ، یا ان کو کوئی مزید جسمانی سزا بھی ملی ہے ۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں انہوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ محکمے میں بھی cases چل رہے ہیں اور کورٹس کو بھی وہ کیس دیئے جاتے ہیں ۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! وہی میں عرض کر رہا ہوں کہ جو کیس انہوں نے عدالتوں کے حوالے کیئے تھے، ان میں سے کن کیسوں میں کس کس کو سزا ملی ہے، یہاں تو صرف اتنا بتلایا گیا ہے کہ ان لوگوں کی زر ضمانت ضبط کر لی گئی ہے۔

جناب چیئر مین: وہ تو محکمہ خود کر سکتا ہے۔

قاضی عبداللطیف: عدالتوں سے کتنوں کو سزائیں ملی ہیں۔

جناب چیئر مین: عدالتوں کو سزا دینے کا یا جرمانہ کرنے کا جو اختیار ہے وہ الگ بات ہے۔ یہ انفارمیشن آپ کے پاس ہے۔

جناب وسیم سجاد: جناب نہیں، یہ تو کافی تفصیلی انفارمیشن ہوگی کہ ہر مجسٹریٹ سے معلوم کیا جائے جہاں جہاں بھی یہ مقدمات ہیں۔

**Mr. Chairman :** You will have to require a fresh notice.

قاضی عبداللطیف: جناب والا! کیا یہ بتا سکیں گے کہ جو افراد باہر بھیجے گئے ہیں ان میں صوبہ وار تناسب کیا ہے۔

جناب چیئر مین: کیا؟

قاضی عبداللطیف: ہر صوبے سے کتنے کتنے آدمی بھیجے گئے ہیں۔

جناب وسیم سجاد: جناب پچھلے سال ۱۹۸۷ کے اعداد و شمار میرے پاس ہیں، ان کے مطابق کراچی سے کل ۱۸۵۹، پنجاب سے ۶۸۳۹، راولپنڈی ڈویژن سے ۱۱۶۰۸، پشاور سے ۴۴۹، وہاں جو ادارے ہیں ان کی تفصیل یہ ہے: 'Shah Foreign Employment Agency' نے ۱۶، OK. Khan نے ۳۰۸، الیف ایم قاضی نے ۱۰۳، محمود زمان خان نے ۱۸۸، فدا محمد خان نے ۳۲۹، سعید انٹرپرائزز Nil ہے۔ یہ ۴۴۹ آدمی ہیں۔

These are the persons sent abroad during the year 1987 through the OEPs of Peshawar Region.

جناب چیئرمین : جناب بنگلزئی صاحب۔

میر حسین بخش بنگلزئی : جناب میری وزیر صاحب سے یہ گزارش ہوگی کہ یہ جو تین لائسنس cancel کیئے گئے ہیں، یہ صرف کوئٹہ ڈویژن سے ہیں جب کہ بلوچستان بہت بڑا علاقہ ہے، کیا وہ ارشاد فرمائیں گے کہ قلات اور مکران، دونوں ڈویژنوں میں کیا کوئی اس سلسلے میں درخواست نہیں آئی یا ان کو کسی وجہ سے reject کیا گیا ہے۔

جناب وسیم سجاد : جناب! یہ میرے پاس تفصیل نہیں ہے لیکن اگر آنریبل سینیٹر کے علم میں کوئی درخواست ہے جو دی گئی ہے اور اس پر کوئی کارروائی نہیں ہوئی ہے، تو مجھے بتائیں میں شکر گزار ہوں گا اور ان کی درخواست متعلقہ وزارت کو بھجوا دوں گا۔

**Mr. Chairman :** One last question Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** Would the honourable Minister consider the desirability of increasing the securities of promoters so as to be capable of reimbursing those people who have been defrauded. Mere forfeiture of securities to the Government is not enough. The people who have suffered, they have to be compensated.

جناب وسیم سجاد : Off hand I would say Sir, کہ تھوڑی بہت تو بڑھائی جا سکتی ہے لیکن اگر مثال کے طور پر ۱۰۰ آدمی ہیں، اور ہر ایک کا پچاس ہزار ہو تو اس سے اتنی زیادہ سیکورٹی بڑھ جائے گی جس سے شاید وہ کام نہ کر سکیں تو ہمیں ایک بیلنس رکھنا پڑتا ہے کہ سیکورٹی تو ہو، لیکن اتنی زیادہ نہ ہو کہ کوئی کام نہ کر سکے۔ ان دونوں چیزوں

[Mr. Wasim Sajjad]

کو سامنے رکھتے ہوئے، اگر وہ کوئی تجویز دیں تو ہم اس پر ضرور غور کریں گے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** I would submit that financially more sound parties will come up and then there will be little chances of fraud if you increase the security.

**Mr. Chairman :** It has been noted. Next question No. 89.

TELEPHONE EXCHANGE BUILDINGS IN BALUCHISTAN

89. ***Mr. Abdur Rehman Jamali :** Will the Minister for Communications be pleased to state the period required to complete the under construction buildings of Telephone Exchanges in Usta Mohammad, Dera Allah Yar Khan and Dera Murad Jamali ?

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak :** (read by Sardar Fateh Muhammad M. Hasani).

*Usta Mohammad.*—Work is in progress and likely to be completed by June, 1989.

*Dera Allah Yar Khan.*—Work is in progress and likely to be completed in the Month of December, 1988.

*Dera Murad Jamali.*—Work is in progress and likely to be completed in the Month of December, 1988.

جناب عبدالرحمن جمالی: ضمنی سوال۔ زیادہ تر اس میں "انشاءاللہ" ہی ہے۔ ویسے وزیر صاحب کیا یہ بتائیں گے کہ ان کا تخمینہ لاگت کیا ہے۔

جناب چیئرمین : خداوند تعالیٰ کی مرضی کے خلاف تو کچھ نہیں ہو سکتا ہے۔

جناب عبدالرحمان جمالی : وہ جناب صحیح ہے۔

سردار فتح محمد ایم حسنی : جہاں تک "انشاءاللہ" کا تعلق ہے جناب چیئرمین، انشاءاللہ ہر مسلمان کو کہنا چاہیئے۔ آپ ذرا یہ بتا دیجئے کہ آپ کس ایکسچینج کی بات کر رہے ہیں۔

جناب عبدالرحمان جمالی : آپ تینوں کا ہی بتا دیں۔

سردار فتح محمد ایم حسنی : تینوں کا ہی بتا دیتا ہوں۔ استا محمد ۴۵۸۱۳۰۰ روپے، ڈیرہ اللہ یار خان میں ۱۳۱۹۰۰۰ روپے، ڈیرہ مراد جمالی ۶۶۹۰۰۰۴ روپے لاگت آئے گی۔

میر حسین بخش بنگلزئی : کیا وزیر محترم برائے مواصلات، یہ ارشاد فرمائیں گے کہ ان ڈیرہ جات کے علاوہ بلوچستان کے کسی اور حصے میں بھی exchanges کی بلڈنگز بنانے کی تجویز ہے۔ اگر ہے تو کن کن علاقوں میں ہے اور ان پر کتنی کتنی لاگت آئے گی؟

سردار فتح محمد ایم حسنی : جناب چیئرمین! سوال تو ڈیرہ اللہ یار استا محمد اور ڈیرہ مراد جمالی کے متعلق تھا جس کا ہم نے جواب دیا ہے۔ جہاں تک بلوچستان کے باقی حصوں کا تعلق ہے اگر میں نام لینا شروع کر دوں تو میرا خیال ہے بہت زیادہ وقت لگ جائے گا۔ کچھ examples میں دے دیتا ہوں کوئٹہ میں ابھی جو ۵ ہزار لائنوں کی ایکسچینج لگائی گئی ہے اس کی بلڈنگ بھی ہم نے بنائی ہے۔ بنگلزئی صاحب کے علاقے پنجگور میں

[Sardar Fateh Muhammad M. Hasani]

بھی ہم نے بلڈنگ بنائی ہے۔ مکران کے علاقوں گوادر اور تربت میں بھی بلڈنگز بنائی ہیں اور بلوچستان کے باقی حصوں میں بھی کام ہو رہا ہے۔ اور جگہوں پر کام بھی مکمل ہو گیا ہے۔

جناب محمد اسحاق بلوچ: جناب چیئرمین! میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ ابھی انہوں نے فرمایا کہ مکران میں بلڈنگ بنائی گئی ہے میرا خیال ہے کہ تربت اور گوادر میں کام ہو رہا ہے لیکن تربت کا ٹھیکیدار بھاگ گیا ہے۔ ٹھیکیدار کے بھاگنے کی وجہ کیا ہے؟

سردار فتح محمد ایم حسنی: جناب چیئرمین! جہاں تک پنجگور اور تربت کی بلڈنگز کا تعلق ہے، کام مکمل ہو گیا ہے۔ ٹھیکیدار اپنی کسی وجہ سے کورٹ میں چلا گیا ہے اور اب کورٹ میں decide ہو گا۔ گوادر کا جہاں تک تعلق ہے، وہاں بلڈنگ پر کام ہو رہا ہے اور جلد ہی انشاء اللہ مکمل ہو جائے گا۔

جناب محمد اسحاق بلوچ: جناب والا! یہ تو میں مانتا ہوں میں تربت کی بات کر رہا ہوں۔

سردار فتح محمد ایم حسنی: سر! تربت کا ٹھیکیدار، کورٹ میں گیا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال نمبر ۹۰، جناب عبدالرحمان جمالی صاحب۔

FARM TO MARKET ROADS PROJECT

90. ***Mr. Abdur Rehman Jamali :** Will the Minister for Local Government and Rural Development be pleased to state :

(a) when the work on phase-I of farm to market roads in District Nasirabad (Jafferabad and Tumbo) will be started ; and

(b) approximate length of the road proposed to be built :

**Mr. Sartaj Aziz:** (a) Civil works for Phase-I of farm to market roads Project would start sometime in October, 1988.

(b) 85 Kilometers.

جناب عبدالرحمان جمالی: ضمنی سوال ۔ سر! کیا وزیر صاحب بتا سکتے ہیں کہ جہاں پہ پنجاب اور فرنٹیئر میں چار سال پہلے Phase-I پہ کام مکمل ہو چکا ہے لیکن سندھ اور بلوچستان کے ایک ایک ضلع جیکب آباد اور نصیرآباد میں ابھی تک کام کیوں شروع نہیں ہوا؟

جناب چیئرمین: جناب سرتاج عزیز صاحب۔

جناب سرتاج عزیز: یہ صحیح نہیں ہے کہ باقی صوبوں میں کام مکمل ہو چکا ہے۔ یہ پراجیکٹ ۸۶ ء میں approve ہوا تھا اور ۸۷ ء میں اس کی detailed designing ہوئی اور کنسٹرکشن ورک قریباً باقی جگہوں میں بھی اسی سال شروع ہو رہا ہے اور consultants اور contractors کی منظوری کے مطابق کہیں پہلے کہیں بعد، لیکن اس میں زیادہ تاخیر نہیں ہوئی ہے صرف یہ ہے کہ چونکہ Asian Bank کا پراجیکٹ ہے اس لیئے اس کے ٹینڈر وغیرہ کی منظوری میں ذرا زیادہ وقت لگا ہے۔ اس سال اکتوبر میں انشاءاللہ کام شروع ہو جائے گا۔

جناب عبدالرحمٰن جمالی: ضمنی سوال ۔ جہاں تک مجھے علم ہے بلوچستان میں اس کی ابھی تک pre-qualifications بھی نہیں ہوئی ہیں۔ تو کیا وزیر صاحب بتا سکیں گے کہ آیا یہ positive date ہے کہ اکتوبر تک کام شروع ہو جائے گا؟ یا اس سے اگر زیادہ تاخیر ہونے کا امکان ہے تو وہ بھی بیان فرما دیں۔

**جناب سرتاج عزیز:** اس میں پہلے جو pre-qualifications کی تھیں اس کو ایشین بنک نے نہیں مانا اور کہا کہ دوبارہ نوٹس جاری کیا جائے، وہ نوٹس حال ہی میں issue ہوا ہے اور اس کی technical feasibility pre-engineering بھی ایشیئن بنک نے منظور کرلی ہے اور اس وقت pre-qualification of contractors اور floating of tenders کا مرحلہ حکومت بلوچستان کے سامنے ہے موجودہ شیڈول کے مطابق اکتوبر میں کام شروع ہو جائے گا۔

**میر حسین بخش بنگلزئی:** کیا محترم وزیر صاحب فرمائیں گے کہ ضلع نصیر آباد کے علاوہ کھیت سے مارکیٹ تک بلوچستان کے اندر سڑک بنانے کی تجویز اور کن علاقوں میں ہے؟

**جناب سرتاج عزیز:** اس پراجیکٹ کے Phase-I میں صرف نصیر آباد شامل تھا لیکن Phase-II جس کی اس وقت ایشیئن بنک سے بات ہو رہی ہے۔ اس میں بلوچستان کے تین اضلاع کچھی، لسبیلہ اور لورالائی شامل ہیں اور یہ صوبائی حکومتوں نے select کیئے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ۔ اگلا سوال۔ جناب عبدالرحمن جمالی صاحب۔

LINKING DERA MURAD JAMALI WITH N.W.D.

91. ***Mr. Abdur Rehman Jamali :** Will the Minister for Communications be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to connect Dera Murad Jamali with direct dialing system ; if so, when and if not, the reasons thereof ?

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak :** Yes. Work is likely to be completed during 1989-90.

جناب چیئرمین : ضمنی سوال ۔۔۔ نہیں ہے ۔ اگلا سوال نمبر ۹۲ قاضی عبداللطیف ۔

CUT IN DEVELOPMENT AND ALLOCATED TO PARLIAMENTARIANS

92. ***Qazi Abdul Latif :** Will the Minister for Local-Government and Rural Development be pleased to state :

(a) whether it is a fact that the Government has decided to impose an 18 per cent cut on the development funds granted by the former Prime Minister to the Senators and MNAs for development projects to be completed by the projects committees ; and

(b) whether the decision would also apply to the schemes already completed ?

**Mr. Sartaj Aziz :** (a) No. However, f r the year 1987-88 twenty per cent of the funds were allocated to the pr ramme relating to Housing for the shelterless people. The balance amount has l een distributed over Local Development and Education Sectors of the Special Development Programme in the ratio of 50:50.

(b) No.

جناب چیئرمین : ضمنی سوال جناب قاضی صاحب ۔ ۔

قاضی عبداللطیف : جناب پہلی گزارش تو یہ ہے کہ اس سوال کا اہم ترین حصہ حذف کر دیا گیا ہے جس میں ، میں نے یہ پوچھا تھا کہ ۸۸-۸۷ء کے فنڈز آج تک مہیا نہیں کئے گئے ، اس تاخیر کی وجوہات کیا ہیں اور اس کی ذمہ داری کس پر ہے ؟

جناب سرتاج عزیز : یہ سوال میں تو شامل نہیں ہے لیکن میں جواب دے دیتا ہوں ۔۔۔۔

قاضی عبداللطیف : یہ سوال میں تھا وہی تو میں نے پوچھا کہ کیوں حذف کر دیا گیا ہے ؟

**جناب سرتاج عزیز :** ۸۸-۸۷ء کے جو فنڈز تھے وہ حسب معمول جیسے جواب میں بتایا گیا ہے کہ ۵۰ لاکھ میں سے ۱۰ لاکھ ہاؤسنگ اتھارٹی کو Housing schemes for shelterless people کے لیئے دیئے گئے اور باقی ۴۰ لاکھ کے لیئے سینیٹرز اور MNAs حضرات سے سکیمیں منگوائی گئی تھیں ۔ اس میں سے جو schemes approve ہو چکی ہیں ان کی منظوری دے دی گئی ہے اور فنڈز بھی release کر دیئے گئے ہیں اور ظاہر ہے کہ جن حضرات نے دیر سے سکیمیں دیں اور وہ ابھی process نہیں ہوئیں ان پر مزید کام نہیں ہو رہا کیونکہ یہ سکیم آئندہ کے لیئے ختم کر دی گئی ہے اور جو سکیمیں سینیٹرز حضرات نے اس سال میں دے دی تھیں اور جنکی feasibility reports اور cost estimates صوبائی حکومتوں نے بھیج دی ہیں ان کی administrative approval issue ہو گئی ہے۔ اس کی منظوری ۲۸ جون کو صوبائی حکومتوں کو دے دی گئی ہے تاکہ اس کو review کر کے اس پر کام شروع کر سکیں ۔

**قاضی عبداللطیف :** جناب والا ! میری گزارش یہ تھی کہ وہ ۸۸-۸۷ء کے فنڈز ہیں اب تو ۸۹-۸۸ء کا فنڈ شروع ہونے والا ہے یہ سارا سال درمیان میں گزر گیا ہے اس میں ہماری سکیمیں آئی ہوئی ہیں اور بارہا اس کی یاددہانی کرائی گئی ہے تو سال بھر تک ان کو یہ فنڈز کیوں مہیا نہیں کیئے گئے ؟

**جناب سرتاج عزیز :** ۸۹-۸۸ء کے لیئے یہ سکیم جاری نہیں کی جا رہی ہے ....

**جناب چیئرمین :** وہ ۸۸-۸۷ء کی بات کر رہے ہیں ۔

جناب سرتاج عزیز: مجھے انکی سکیموں کا علم نہیں ہے کہ انہوں نے کب submit کی تھیں اور وہ کس کیٹیگری میں آتی ہیں۔ بہرحال جنہوں نے ۸۸-۱۹۸۷ کی سکیمیں داخل کی تھیں اور انکی approval ہو گئی تھی ان پر صوبائی حکومتوں کو اجازت دے دی گئی ہے کہ وہ کام شروع کر دیں۔

جناب چیئرمین: اور اگر approval نہیں ہوئی اور وہ پروسیس میں ہیں تو ان کا کیا حشر ہو گا؟

جناب سرتاج عزیز: اس کے بارے میں اب یہ دیکھا جا رہا ہے کہ اس کا کیا کیا جائے کیونکہ وہ کافی سکیمیں تھیں جو پروسیس میں تھیں لیکن ان کی approval نہیں ہوئی۔

قاضی عبداللطیف: حضرت۔ میرا خیال ہے کہ میرے سوال کا جواب نہیں آیا۔ میں تو پوچھ رہا ہوں کہ وہ سارا سال درمیان میں گزر گیا ہے اور فنڈز مہیا کیوں نہیں کیئے گئے جب کہ ان کی سکیمیں پہنچ چکی تھیں، آپ دیکھ سکتے ہیں کہ انہی ایام کے اندر سکیمیں پہنچ چکی تھیں اور سارے سال میں فنڈز مہیا نہیں کئے گئے، اس کی وجوہات کیا ہیں؟

جناب سرتاج عزیز: دیکھیئے فنڈز کا جہاں تک تعلق ہے وہ صوبائی حکومتوں کو یکمشت طریقے سے سال کے اندر پہنچا دیئے گئے تھے۔ اب سکیموں کو منظور کرانے کا طریقہ کار یہ ہے کہ سکیمیں وزارت دیہی ترقیات کو submit کی جاتی ہیں، وہ صوبائی حکومت کو feasibility reports and revised Cost Estimates کے لیئے بھیج دیتی ہے۔ جب وہاں سے تصدیق ہو کر وہ سکیمیں آ جاتی ہیں پھر صوبائی حکومتوں کے ساتھ meeting کی جاتی ہے اور اس

[Mr. Sartaj Aziz]

meeting کے مطابق وہ ... سکیمیں approve کی جاتی ہیں۔ اور اس سال بھی اب تک ۶۵ کروڑ روپے کی سکیمیں اس کیٹیگری میں آئی ہیں جو approve ہو چکی ہیں لیکن ان پہ کام نہیں شروع ہوا اور انکی منظوری دے دی گئی ہے۔ ممکن ہے کہ سینیٹر صاحب کی سکیمیں دیر سے آئی ہوں اور اس پہ کئی سال گزرنے کا کوئی سوال نہیں ہے اور یہ ایک جاری عمل ہے اور سارا سال چلتا رہا ہے .....

جناب چیئرمین : جہاں تک میں سمجھ سکا ہوں اس کی آپ تردید یا تصدیق کر دیں کہ جہاں تک ۸۸ - ۱۹۸۷ء کا تعلق ہے وہ سکیمیں جو پہنچ چکی ہیں کچھ تو ان سے پروسیس ہو چکی ہیں، approve ہو چکی ہیں، ان کے لیئے فنڈز بھی ریلیز ہو چکے ہیں۔ کچھ جو ہیں وہ ابھی under process ہیں اور جب تک کہ ان کی approval نہیں آتی اتنے تک فنڈز کے ریلیز کا سوال نہیں اٹھتا۔ لیکن اگر یہ approve ہو جائیں تو پھر وہ فنڈز ریلیز ہوں گے یا نہیں ہوں گے ؟

جناب سرتاج عزیز : جی فنڈز جو ہیں وہ block allocation کے طور پر ریلیز ہونے ہیں۔ سکیم بائی سکیم ریلیز نہیں ہوتے اور یہ پیسے چونکہ non-lapsable ہیں اور جو پیسے ہیں وہ بلاک ایلوکیشن میں صوبائی حکومتوں کو پہلے ہی بیشتر ریلیز ہو چکے ہیں اور جتنی سکیمیں approve ہو چکی ہیں ان سے زیادہ ریلیز ہو چکے ہیں کیوں کہ یہ فنڈز بلاک ایلوکیشن ہیں quarterly ریلیز ہونے ہیں کیونکہ یہ non-lapsable

فنڈز ہیں، اس لیئے سکیم بائی سکیم ریلیز نہیں ہوتے لیکن وہ approved سکیمیں ہوں گی تو تب ہی فنڈز خرچ کر سکتے ہیں ورنہ نہیں کر سکتے۔

**جناب چیئرمین:** وہی مطلب ہوا کہ سکیم کو تو پیسے نہیں مل رہے۔

جناب جاوید جبار صاحب۔

**Mr. Javed Jabbar :** Thank you Mr. Chairman.

Will the honourable Minister agree that in applying a cut of date such as the 28th of June to determine the approvability of schemes in the first year itself, Mr. Chairman, this whole process began about 6 to 8 months behind the schedule? It would, therefore, be most unfair to the people of this country if the schemes were arbitrarily discontinued as a result of the action of the 29th of May because the whole implementation process has been six months behind the schedule.

**Mr. Chairman :** Mr. Sartaj Aziz.

**Mr. Sartaj Aziz :** We proceeded step by step. The first was that for the on-going schemes, we authorised that they should be completed within time. The second stage was that the schemes for which the administrative approvals had been issued, the provincial Governments could review them and unless there was some very strong reason they should continue with those also.

The third is that category of schemes in which they have been submitted, they are at various stages of processing but they have not yet been approved. That subject right now is being examined and the Government has not yet taken any decision about it. But as far as 1988-89 *i.e.* the next year is concerned, the scheme has been discontinued. So, we have only this one component item and we are examining whether or not to provide for some review ; as the Senator pointed out different schemes were at different stages, some were under cost estimates, some were under feasibility, some had just been submitted and nothing had been done about them. So, some decision on that would be taken soon.

**Mr. Chairman :** But if you say that funds have been released for 1987-88 to individual provinces and these funds are also non-lapsable, then part of those funds would be utilised for the sanctioned schemes and the remaining funds would be available for expenditure on schemes approved subsequently as a non-lapsable fund. Of course, a decision may not have been taken but this is one of the points which has to be borne in mind.

**Mr. Sartaj Aziz :** A decision in principle was made that whatever amount is left unspent in this programme would be made available to District Councils and local bodies to implement their development programmes as a supplementary resource this year.

**Mr. Chairman :** And not ear-marked for the projects submitted by the MNAs ?

**Mr. Sartaj Aziz :** Even when the projects submitted by MNAs are taken up there will still be some savings in this total budget.

قاضی عبداللطیف : ضمنی سوال جناب والا !

جناب چیئرمین : جی فرمایئے ۔

جناب جاوید جبار : جناب چیئرمین ۔۔۔۔

جناب چیئرمین : یہ سلسلہ جو ہے اس میں اتنے سوالات اٹھیں گے کہ میرے خیال میں سوال و جواب سے اس کا تصفیہ نہیں ہو سکے گا ۔ بہتر طریقہ یہ ہو گا کہ یا تو آپ قاعدہ ۱۹۴ کے تحت اس سارے معاملے کو ڈسکس کریں یا وزیر صاحب ایک statement ایوان میں پڑھ دیں اور اس سے پھر اگر کوئی سوال یا بحث اٹھتی ہے تو وہ کریں ۔

جناب سرتاج عزیز : چونکہ معاملہ زیر غور ہے ، فیصلے ہو جائیں تو پھر کر دیں گے ، ابھی یہ جتنے views ہیں ۔۔۔۔

**Mr. Chairman :** Whatever the correct position is, at least that should be brought to the notice of the House.

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! میں گزارش کروں گا کہ یہ جو اب تک بحث چل رہی تھی یہ تو اس سلسلے میں تھی کہ وہ جو حصہ رہ گیا تھا ، جو یہاں پر جوابات دیئے گئے ہیں اس کے متعلق تو میرے خیال میں تین سوال ابھی تک باقی ہیں اور ان کو تو اب تک آنا چاہیئے ۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں ٹائم بھی ختم ہو رہا ہے لیکن آپ کریں ۔

قاضی عبداللطیف : میری گزارش یہ ہے کہ یہاں پر میں نے یہ گزارش کی تھی کہ صوبے کی طرف سے ہمارے ضلع میں یہ ایک مراسلہ آیا ہے اور اس میں لکھا گیا ہے کہ جو کام کمیٹیوں کے ذریعے سے کرائے گئے ہیں ان سے ۱۸ فیصد کٹوتی کی جائے گی اور اس میں یہ تفصیل بتلائی گئی تھی کہ ۱۵ فیصد کمیشن والی اور تین فیصد انکم ٹیکس ، یہ ان سے ۱۸ فی صد وصول کیا جائے گا اور ۱۸ فیصد جو کام پہلے کر چکے ہیں ان سے بھی دوبارہ وصولی کی جائے گی اس کے متعلق میں نے وضاحت طلب کی تھی۔

جناب چیئرمین : یہ کن سے کیا جائے گا ، کمیٹی ممبرز سے ؟

قاضی عبداللطیف : وہ کام جو کمیونٹی لیڈروں کے ذریعے سے کرائے گئے ہیں ، ٹھیکیدار کے ذریعے سے نہیں ، ان سے کمیشن وصول کی جائے گی ۔

جناب سرتاج عزیز : اس کے بارے میں ہم صوبائی حکومتوں سے معلومات حاصل کریں گے ، یہ اس سوال سے ظاہر نہیں تھا ، اب سوال کی نوعیت زیادہ clear ہے کہ ان پروجیکٹس کی implementation میں overhead charges کی شکل میں ، صوبائی حکومتیں کچھ وصولی کر رہی ہیں ، ممکن ہے departmental supervision کے لیئے یا کسی اور مقصد کے لئے ، اس بارے میں معلوم کر کے پھر میں ممبر صاحب کو بتا دوں گا۔

**جناب چیئرمین :** میرے خیال میں یہ advance payment of taxes کا چکر ہے جیسے ٹھیکیدار سے آپ assume کرتے ہیں کہ اس نے profit بنایا ہے اور ۱۵ فیصد اس کا آپ پرافٹ تصور کرتے ہیں۔ اس پر تین فیصد income tax in advance آپ charge کرتے ہیں تو یہ سکیمیں جو کمیٹی کے through ہوئی ہیں یا community leader جو کوئی اس کا ہے اس کو بھی at par رکھا گیا ہے with contractors ، اسی سرکلر کے تحت قاضی صاحب جس کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ انہوں نے بھی ۱۵ فیصد منافع کمایا ہو گا جس پر تین فیصد انکم ٹیکس due ہے۔ تو غالباً قاضی صاحب اسی کو ریفر کرتے ہیں۔

**قاضی عبداللطیف :** جی میں یہی گزارش کر رہا ہوں۔

**جناب سرتاج عزیز :** اس کو ۱۸ فیصدی کٹوتی کہنا ٹھیک نہیں۔

**جناب چیئرمین :** یہ ۱۸ فیصد کٹوتی نہ ہوئی۔

**قاضی عبداللطیف :** آپ کے نوٹس میں یہ بات رہے کہ ہم نے جو سکیمیں وہاں دی تھیں جو کمیٹی کے ذریعے سے میں نے کام کرائے ہیں ، سکولوں کی عمارت تھی تو ایک کمرے کے لیئے وہاں ہم نے ۸۰ ہزار روپیہ دیا تھا جبکہ ہم نے ٹھیکیدار کے ذریعے سے جو کام کرائے ہیں اس کو ایک لاکھ بائیس ہزار روپیہ دیا ، آپ اندازہ لگائیے کہ وہاں پر ہم نے یہ فرق پہلے بھی رکھدیا تھا جو کمیٹیوں کے ذریعے سے کرائے گئے تھے ان کو ہم نے ۴۰ ہزار روپیہ پہلے ہی کم دیا ہے اور پھر یہ کہا جا رہا ہے ان سے کٹوتی کرلی جائے۔

**جناب چیئرمین :** اگر ایسی کوئی instructions ہیں تو مجھے یقین ہے وزیر صاحب اس کو دوبارہ دیکھ لیں گے لیکن یہ مفروضہ مجھے غلط نظر آتا ہے

کہ ٹھیکیدار تو naturally profit پر کام کرے گا لیکن کمیٹی کے لیئے ضروری نہیں ہے کہ وہ پرافٹ پر کام کرے اور وہی سلوک اس کے ساتھ کیا جائے جو کہ tax purposes کے لیئے ایک ٹھیکیدار سے آپ کرتے ہیں۔

**Mr. Sartaj Aziz :** I will look into this matter and consult the provinces.

(*interruption*)

میر حسین بخش بنگلزئی : جناب میں آپ کی رائے سے بالکل متفق ہوں کہ اسس پر comprehensive statement ہونا چاہیئے اور اس پر کھل کر بحث ہونی چاہیئے ، لیکن میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر صاحب کی خدمت میں صرف ایک explanatory point لانا چاہوں گا اور وہ یہ ہے جناب کہ وہ سکیمیں جو approve ہوگئ ہیں اور ان کے لیئے پیسہ بھی بھیجا گیا ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ آپ نے پیسہ بھیج دیا ہے، کیا آپ یہ بتا سکیں گے کہ ان پر ابھی تک کام کیوں شروع نہیں ہوا ۔

جناب سرتاج عزیز : ہم نے ۲۸ جون کو صوبائی حکومتوں کو authorise کیا تھا کہ ان سکیموں کو review کر کے ان پر کام شروع کریں ، کل ہی اس موضوع پر صوبائی وزیروں سے میری میٹنگ ہوئی کیوں کہ وہ بہت سی clarifications وغیرہ مانگ رہے تھے امید ہے کہ اب کام شروع ہو جائے گا۔

میر حسین بخش بنگلزئی : شکریہ !

میاں امیر حیدر قریشی : جناب چیئرمین ! میں ذاتی طور پر وزیر موصوف سے ملا تھا اور میں نے کہا تھا کہ ہماری کچھ سکیمیں منظور ہو گئی ہیں اور کچھ رہ گئی ہیں ، انہوں نے فرمایا تھا کہ وہ سکیمیں جن کی منظوری ہو گئی ہے وہ مکمل کی جائیں گی لیکن جن کی منظوری نہیں ہوئی ، وہ بند ہیں ان کے لیئے کوئی فنڈز نہیں ملیں گے ۔

جناب چیئرمین : جہاں تک میں سمجھ سکا ہوں جہاں تک ۸۸-۸۷ء کا تعلق ہے فرماتے ہیں کہ اس پر ابھی فیصلہ نہیں ہوا فیصلہ کے بعد ان کو بھی ممکن ہے کہ فنڈز مہیا کر دیں ۔

میاں امیر حیدر قریشی : یہ ساری سکیمیں ۱۹۸۷ - ۸۸ء کی ہیں جناب ۔

**Mr. Chairman :** I think it will be a good thing if a comprehensive statement in some form is made or this issue is taken up separately in the committee or under Rule 194.

**Mr. Sartaj Aziz :** Right, Sir.

نوابزادہ جہانگیر شاہ : میں صرف ایک سوال کی اجازت چاہوں گا اور صرف یہ پوچھوں گا کہ حکومت نے ان سکیموں کو جو بند کیا ہے اس سلسلے میں اس نے کوئی تجزیہ کیا ہوا ہے کہ یہ پبلک کے حق میں تھیں یا پبلک کے حق میں نہیں تھیں ۔ اگر حق میں تھیں تو ان کو کیوں بند کیا گیا ۔ اگر ٹھیک نہیں تھیں تو اس کی کچھ وجوہات بتاتے کہ اس لیئے ہم نے یہ سکیمیں بند کر دیں ، ان پر کوئی انکوائری یا ایسی کوئی چیز ہوئی یا نہیں ۔

جناب سرتاج عزیز : اسمبلی چونکہ dissolve ہو گئی تھی تو ظاہر ہے کہ یہ سکیمیں ایم ۔ این ۔ ایز کے through تھیں تو ایک حلقے کے لیئے جاری رکھنا جو ہے وہ مناسب نہیں تھا ۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ : وہ جو زندہ ہے اس کا کیا ہوگا۔

جناب سرتاج عزیز : نئی اسمبلی آئے گی تو پھر دیکھیں گے۔

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, the dissolution of the Assembly cannot affect the rights of the members of the Senate and even if it is not a right, it is an understanding.

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, I draw your attention to the statement made earlier by Mr. Javed Jabbar wherein he had been arguing vociferously that the dissolution of the Assembly had affected rights of this House and we were saying that it has not. Today, I am glad that he has accepted my point of view.

**Mr. Javed Jabbar :** Point of order, Sir. I am making a very basic distinction between constitutional rights and development rights. I am talking of the development for the people of Pakistan not for the benefit of the members of this House.

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, no explanation is needed.

**Mr. Chairman :** But this is one of the points that he is trying to make that in the process the schemes which have been recommended by the Senators have also gone by default which means that the dissolution of the Assembly to that extent affected the rights of the Senate also.

Any way this brings us to the end of the Question Hour. The rest of the questions would be taken as read.

PROVINCE-WISE PERCENTAGE OF THE T&T EMPLOYEES

† 93. *** Mr. Muhammad Tariq Chaudhry :** Will the Minister for Communications be pleased to state the grade-wise and province-wise percentage of employees in grade 1 to 22 working in Telegraph Department of Pakistan indicating also the names, grades and place of permanent residence of the employees serving in grade 15 and above belonging to Baluchistan ?

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak :** (1) Category-wise percentage of employees from grade 1 to 22 of each province is placed on the table of the House.

(2) Statement giving names, grades and place of permanent residence of T&T employees from B-15 to B-21 belonging to Baluchistan is placed on the table of the House.

†Question Hour being over, the remaining questions and answers were placed on the table of the House.

PERCENTAGE OF T&T EMPLOYEES

| Grade | NWFP | Punjab | Sindh (U) | Sindh (R) | Baluchistan | NA FATA | A.K. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| B—1 .. | 14.47% | 41.08% | 31.00% | 7.32% | 4.37% | 0.35% | 1.37% |
| B—2 .. | 7.46% | 35.52% | 35.22% | 15.22% | 5.67% | 0.29% | 0.59% |
| B—3 .. | 12.30% | 60.16% | 20.03% | 1.79% | 4.86% | 0.19% | 0.63% |
| B—4 .. | 13.15% | 45.31% | 21.84% | 11.53% | 7.04% | 0.53% | 0.56% |
| B—5 .. | 11.37% | 43.38% | 35.70% | 6.04% | 2.56% | 0.42% | 0.49% |
| B—6 .. | 19.34% | 14.46% | 63.47% | — | 1.26% | 0.36% | 1.08% |
| B—7 .. | 13.66% | 46.80% | 24.44% | 8.76% | 6.02% | 0.13% | 0.16% |
| B—8 .. | 11.32% | 47.15% | 28.33% | 7.79% | 4.79% | 0.39% | 0.19% |
| B—9 .. | 1.42% | 62.30% | 28.73% | 3.55% | 3.84% | — | 0.14% |
| B—10 .. | 11.62% | 25.58% | 40.69% | 3.48% | 17.44% | — | 1.16% |
| B—11 .. | 11.14% | 49.86% | 28.55% | 6.55% | 3.44% | 0.30% | 0.13% |
| B—12 .. | 9.88% | 55.36% | 25.70% | 7.06% | 1.41% | — | 0.56% |
| B—13 .. | 1.06% | 61.70% | 31.91% | 3.19% | 1.59% | — | 0.53% |
| B—14 .. | — | 40.00% | 60.00% | — | — | — | — |
| B—15 .. | 5.46% | 69.53% | 21.87% | 0.78% | 1.56% | — | 0.78% |
| B—16 .. | 10.17% | 51.58% | 30.20% | 3.81% | 3.33% | 0.63% | 0.23% |
| B—17 .. | 5.95% | 62.17% | 23.57% | 4.40% | 2.84% | 0.77% | 0.25% |
| B—18 .. | 24.84% | 40.56% | 20.44% | 5.34% | 5.03% | 2.83% | 0.94% |
| B—19 .. | 12.50% | 70.00% | 8.75% | 5.00% | 3.75% | — | — |
| B—20 .. | — | 56.25% | 31.25% | 12.50% | — | — | — |
| B—21 .. | — | 100.00% | — | — | — | — | — |
| Total .. | 12.52% | 47.03% | 26.73% | 7.80% | 5.11% | 0.33% | 0.44% |

STATEMENT OF T&T EMPLOYEES FROM B—1 TO B—21 PROVINCE-WISE

| Grade | NWFP | Punjab | Sindh (U) | Sindh (R) | Baluchistan | NA/FATA | A.K. | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| B— 1 | 0652 | 1851 | 1397 | 330 | 197 | 16 | 62 | 04505 |
| B— 2 | 0025 | 0119 | 0118 | 051 | 019 | 01 | 02 | 00335 |
| B— 3 | 0253 | 1237 | 0412 | 037 | 100 | 04 | 13 | 02056 |
| B— 4 | 0926 | 3190 | 1538 | 812 | 496 | 38 | 40 | 07040 |
| B— 5 | 0160 | 0610 | 0502 | 085 | 036 | 06 | 07 | 01406 |
| B— 6 | 0107 | 0080 | 0351 | 000 | 007 | 02 | 06 | 00553 |

| Grade | NWFP | Punjab | Sindh(U) | Sindh(R) | Baluch-istan | NA/ FATA | A.K. | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| B—7 | 1548 | 5303 | 2770 | 993 | 683 | 15 | 19 | 11331 |
| B—8 | 0629 | 2618 | 1573 | 433 | 266 | 22 | 11 | 05552 |
| B—9 | 0010 | 0438 | 0202 | 025 | 027 | 00 | 01 | 00703 |
| B—10 | 0010 | 0022 | 0035 | 003 | 015 | 00 | 01 | 00086 |
| B—11 | 0478 | 2139 | 1225 | 281 | 148 | 13 | 06 | 04290 |
| B—12 | 0035 | 0196 | 0091 | 025 | 005 | 00 | 02 | 00354 |
| B—13 | 0002 | 0116 | 0060 | 006 | 003 | 00 | 01 | 00188 |
| B—14 | 0000 | 0002 | 0003 | 000 | 000 | 00 | 00 | 00005 |
| B—15 | 0007 | 0089 | 0028 | 001 | 002 | 00 | 01 | 00128 |
| B—16 | 0128 | 0649 | 0380 | 048 | 042 | 08 | 03 | 01258 |
| B—17 | 0023 | 0240 | 0091 | 017 | 010 | 03 | 01 | 00385 |
| B—18 | 0079 | 0129 | 0065 | 017 | 016 +1 | 09 | 03 | 00318 +1 |
| B—19 | 10 | 56 | 7 | 4 | 3 | — | — | 80 |
| B—20 | — | 9 | 5 | 2 | — | — | — | 16 |
| B—21 | — | 1 | — | — | — | — | — | 1 |
| Total : | 5082 | 19094 | 10853 | 3170 | 2075 + 1 | 137 | 179 | 40590 +1 |

## LIST OF OFFICERS WITH NAMES, GRADES AND PLACE OF RESIDENCE BELONGING TO BALUCHISTAN

| S. No. | Name & Designation | Place of Residence |
|---|---|---|
| **B-15** | | |
| 1. | Abdul Malik, Stenographer. | Quetta. |
| 2. | Abdul Latif, Stenographer. | Quetta. |
| **B-16** | | |
| 1. | Ahmed Jamil, Asstt. Director. | Quetta. |
| 2. | Yousuf Ali, A.D. (Admn.). | " |
| 3. | Ghulam Nabi, Asstt. Director. | " |
| 4. | Muhammad Ishaque, Asstt. Director. | Chaghi. |
| 5. | Mahboob Ali, Public Relation Officer. | Kalat. |

| S. No. | Name & Designation | Place of Residence |
|---|---|---|
| 6. | Abdul Mehdi, Asstt. Director. | Quetta. |
| 7. | Z. H. Naqvi, E.S. as Asstt. Director. | ,, |
| 8. | S. Muhammad Hussain Nazar, Asstt. Engineer. | Bahawal Nagar. |
| 9. | Muhammad Afzal, E.S. as Asstt. Engineer. | Quetta. |
| 10. | Alam Gul Durrani, Asstt. Engineer. | ,, |
| 11. | Muhammad Yousuf, E.S. as Asstt. Engineer. | ,, |
| 12. | Ghulam Hamid Khan, Sub Divisional Officer. | ,, |
| 13. | Tajuddin, E.S. as Asstt. Engineer. | ,, |
| 14. | Noor Muhammad, Asstt. Engineer. | Pishin. |
| 15. | Waris Ali, E.S. as Asstt. Engineer. | Quetta. |
| 16. | Mushtaq Ahmed, E.S. as Asstt. Engineer. | ,, |
| 17. | Muhammad Malik, E.S. as Asstt. Engineer. | ,, |
| 18. | Muhammad Nasim Khan, E.S. as Sub Divisional Officer. | ,, |
| 19. | Manzoor Hussain Bhatti, E.S. as Asstt. Engineer. | ,, |
| 20. | Muhammad Yousuf Jamali, E.S. as Sub Divisional Officer. | Kachi. |
| 21. | Imtiazuddin, E.S. as Asstt. Engineer. | Quetta. |
| 22. | Sharfuddin Tareen, Asstt. Director. | Pishin. |
| 23. | Muhammad Shafique, E.S. as Asstt. Engineer. | Quetta. |
| 24. | Matloob Hasan, Asstt. Engineer. | ,, |

| S. No. | Name & Designation | Place of Residence |
|---|---|---|
| 25. | Abdul Rehman, Asstt. Engineer. | Quetta. |
| 26. | Mukhtar Ali, E.S. as Asstt. Engineer. | ,, |
| 27. | Younas Ali Rizvi, E.S. as Asstt. Engineer. | ,, |
| 28. | Ghulam Mustafa, E.S. as Asstt. Engineer. | Sibi. |
| 29. | Abdul Hafiz Butt, Supdt.CTO, Quetta. | Quetta. |
| 30. | Rafiq Ahmed, Acctt. WTR, Quetta. | ,, |
| 31. | Azizur Rehman, Accountant. | ,, |
| 32. | Habibur Rehman, As as Accountant. | Mansehra. |
| 33. | Khalid Mohyibuddin, E.S. as Asstt. Engineer. | Quetta. |
| 34. | Saeed Hussain Shah, Accountant. | Nasirabad. |
| 35. | S. Akhtar, Asstt. Engineer. | Karachi. |
| 36. | Raja Aurangzeb, Asstt. Engineer. | Village Joulay P.O. Sukho District Rawalpindi |

NAMES, GRADES AND PERMANENT RESIDENCE OF OFFICERS BELONGING TO BALUCHISTAN

| S. No. | Name & Designation | Place of Residence |
|---|---|---|
| **B-17** | | |
| 1. | Mr. Ikram-ul-Haq Siddiqui, A.O. WTR, Quetta. | Quetta, (Baluchistan). |
| 2. | Mr. Shah Muhammad, ADE (Insp.) WTR, Quetta. | Pishin, (Baluchistan). |
| 3. | Mr. Muhammad Ashraf, ADE KTR; Karachi. | Quetta, (Baluchistan). |

| S. No. | Name & Designation | Place of Residence |
|---|---|---|
| 4. | Mr. Muhammad Shafi, ADE M/W Dev., Loralai. | Quetta, (Baluchistan). |
| 5. | Syed Anwar Shah, ADE, I.G.E., Islamabad. | Zhob, (Baluchistan). |
| 6. | Mr. Aziz-ud-Din, Asstt. Director (I & EC) T&T, Dte-General, Islamabad. | Loralai, (Baluchistan). |
| 7. | Nisar Ahmad Ch., ADE (Training) TSC, Haripur. | Quetta, (Baluchistan). |
| 8. | Mr. Gohar Khan, ADE (Proby). | Khuzdar, (Baluchistan). |
| 9. | Mr. Arshad Fiaz, ADE (Proby). | Zhob, (Baluchistan). |
| 10. | Qazi Muhammad Ismail, A.D.E. | Chaghi, (Baluchistan). |
| 11. | Abdul Hafiz Baluch, A.D.E. | Kachi, (Baluchistan). |
| 12. | Ghulam Rasool Bugti, A.D.E. | Dera Bugti, (Baluchistan). |
| 13. | Habib-ur-Rehman, A.D.E. | Quetta, (Baluchistan). |
| 14. | Muhammad Ali Baluch, A.D.E. | Kharan, (Kalat), Baluchistan. |
| 15. | Ahmad Shah, A.D.E. | Quetta, (Baluchistan). |
| **B-18** | | |
| 1. | Mr. Noor Hussain Malik, D.E. (Estt.) T&T, Dte-Genl., Islamabad. | Pishin, (Baluchistan). |
| 2. | Mr. Mehmood-ul-Haq, D.E. KTR., Karachi. | Quetta, (Baluchistan). |
| 3. | Mr. Muhammad Rahim Sheikh, D.E. (Dev. III) KTR, Karachi. | Kalat, (Baluchistan). |
| 4. | Mr. Muhammad Ismail Magsi, D.E. (O&M) Digital WTR., Quetta. | Kachhi. (Baluchistan). |
| 5. | Mr. Muhammad Shafi Kurd, D.E. (Insp.) WTR., Quetta. | ,, ,, |

| S. No. | Name & Designation | Place of Residence |
|---|---|---|
| 6. | Mr. Muhammad Suleman Magsi, D.E. (Telegraph), Khuzdar. | Kachhi, (Baluchistan) |
| 7. | Mr. Nazir Ahmad Khan, D.E. (Phones), WTR., Quetta. | ” ” |
| 8. | Mr. Ashfaq Ahmed Khoso, D.E. M/W. Dev., Quetta. | ” ” |
| 9. | Mr. Himat Ali Jakhrani, D.E. KTR., Karachi. | ” ” |
| 10. | Mr. S. Imtiaz Hussain Zaidi, D.E. (Phones), SITE, Karachi. | Kalat (Baluchistan). |
| 11. | Mr. Aftab Ahmad Kari, D.E. IGE., Karachi. | Quetta, (Baluchistan). |
| 12. | Mr. Ghulam Nabi Khan, D.E. (Planning) WTR., Quetta. | Zhob, (Baluchistan). |
| 13. | Mr. Mazhar-ud-Din, D.E. M/W. Mtce., WTR., Quetta. | Quetta, (Baluchistan). |
| 14. | Mr. M. A. Farooqi, D.E. (Telegraphs), WTR., Quetta. | ” ” |
| 15. | Mr. Latifullah Shah, D.E. (Dev.), WTR., Quetta. | ” ” |
| 16. | Mr. Amir-ud-Din Ahmad Kazmi, D.E. (Telegraph) Testing, Karachi. | Pishin, (Baluchistan). |
| 17. | Mr. Abdur Rehman Gilzai, A.G.M. WTR., Quetta. | Loralai, (Baluchistan). |
| **B-19** | | |
| 1. | Mr. Muhammad Akram, Director (Plg. L/S) T&T Dte-General, Islamabad. | Quetta, (Baluchistan). |
| 2. | Mr. Iftikhar Ahmad Raja, Director Telegraphs, Faisalabad. | ” ” |
| 3. | Mr. M. Mashkoor Hussain, Director Phones-III, KTR., Karachi. | ” ” |
| **B-20** | — Nil. — | — Nil. — |
| **B-21** | — Nil. — | — Nil. — |

## RESERVED SEATS FOR BALUCHISTAN

94. ***Mr. Muhammad Tariq Chaudhry :** Will the Minister for Education be pleased to state whether it is a fact that the seats reserved for the candidates from Baluchistan in different Engineering Institutions and Cadet Colleges have been cancelled; if so. the reasons therefor ?

**Sardar Wazir Ahmed Jogezai :** (I) Seats in Engineering Institutions.

No. However, the NED University of Engineering and Technology, Karachi has cancelled one seat in Computer Engineering allocated for the candidate from Baluchistan for the reason that its nominee should be admitted in the Baluchistan Engineering College, Khuzdar on reciprocal basis. The matter is being further taken up with NED University authorities for retaining the seat without any condition.

(II) Seats in Cadet Colleges/Public Schools.

No seats in Cadet Colleges/Public Schools have been cancelled. However, the Executive Committee of the National Economic Council (ECNEC) have not approved the scheme for talented students as yet and have directed that no fresh admission should be made under this scheme pending its formal approval by the competent authority. Moreover, on self-financing basis Baluchistan have been provided 18 seats on open competition outside the scheme in addition to 10 seats reserved on reciprocal basis and 50 seats in their own Cadet College at Mastung. This makes the provision of 78 seats for Baluchistan.

## FINAL PAYMENT CASES DELAYED IN A. G. P. R.

95. ***Mr. Muhammad Tariq Chaudhry :** Will the Minister for Communications be pleased to state the total number of pension, family pension, G.P. Fund and Gratuity cases pending in the T&T department separately, indicating also the number of such cases pending in the office of Director Accounts, Lahore, with reasons of dealy, if any ?

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak :** The total number of pension, family pension and G.P.F. final payment cases pending settlement in T&T Department is given below : (Pension also includes gratuity).

| | | |
|---|---|---|
| (i) | Pension cases .. .. .. .. .. | 128 |
| (ii) | Family Pension cases .. .. .. .. .. | 22 |
| (iii) | GPF cases .. .. .. .. .. .. | 62 |

2. The number of cases pending in the office of Director T&T Accounts Lahore alone is as follows :—

| | | |
|---|---|---|
| (i) | Pension cases .. .. .. .. .. .. | 14 |
| (ii) | Family Pension cases .. .. .. .. .. | 2 |
| (iii) | GPF cases .. .. .. .. .. .. | 28 |

3. The main reasons of delay in settlement of pension cases are (i) Non-submission/late submission of applications by the Pensioners/legal representatives (ii) calculation of interest on loans and advances (iii) time consumed in service verification and pay fixation where the same have not been got verified from Director T&T Accounts Lahore.

4. The main reasons of delay in case of GPF final payment cases are (i) Non-submission/late submission of refund applications (ii) missing of credits/debits due to transfer of employees to different Regions/Divisions (iii) tracing refundable/non-refundable advances taken during entire service of the employees and (iv) want of heirship certificates etc.

5. I assure the honourable Member that strict orders have been issued to see to it that pension and other dues are paid on most urgent basis. Steps are also being taken to initiate pension cases a year before the person retires so that there is no delay whatsoever in payments of their dues to the pensioners.

ALLOCATION FOR TABLEEG-E-ISLAM

36. ***Qazi Abdul Latif :** Will the Minister for Education be pleased to state :

(a) the total amount allocated for *'Tableeg-e-Islam'* during the year 1985—88 with year-wise and province-wise break up ;

(b) how much of the annual allocation was spent within the country and how much abroad, together with details of the mode, manner and specific branch of *Tableeg* for which and the names of the persons through which the amount was spent ; and

(c) whether it is a fact that the allocations in question are spent through the Education Ministry/Departments and not through the Religious Affairs Division and if so, the reasons for the same?

***Sardar Wazir Ahmed Jogezai :** The information is being collected and will be placed on the Table of the House as soon as it is available.

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : جناب سید افتخار علی بخاری نے اپنی ذاتی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۲ اگست کے لیئے رخصت کی درخواست کی ہے، کیا ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : صاحبزادہ سلطان عبدالمجید نے ناسازئ طبع کی بنا پر ایوان سے ۲ اگست کے لیئے رخصت کی درخواست کی ہے، کیا ایوان انکی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : خواجہ محمد حمیدالدین سیالوی نے اپنی ذاتی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۴ تا ۹ اگست رخصت کی درخواست کی ہے، کیا ایوان انکی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

ADJOURNMENT MOTIONS

**Mr. Chairman :** Adjournment motions No. 72 and 83, standing in the name of Mr. Tariq Chaudhry and Qazi Abdul Latif Sahab.

**Mr. Javed Jabbar :** Mr. Chairman, point of order, Sir. I believe there was a whole-sale massacre of our adjournment motions on last Private Members' Day.

**Mr. Chairman :** I think massacre would not be a correct word to use but certainly all those motions of which the sponsors were not present and who had not given any notice that they would be absent or applied for leave, were dropped. This is the correct position.

**Mr. Javed Jabbar :** Mr. Chairman, the Secretary of the Senate will confirm that three days before I telephoned him from outside Islamabad requesting him to convey that I would not be able to be present on Sunday. So, it would not be appropriate to say Mr. Chairman, that I did not inform. I did convey this information.

**Mr. Chairman :** The information that reached us was that you would be available on Sunday and that is why these were kept pending. At any rate that is a past story.

جناب طارق چوہدری صاحب یہ آپ کی تحریک مولانا اسلم قریشی کی اچانک برآمدگی سے متعلق ہے۔

(I) RE: SUDDENT RE-APPEARANCE OF MAULANA ASLAM QURESHI OF SIALKOT

جناب محمد طارق چوہدری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ عوامی اہمیت کے حامل اس قومی مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے۔ مولانا اسلم قریشی کی روپوشی سے ملک بھر میں ایک اقلیتی فرقے کے خلاف مسلمانوں میں شدید بے چینی پیدا ہو گئی تھی اور یہ مسئلہ مہینوں پاکستان کی انتظامیہ کے لیئے دردِ سر بنا رہا، ملک میں اقلیت اور اکثریت کے مابین تصادم کی صورت حال پیدا ہوئی۔ بے شمار لوگ تشدد کا نشانہ بنے اور بہت سی املاک کو نقصان پہنچا۔ اب یہ سب کچھ ہو گزرنے کے بعد اسلم قریشی منظر عام پر آ گئے ہیں۔ اتنے عرصے تک وہ کہاں روپوش رہے، کیا کرتے رہے، یہ ایک اہم سوال ہے جس کا جواب ملک بھر کے عوام کو جلد از جلد جان لینا چاہیئے اور ملک کی امن و سلامتی برباد کرنیوالے اس فردِ واحد کے اقدام کو زیر بحث لایا جانا چاہیئے تاکہ آئندہ کے لیئے ایسی صورت حال کا تدارک ممکن ہو سکے۔

جناب چیئرمین: قاضی صاحب، آپ بھی اپنی تحریک پڑھ دیجئے۔

قاضی عبداللطیف: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینیٹ کی معمول کی کارروائی روک کر اس اہم حالیہ وقوع پذیر فوری اہمیت کے حامل مسئلہ پر ایوان کو اظہار خیال کا موقع دیا جائے۔" ۱۹ جولائی ۱۹۸۸ء مولانا اسلم قریشی کی اچانک برآمدگی پولیس اور قادیانیوں کا ڈرامہ ہے تحقیقات ہائی کورٹ کے جج سے کرائی جائے۔ مرکزی مجلس تحفظ ختم نبوت" جناب والا! یہ ایک انتہائی اہم مسئلہ ہے، آپ کو معلوم ہے کہ مولانا کی گمشدگی پر مسلمانوں نے ملک گیر تحریک چلائی تھی جس میں تمام مکاتب فکر کے علماء، دانشور وکلاء اور عام مسلمان جوش و خروش سے شریک تھے۔ اب اچانک اس کی برآمدگی اور پھر پولیس کی تحویل میں اس سے بیانات دلوانا اس کی کردار کشی کے مترادف ہے۔ اسے رہا کر کے ہائی کورٹ کے جج کے ذریعے صحیح صورتحال ملک کے سامنے لائی جائے تاکہ شبہات میں اضافہ نہ ہو۔

ملک نسیم احمد آہیر: میں فی الحال اس کو oppose تو نہیں کر رہا لیکن میں کچھ وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں پہلے ان سے وضاحت طلب کر لیں۔ مولانا سمیع الحق صاحب آپ بھی اس پر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ پہلے طارق چوہدری صاحب ایڈمسبلٹی پر وضاحت کر لیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: اس بارے میں مجھے کچھ زیادہ نہیں کہنا ہے کیونکہ میں صرف یہی جاننا چاہوں گا کہ اصل صورت حال کیا ہے کیوں کہ اس بارے میں بڑی ہی متضاد قسم کی آراء اور متضاد قسم کی خبریں آ رہی ہیں۔ بظاہر یہ ایسے ہی لگتا ہے کہ مولانا اسلم قریشی کی ابتدائی جو

رپورٹیں ہمارے سامنے آئی ہیں کہ وہ از خود غائب کہیں ہو گئے اور اس بارے میں افواہ پھیلا دی گئی اور بعد میں وہ دوسرا پاسپورٹ بنواتے ہوئے پکڑے گئے اور پولیس کی تحویل میں پہنچے۔ اس کے بعد انہوں نے اعتراف کیا کہ میں اتنا عرصہ تک ایران میں روپوش رہا ہوں بلکہ انہوں نے یہ بھی کہا کہ میرے پاس خبریں آتی رہیں اور میں پڑھتا رہا اور قادیانیوں کو صفحۂ ہستی سے مٹ جانا چاہیئے، اس طرح کی باتیں۔ اب بعد میں اس کے بارے میں دوسرا version آنا شروع ہوا ہے اور مجھے اسی بات سے دلچسپی ہے کہ واقعتاً صورت حال کیا ہے، اس کی وضاحت کردی جائے، اور جو آدمی حقیقتاً مجرم ہے اس کو بالکل کڑی سزا دی جائے اس لیئے کہ یہ معمولی واقعہ نہیں ہے کہ جو آدمی چاہے زیر زمین چلا جائے اور پورے ملک کے لیئے اور پوری انتظامیہ کے لیئے بلکہ فرقوں کے درمیان اقلیت اور اکثریت کے درمیان ایک مستقل تنازعے کی شکل اختیار کرلے۔

جناب چیئرمین: جناب قاضی صاحب۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! میں اتنی گزارش کروں گا کہ اسلم قریشی صاحب کو لاکر ایک ہفتہ تک پولیس کی تحویل میں رکھا گیا، اس کے بعد اچانک ان سے پولیس کی موجودگی میں بیانات دلوائے گئے اور پھر یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ یہ بیانات واقعتاً ان کی رضامندی سے ہیں یا جبر سے ہیں۔ اس کے بعد ان کو باقاعدہ پولیس کی تحویل میں رکھا گیا ہے اور آج تک وہ جیل میں ہیں۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ اگر وہ مجرم ہیں تو انہیں سزا نہ دی جائے لیکن اس کی تحقیقات ہونی چاہیئے کہ وہ کیسے گئے، کہاں گئے، اتنی مدت تک وہ کہاں رہے۔ اگر اس کی تحقیقات ہائیکورٹ کے جج سے کرائی جائے

تو میرا خیال ہے سارا ملک اس سے مطمئن ہو جائے گا۔ اگر صرف پولیس کے ذریعے سے بیانات دلوائے گئے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ صرف ان کی کردار کشی کی جا رہی ہے اس طرح ملک کے اندر کسی صورت میں بھی بھلے کی صورت پیدا نہیں ہو سکتی اس لیئے میں گزارش کروں گا کہ اس کی وضاحت کی جائے۔ اگر وہ یہ یقین دہانی کرا دیں کہ کسی جج کے ذریعے تحقیقات کرائی جائے گی تو یہ زیادہ اطمینان کا باعث ہو گا۔

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب مولانا سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جناب چیئرمین صاحب! یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس سے مسلمانوں کے جذبات وابستہ ہیں اور اسے حق و باطل کا ایک معیار بنا لیا گیا ہے۔ اصل میں اکثر ممبران کے ذہن میں اس کا پس منظر نہیں ہو گا۔ اسلم قریشی صاحب ایک عام آدمی نہیں تھے وہ پوری زندگی قادیانیوں کے خلاف سرگرم عمل رہے، دعوت و تبلیغ کرتے رہے اور یہ وہ شخص ہے جس نے (قائمقام صدر) ایم ایم احمد پر اسلام آباد میں ایک لفٹ میں قاتلانہ حملہ کیا تھا۔ بعد میں ان پر مقدمہ چلا، راجہ ظفر الحق اور وکلاء کی بہت اچھی ٹیم ان کے مقدمے کو لڑتی رہی اور الحمد للہ انہیں باعزت بری کر دیا گیا۔ بعد میں انہوں نے ربوہ کو اپنی جدوجہد اور پرامن سرگرمیوں کا نشانہ بنایا اور ان کا اچانک اغوا ہو جانا بظاہر یہی خیال تھا کہ جس شخص کی صبح و شام ساری زندگی قادیانیوں کے خلاف جہاد میں گزری، اس کو قادیانیوں نے کہیں اغوا کر لیا ہے۔ چار پانچ سال تک اس کا کہیں پتہ نہیں چلا، اب اچانک وہ ٹیلی ویژن پر نمودار ہوا اور اس سے بیانات دلوائے گئے اور اس کو پوری دنیا میں قادیانیوں نے

اپنی حکانیت کا مسئلہ بنا دیا ہے اور آپ کے علم میں ضرور ہو گا کہ اس وقت مرزا طاہر کی طرف سے پورے ملک میں مباہلہ کے چیلنج کے پمفلٹ تقسیم کیئے جا رہے ہیں۔ میرے اور بہت سے دیگر ممبران کے پاس وہ پیکٹ اور پمفلٹ آ رہے ہیں۔ یہ مسئلہ ایک سو سال سے مسلمانوں کے جذبات اور ایمان وحمیت کے لیئے ایک چیلنج بنا ہوا ہے۔

اب صاف بات یہ ہے کہ ایک شخص اگر آ گیا ہے تو اس کو اپنے گھر آنا چاہیئے تھا، اس کو اپنے بچوں کے پاس آنا چاہیئے تھا، وہ چار پانچ سال کے بعد پولیس کے پاس کیوں پہنچا ہے۔ پھر پولیس نے اب تک اس کو حراست میں رکھا ہوا ہے۔ ہمارا مطالبہ یہ ہے کہ اسے تحفظ ختم نبوت جو قادیانی مسئلے پر عالمی تنظیم ہے، اس کے حوالے کیا جائے کہ وہ اصل حقائق سامنے لائے۔ اب اخبارات میں جو بھی خبر آ رہی ہے وہ متضاد ہے۔ کل ہی نوائے وقت میں آیا ہے کہ اس نے عدالت میں انکار کر دیا ہے کہ پولیس جبراً مجھے تشدد کا نشانہ بنا کر بیانات دلوا رہی ہے۔ یہ کل کے نوائے وقت میں ہے کہ اس کو عدالت میں پیش کیا گیا، اس نے تمام باتوں کی تردید کی پھر اس نے کہا کہ میں اس پولیس کے سامنے کوئی بات نہیں کروں گا مجھے تمام مسلمان رہنماؤں کے سامنے لے جائیں میں وہاں بات کروں گا۔ آج بھی آیا ہے کہ اس پر جیل میں بھی تشدد ہو رہا ہے۔ اس نے کھانا کھانے سے انکار کر دیا ہے۔ ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ یہ ایک شخص کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ اس وقت اسلام اور قادیانیت کے لئے ایک انتہائی نازک مسئلہ بن گیا ہے۔ اس کو فوری طور پر ہائیکورٹ کے سامنے پیش کیا جائے یا اپنے ورثاء کے

[Maulana Sami-ul-Haq]

سامنے یا مجلس تحفظ ختم نبوت کے سامنے جن کا باقاعدہ وہ تنخواہ دار مبلغ تھا، پیش کیا جائے تاکہ حقائق سامنے آجائیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب وزیر صاحب۔

ملک نسیم احمد آہیر: شکریہ! جناب چیئرمین! میں اس سلسلے میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں مولانا اسلم قریشی صاحب کی جو گمشدگی تھی اس نے ملک میں کافی ہیجان برپا کئے رکھا اور بہت سے لوگوں کو اس سلسلے میں تفتیش میں بھی شامل کیا گیا اور پانچ سال تک یہ مسئلہ لوگوں کے ذہنوں میں کافی اشتعال پیدا کرتا رہا اور بہت سے لوگوں سے اس سلسلے میں تفتیش بھی کی گئی۔ اب جو واقعات سامنے آئے ہیں وہ کچھ اس قسم کے ہیں۔ زاہدان میں پاکستان کے جو کونسلر تھے ان کے اس tip پر کہ مولانا اسلم قریشی صاحب پاکستان میں داخل ہو رہے ہیں۔ پاکستان کی سپیشل برانچ نے ان کو راستے میں گرفتار کر لیا ان کی تفتیش کی اور انہوں نے وہاں خود اس بات کا اعتراف کیا کہ میں نے پانچ سال سے اپنے گھریلو معاملات اور پریشانیوں کی وجہ سے ہجرت کر لی اور یہاں سے روپوش ہو گیا اور یہ period جو ہے وہ میں نے ایران میں گزارا اور ایران میں جنگ میں شریک رہا۔

جناب! اب یہ ایک ایسا معاملہ ہے جو مولانا اسلم قریشی صاحب جیسے جید عالم دین سے جنہوں نے تحریک ختم نبوت میں انتہائی اہم کردار ادا کیا اور قادیانیوں کے خلاف نفرت اور عملی اقدامات اٹھائے، سے متعلق ہے، یہ بات بھی درست ہے کہ انہوں نے Acting President پر نہیں بلکہ ایم ایم احمد پر جو ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن تھے، حملہ کیا تھا اور ان کو بری بھی نہیں کیا گیا تھا، بلکہ چودہ سال کی قید ہوئی تھی اور تین سال گزرنے کے بعد، کچھ وجوہات کی بنا پر

رہائی ملی، اب جناب یہ تمام معاملہ بڑا پیچیدہ ہے۔ ایک تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ مولانا صاحب کو اگر باقی معاملات سے دلچسپی نہیں تھی، تو کم از کم انہوں نے اپنے گھر والوں کو تو پریشان نہ کیا ہوتا۔ ان کو تو کسی قسم کی اطلاع کہیں سے بھجوا دی ہوتی۔ وہ خود کہتے ہیں کہ تہران میں قیدی نہیں تھا بلکہ میں ایک آزاد شہری تھا۔ اس طرح اگر وہ اپنے گھر والوں کو اطلاع کر دیتے تو ان لوگوں پر جن پر تشدد ہوا، وہ نہ ہوتا۔ چونکہ پاکستان کے اندر مسلمانوں کی حکومت ہے، مسلمانوں کے جذبات جو اس معاملہ میں ہیں وہ بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ختم نبوت کا جو معاملہ ہے، یا تحفظ ناموس رسالت کا معاملہ، اس پر یہاں کسی قسم کا کوئی اختلاف نہیں۔ ان کو از خود یہ احساس کرنا چاہیئے تھا کہ ان کے روپوش ہونے سے جن لوگوں کو پریشانی ہو رہی ہے، ایک عالم دین ہونے کی حیثیت سے یہ ان کا فرض بنتا تھا کہ ان کی وجہ سے لوگوں کو تکلیف نہ پہنچے۔ لیکن یہ بتاتے ہوئے مجھے افسوس ہوتا ہے کہ انہوں نے ایسا نہیں کیا۔ ان کو کم از کم یہ کرنا چاہیئے تھا کہ اس بارے میں کسی نہ کسی شکل میں کسی نہ کسی کو اطلاع دے دینی چاہیئے تھی کہ میں یہاں موجود ہوں۔ کم از کم اپنے گھر والوں کو تو بتا دیتے۔

جناب یہ بات کہ پولیس نے تشدد کروا کر ان سے بیان لیا جا رہا ہے، تو میں آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں حکومت مسلمانوں کی ہے، اگر کوئی ہمدردی ہو سکتی ہے اس حکومت کو، تو مولانا اسلم قریشی سے ہو سکتی ہے، قادیانیوں سے بہر حال نہیں ہو سکتی۔ اس بات کو سمجھنے سے میں قاصر ہوں کہ کسی آدمی کو مجبور کر کے ایسے مسئلہ پر جو پاکستان کے عوام کے لیئے مزید اشتعال کا باعث بن سکتا ہو جبراً بیان دلوایا جائے۔ اگر یہ بیان دیا ہے تو انہوں نے خود دیا

[Malik Nasim Ahmed Aheer]

ہے اور اس سلسلے میں ہم تفتیش کروا رہے ہیں۔ ان کو اس لیئے رکھا ہوا ہے کہ ان کی وجہ سے کوئی امن وامان کی صورت حال خراب نہ ہو۔ جواب تک معلومات ہمیں میسر ہوئی ہیں، ان کے مطابق یہ بات مسلّمہ ہے، ان پر کسی قسم کا کوئی تشدد نہیں کیا، انہوں نے خود یہ بات تسلیم کی ہے، کہ وہ اپنی گھریلو مجبوریوں اور پریشانیوں کی وجہ سے یہاں سے ہجرت کرکے ایران چلے گئے تھے۔ وہاں کے ہمارے قونصلیٹ جنرل نے ہماری انٹیلیجنس کو اطلاع دی ہے اور پھر ہم نے اقدام کیا ہے۔ تو میں یقین دلاتا ہوں جناب قاضی عبداللطیف صاحب، سینیٹر طارق چوہدری صاحب، اور مولانا سمیع الحق صاحب کو کہ اس سلسلے میں عوام اور حکومت کے جذبات ایک ہیں، لیکن اس ملک میں انصاف ہونا چاہیئے، اس ملک میں علمائے کرام سے لوگوں کو تکلیف نہیں پہنچی چاہیئے چونکہ ان کا ایک بہت بڑا مقام ہے، اگر یہ بات ثابت ہو گئی، تو آپ اندازہ نہیں لگا سکتے کہ اس سے علمائے کرام کا وقار عوام کی نظروں میں کتنا مجروح ہو گا۔ اگر اس کے برعکس یہ بات نکلی کہ ان پر تشدد کیا گیا ہے، ان پر کسی قسم کی زیادتی کی گئی، ان پر جبر کیا گیا ہے، تو میں سمجھوں گا کہ جن لوگوں نے کیا ہے، وہ اس سے بھی بڑے مجرم ہیں اور ان کے ساتھ ہم قانون کے مطابق کارروائی کریں گے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں، یہ حکومت مسلمانوں کی ہے، اور ہم اس سلسلے میں کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں کرنا چاہتے لیکن ایک اسلامی مملکت میں ہر ایک کے ساتھ انصاف ہونا، یہ ہر اسلامی حکومت کا فرض ہے اور اس فرض سے اسلامی حکومت کوتاہی نہیں کرے گی۔

جناب چیئرمین: کیس کی پوزیشن کیا ہے، یہ کیس کس اسٹیج پر ہے۔

ملک نسیم احمد آہیر: اس کیس کی تحقیقات ہو رہی ہے، جو واقعات بھی میرے سامنے آئیں گے، میں ان کو ہاؤس کے سامنے رکھ دوں گا۔

جناب چیئرمین: پراونشل گورنمنٹ کا معاملہ ہے؟

ملک نسیم احمد آہیر: جہاں تک اس معاملہ کا تعلق ہے یہ تو پراونشل گورنمنٹ کا معاملہ ہے، میں نے اسی لیئے اس کو ٹیکنیکل بنیادوں پر oppose نہیں کیا ورنہ اس بات کا آسانی سے shelter لے سکتا تھا کہ یہ صوبائی معاملہ ہے اور اس پر تفتیش ہو رہی ہے، لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی قومی نوعیت کا معاملہ ہے اور اس کی ہم پوری دلچسپی سے تفتیش کرائیں گے۔ جو بھی مجرم ہوا، اس کے ساتھ کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ اگر پولیس والوں نے یا کسی اور نے مولانا پر تشدد کیا ہے تو میرے نزدیک وہ بہت بڑے مجرم ہیں اور ان کے ساتھ بھی ہم مجرموں جیسا سلوک کریں گے۔

جناب چیئرمین: جی قاضی صاحب فرمایئے۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! میں اتنی گزارش کروں گا کہ وزیر محترم نے جو کچھ فرمایا، وہ وہی کچھ فرما گئے ہیں جو کچھ اخبارات میں آیا ہے، اس سے ہماری معلومات میں کوئی اضافہ نہیں ہوا۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ اگر یہ کیس اس نوعیت سے ثابت ہو جاتا ہے جس طریقے سے اخبارات میں آیا ہے تو یہ علماء کے وقار کو مجروح کر دے گا اور اس سے علماء کا وقار مجروح ہو گا، میرا خیال ہے کہ یہ بات اس لیئے صحیح نہیں ہے کہ اگر کسی کے گھر کا کوئی آدمی گم ہو جاتا ہے اس پر واویلا کرنا ان کا فرض ہے اور وہ واویلا کریں گے۔ اگر ہم نے واویلا کیا ہے تو یہ ہمارا اخلاقی

[Qazi Abdul Latif]

اور انسانی فریضہ تھا کہ ہم واویلا کرتے ۔ میں یہی پوچھ رہا ہوں کہ جو کچھ اخبارات میں آیا ہے یہ پولیس کی وساطت سے آیا ہے ۔ اگر ہمارے وزیر محترم یہ ارشاد فرمادیں کہ اس واقعہ کی تحقیقات ہائی کورٹ کے جج سے کرائی جائے گی اور ابتدا ہی سے کرائی جائے گی کہ وہ کیسے گئے، کہاں گئے کہاں رہے، کس نوعیت میں رہے۔تو اس سے میرا خیال ہے کہ کشیدگی کم ہو جائے گی ۔ میں اس بنیاد پر یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر آپ پولیس کے ذریعہ سے تفتیش کرائیں گے تو اس سے کشیدگی بڑھے گی ۔

جہاں تک آپ یہ فرمار ہے ہیں کہ یہاں پولیس مسلمانوں کی ہے ، جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ پولیس کا ریکارڈ کوئی قابل رشک نہیں رہا ۔ دوسرے جرائم کے سلسلے میں، ڈاکوؤں کے معاملات میں، اور دوسرے معاملات کے بارے میں، ان کا ریکارڈ اتنا اچھا نہیں ہے، قابل رشک نہیں ہے کہ آپ انکی صفائی پیش کریں۔ بہر حال ہمارا مطالبہ تو صرف یہ ہے کہ اگر اس معاملہ کی تفتیش کسی ہائی کورٹ کے جج سے کرائی جائے تو ملک کے اندر یہ اطمینان کا باعث ہو گا ۔

ملک نسیم احمد آہیر : جناب والا ! اس سلسلے میں ، میں یہ گزارش کروں گا کہ ابھی چونکہ تفتیش ہو رہی ہے اور حقائق سامنے نہیں آئے۔ میں صرف اتنی آفر مولانا سمیع الحق صاحب اور مولانا قاضی عبد اللطیف صاحب اور سینیٹر طارق چوہدری صاحب کو دے سکتا ہوں کہ اگر یہ مولانا اسلم قریشی سے ملنا چاہیں اور تفتیش کے معاملات کو جاننا چاہیں تو میں ان کو ہر قسم کی سہولت مہیا کرنے کو تیار ہوں ۔ آپ لوگ علمائے دین ہیں ، آپ خود

اس معاملہ کی تفتیش کر لیں ، میں آپ کو ہر قسم کی سہولت صوبائی حکومت سے مہیا کرانے کے لیئے تیار ہوں ۔ آپ جا کر تفتیش کریں ، آپ جا کر ان سے ملیں ، جو واقعات ہیں ، ان کی رپورٹ آپ اس معزز ایوان میں پیش کریں تاکہ آپ کی تسلی ہو سکے اور اگر کسی اسٹیج پر آپ محسوس کریں کہ ان کے ساتھ انصاف نہیں ہو رہا ہے تو پھر ہم اس سلسلے میں اور بھی قدم اٹھانے کے لیئے تیار ہیں ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین : اس اسٹیج پر ہم admissibility کی بات کر رہے ہیں ۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین ! میں وزیر صاحب کی اس بات کا خیر مقدم کرتا ہوں ، ہمیں اگر آپ اجازت دیں اور ہم اپنے ساتھ ایک دو ، تحفظ ختم نبوت کے ذمہ دار افراد ساتھ لے جائیں اور ان سے ملاقات کا موقع دیں ، تو اس صورت میں جو حقائق ہوں گے ہم ان کو تسلیم کر لیں گے ۔

جناب چیئرمین : وہی تو انہوں نے آپ کو offer کیا ہے ۔ میرے خیال میں admissibility کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں ہے ۔۔۔

مولانا سمیع الحق : جناب ہم اس offer کو قبول کرتے ہیں ، وہ اس کا انتظام فرما لیں ۔ ہم خود اسلم قریشی صاحب سے بات چیت کر لیں گے کہ صورت حال کیا ہے ۔

جناب چیئرمین : آپ کو اس کی پیشکش کر دی گئی ہے ۔

ملک نسیم احمد آہیر : ہم نے تو پیشکش کر دی ہے ۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا ،۔۔۔۔

جناب چیئرمین : آپ تشریف رکھیں ۔

قاضی عبداللطیف : صرف ایک لفظ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔۔۔۔

جناب چیئرمین : جی فرمایئے ۔

قاضی عبداللطیف : جناب ! اس میں تو کوئی رکاوٹ ہے ہی نہیں کہ ہم وہاں نہیں جا سکتے، ہر شخص اس سے مل تو سکتا ہے ۔۔۔۔

ایک معزز رکن : کوئی نہیں مل سکتا ہے ۔۔۔۔

قاضی عبداللطیف : یہ پابندی تو ہے ۔۔۔۔ اب وزیر صاحب کی جانب سے یہ آفر کرنا کہ آپ جایئں اور ان سے مل لیں ۔۔۔۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں ہر ایک شخص ۔۔۔

قاضی عبداللطیف : میں تو یہ پوچھتا ہوں کہ ہائی کورٹ کے جج کے ذریعہ سے اگر انکوائری کرائی جائے تو اس میں کیا حرج ہے؟

جناب چیئرمین : جناب طارق چوہدری صاحب ۔

جناب محمد طارق چوہدری : جناب چیئرمین ! میں وزیر صاحب کی بات سے بالکل اتفاق کرتا ہوں کہ کسی بھی شخص کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ اس کے ساتھ بطور خاص کوئی سپیشل سلوک کیا جائے ، جو بھی حقائق اب تک سامنے آئے ہیں ، جو کچھ انہوں نے بتایا ہے کہ ایران سے ان کو یہ اطلاع ملی کہ مولانا اسلم قریشی صاحب پاکستان میں داخل ہو رہے ہیں، یعنی مولانا سمیع الحق صاحب نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ اسلم قریشی صاحب نے پہلے بھی ایم ایم احمد پر قاتلانہ حملہ کیا تھا

اس کے بعد ان کو چودہ سال کی سزا ہوئی تھی۔ اس نسبت سے یہ عالم دین کا قصہ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: بہر حال اس میں جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ یہ بتائیں کہ آپ اپنی موشن پر اصرار کرتے ہیں یا نہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: میں اسے پریس نہیں کرتا، میں اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ میرا بس یہی مطالبہ ہے۔

جناب چیئرمین: جہاں تک قانون کا تعلق ہے، اس کے مطابق یہ معاملہ صوبائی ہے، یہ معاملہ provincial investigation agencies کے سامنے ہے، صوبائی حکومت کے مجسٹریٹ کے سامنے ہے۔ نسیم آہیر صاحب کی مہربانی ہے کہ انہوں نے اس ہاؤس کو ایک آفر دی ہے لیکن جہاں تک ہمارا تعلق ہے، اس معاملہ کا فیڈرل گورنمنٹ سے direct concern ہے ہی نہیں۔ ان وجوہات کی بنا پر The motion is inadmissible and I hold it inadmissible.

(ii) RE: FLOODS IN RIVER INDUS AND TOUCHI

قاضی عبداللطیف: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینیٹ کی معمول کی کارروائی روک کر اہم حالیہ وقوع پذیر قومی اہمیت کے حامل واقعہ پر سینیٹ کو اظہار خیال کا موقع دیا جائے۔ "روزنامہ جنگ" راولپنڈی مورخہ ۲۰ / جولائی۔ "دریائے سندھ اور ٹوچی میں زبردست سیلاب، ۹ افراد ہلاک۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں وسیع علاقہ زیر آب آگیا ہے۔ نورن لک اور سلہمن کے دیہات گارے کا ڈھیر بن گئے ہیں" جناب والا! یہ انسانی ہمدردی کا واقعہ ہے حکومت سیلاب کی روک تھام میں ناکام ہوئی

[Qazi Abdul Latif]

ہے اور لوگوں کی جان و مال کی بربادی کی ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ ایوان کو اس پر بحث کا موقع دیا جائے۔

جناب چیئرمین: اسی ضمن میں شاد محمد خان صاحب نے ایک Call Attention Notice دیا ہوا ہے چونکہ دونوں کی ایڈمسبلٹی more or less ایک ہی طرح کی ہوتی ہے تو میں ان کو بھی اجازت دیتا ہوں کہ وہ اپنا Call Attention Notice پڑھ کر سنا دیں اور پھر اگر آپ نے بحث کرنی ہے تو بحث کر لیں اور اگر وزیر صاحب کو سننا ہے تو بہر حال یہ معاملہ اب غازیخان یا فرنٹیئر تک confine نہیں ہے۔ بلکہ پنجاب اور سندھ میں بھی سیلاب سے بہت نقصان ہوا ہے غالباً بلوچستان میں بھی نقصان ہوا ہے۔ وزیر صاحب سے ہم درخواست کریں گے کہ پوری flood situation پہ روشنی ڈالیں کہ گورنمنٹ کیا کر رہی ہے اور موجودہ کیا حالات ہیں اور کیا ان کی سکیم ہے۔ اس پہ ایک جامع رپورٹ آ جائے۔

جناب وسیم سجاد: اگر پورے پاکستان کے بارے میں comprehensive statement چاہتے ہیں تو مؤخر کر دیں تاکہ ...

جناب چیئرمین: پہلے شاد محمد خان صاحب کا Call Attention Notice سن لیں۔

**Mr. Shad Mohammad Khan :** This is to draw the attention of the Federal Government to the grave situation arising out of the heavy rains and thus causing devastating damage in the Punjab, Sindh and hill areas of Hazara and Swat Division resulting in heavy loss of crops, life and cattle and destruction of residential accommodation to stress for immediate relief measures in the whole of Pakistan on war footing to redress the grievances of the affectees.

جناب چیئرمین : کیا آپ کوئی مزید وضاحت کرنا چاہتے ہیں یا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ہم انتظار کرلیں کہ حکومت کی طرف سے اس پر ایک جامع رپورٹ آجائے اور اسی پر اگر کوئی suggestions ہیں یا comments ہیں تو وہ ہو جائیں۔ کیا خیال ہے قاضی صاحب۔

قاضی عبداللطیف: ٹھیک ہے جناب والا ! یہ ملک گیر سا مسئلہ بن گیا ہے اگر معلومات جمع کر کے وزیر صاحب بتا دیں تو ....

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے اگلی sitting میں ایک جامع رپورٹ آجائے گی۔

جناب وسیم سجاد : جناب اگر یہ مناسب سمجھیں تو آج جو کچھ کہنا چاہتے ہیں کہہ دیں میں اگلی سٹینگ میں تمام تفصیل کے ساتھ جواب دے دوں گا، جو آج موجود ہے آج دے دوں گا ....

جناب چیئرمین : میرے خیال میں انہوں نے اس سے زیادہ تو اور کچھ نہیں کہنا۔ میرے خیال میں آپ اپنی ہی جامع رپورٹ اگلی سٹینگ میں پیش کر دیں۔

جناب وسیم سجاد : ٹھیک ہے جناب۔

جناب چیئرمین : تو کب تک تیار ہوں گے، پرسوں تک۔

جناب وسیم سجاد : جناب میرے خیال میں پرسوں تک ٹھیک ہے۔ That can be done.

**Mr. Chairman :** Then we will fix it for.....

**Mr. Wasim Sajjad :** Right. This stands admitted, Sir.

**Mr. Chairman :** In a way, it stands admitted.

**Mr. Wasim Sajjad :** Right, Sir.

**Mr. Chairman :** I mean that would put an end to the other adjournment motions fixed for today.

We come to the regular items of the Agenda.

**Mr. Javed Jabbar :** Sorry, Sir. I just want to draw your attention to the fact that one of the adjournment motions that was dropped two days ago, concerns a situation that is the major concern to the people of Sindh and to the people of Karachi in particular. Major bazars in commercial areas of Karachi remained closed yesterday as a mark of protest because of the power situation.

My adjournment motion concerned the break down of power subscribed in Karachi which alongwith the crisis of water supply has become a plague for the city of Karachi. Mr. Chairman, I would wish the Minister could make a statement.

**Mr. Chairman :** You can give a fresh notice, it can be revived.

**Mr. Javed Jabbar :** Fine, I will submit a separate motion again.

**Mr. Chairman :** I think, you can revive either the whole motion or give a notice of a separate motion.

**Mr. Javed Jabbar :** Alright, Mr. Chairman.

**Mr. Ahmedmian Soomro :** Sir, motion No. 88, it will not take a long time.

**Mr. Chairman :** But if you admit one then we have to follow the rules. It has to be postponed.

**Mr. Ahmedmian Soomro. :** It means it cannot go to the stage of admission, Sir. I think, the Minister will make a statement if you are pleased so.

**Mr. Chairman :** I have no objection but I think, let us follow the rules. We have admitted one which means that the rest are automatically postponed.

## DISCUSSION ON PRESIDENT'S ADDRESS DELIVERED ON 7-4-88

**Mr. Chairman :** Item No. 3—Further discussion on the following motion moved by Mr. Wasim Sajjad, Minister for Justice and Parliamentary Affairs, on the 14th April, 1988 :

"That this House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his gracious Address to both Houses assembled together on the 7th April, 1988".

Now, the position with regard to this motion is that there was an amendment moved to it by Prof. Khurshid Ahmed, I will read that a little later and both the original motion as well as the amendments were discussed thoroughly and the discussion had come to an end. We were waiting for the Minister to wind up the debate or to reply to the debate, and the note on record reads (This is from the Chair) "how that everybody having spoken both on the main motion as well as on the amendment, it is for somebody on behalf of the Treasury Benches to explain the Government's position. After that, the amendment would be put to vote. If the House wants to vote on this, it would be voted upon otherwise there are several matters which only require to be put in the form of a question and it does not require or call for a debate in the sense that you are envisaging". I was, I think, addressing Prof. Khurshid. It is a simple expression of opinion whether the amendment which you have moved should be added at the end of the motion of thanks or not? At this stage, somebody brought to notice that the quorum was not complete and then we had to adjourn. So, the position is that the debate is finished. The Minister has only to reply to that debate and then the amendment as well as the main motion have to be put to the House for vote or for yes, or no.

**Mr. Wasim Sajjad** : Sir, I don't think I will need to make a reply. I had made a reply in detail in the National Assembly and since several events have taken place and I don't think it would be proper that I should consume time of the House. So, I think, to complete the formality the motion may be put so that we can conclude this and go to the next which would be more important.

**Mr. Ahmedmian Soomro** : Point of order, Sir.

Sir, having made any reply in the National Assembly will that fulfil the requirement of power of the Senate ?

**Mr. Wasim Sajjad** : No, I agree with you.

**Mr. Chairman** : It doesn't but . . . . .

**Mr. Wasim Sajjad** : Because the events have been overtaken and there are other important things. So, all these issues Sir, which were debated and there were replies also, Sir, I don't need to add to all that and then the matter can be concluded.

**Mr. Chairman** : I agree to that.

So, we will take up the amendment first. I will read out the amendment. The amendment moved by Prof. Khurshid was :

"That after the figure 1988 occurring at the end of the following be added :

But regret that the Address has failed to spell out the policy of the Government on a number of fundamental issues like—

(1) Legislative programmes for the year ;

(2) Steps needed for the enforcement of Shariat ensuring protection of human rights and fulfilment of basic needs for all citizens of the country ;

[Mr. Chairman]

(3) Re-organization of the economy to ensure economic justice, full employment to the un-employed, equitable inter-personal and inter-regional distribution of income and wealth, strict financial control and management curtailing unnecessary expenditure, deficit financing and domestic and international borrowings, effective control of corruption and mis-use of public resources and implementing an effective strategy towards the greater self-reliance in the country ;

(4) Control of fast deteriorating law and order situation ;

(5) Effectively combating rising tides of crime and widespread use of narcotics in the country ;

(6) Introduction of National Language in all official dealings as enjoined by the Constitution ; and

(7) Taking immediate steps for the repatriation of the stranded Pakistanis in Bangla Desh.

And further regret that the Address contains observations and suggestions that may justifiably be construed to suggest explicit variance from the letter and spirit of the Constitution revealing contours of a desire to pre-impose to super-impose some of the features of a Presidential system on the Parliamentary pattern contained in the Constitution and also offering suggestions of a role for the Armed Forces which is not strictly in accordance with the role assigned to them in the Constitutional system of Pakistan."

The Question is that this amendment moved by Prof. Khurshid, which I have just read, be approved.

*(The amendment was rejected)*

**Mr. Chairman :** I will put the main motion now to vote.

The question is that :

"This House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his gracious Address to both Houses assembled together on the 7th April, 1988".

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** The resolution is carried.

Before we start discussion on the next item, I would like to remind the House that we have fixed a debate on the adjournment motion which was moved on 21st July, 1988, by Prof. Khurshid Ahmed, Mr. Muhammad Tariq Chaudhry, Mr. Javed Jabbar, Akhunzada Behrawar Saeed, Qazi Abdul Latif, Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi and Mr. Ahmedmian Soomro on the disturbances in Karachi-Hyderabad and deteriorating law and order situation in the area. So, I think the discussion on that should start between 12.30 and not later than 1.00 if we have to complete the debate on that item.

**An honourable Member :** We can debate for two hours.

*(interruption)*

**Mr. Chairman :** Two hours is the maximum but we can sit for any length of time after we start.

ملک نسیم احمد آہیر : مجھے ایک گزارش یہ کرنا ہے کہ جیسے آپ کو علم ہے کہ شمالی علاقہ جات میں بڑے clashes وغیرہ ہوئے تھے تو میں نے آج وہاں کے لوگوں کی ۱۲ بجے میٹنگ بلائی ہوئی ہے - کیا یہ آپ ایڈجرن کر سکتے ہیں -

جناب چیئرمین : میرے خیال میں یہ آپ ہی کی خاطر ایڈجرن کیا گیا تھا ....

ایک معزز رکن : پہلے یہ لے لیں -

ملک نسیم احمد آہیر : میں نے جناب ۱۲ بجے اس کو wind-up کرنا ہے اور ادھر بھی جانا ہے -

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اس میٹنگ کو آپ مؤخر کر دیں، کیوں کہ اس دن بھی یہ آپ کی خاطر ایڈجرن کرنا پڑی تھی اور ممبران اس کو important سمجھتے ہیں -

ملک نسیم احمد آہیر: ٹھیک ہے جی میں انکو ایک بجے کا کہہ دیتا ہوں، کیا میں ایک بجے تک فارغ ہو جاؤں گا۔

Mr. Chairman : I do not know how many people are going to speak on this.

لیکن ایک بجے اگر نہیں تو ڈیڑھ بجے ختم ہو جائے گا۔

ملک نسیم احمد آہیر: ٹھیک ہے جی میں ان کو یہ convey کر دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے ان کو آپ ضرور convey کر دیں، جی وسیم سجاد صاحب۔

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, with your permission I beg to move :

" that this House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his gracious Address to the Senate of Pakistan on the 20th July, 1988 ".

**Mr. Chairman :** The motion moved is :

"that this House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his gracious Address to the Senate of Pakistan on the 20th July, 1988".

**Mr. Javed Jabbar :** Mr. Chairman, I would like to move an amendment. May I do it verbally ?

**Mr. Chairman :** You can do it verbally.

**Mr. Javed Jabbar :** With your permission Mr. Chairman, the amendment moved is :

" That after the figure 1988 occurring in the motion the following words be added :

' but regrets that in the course of this Address there has been gross misinterpretation of the Constitution concerning the binding obligation to hold elections within 90 days of the date of dissolution of the National Assembly' ".

**Mr. Chairman :** I think the rules require that it should be given in writing.

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, it should be given in writing because you have to see whether it is in appropriate form or not.

**Mr. Chairman :** Right.

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, attributing mis-interpretation to the Head of State would not be correct.

*(interruption)*

**Mr. Chairman :** I permitted you to read it out but I think considering the import of the resolution if you put it in writing and give time to other members also. We can then take it up for discussion.

**Mr. Wasim Sajjad :** Not only that Sir, but the Chairman has to see whether it is in appropriate form and is factful enough for the Head of State. I think to say that there has been gross mis-interpretation would not be an appropriate form.

**Mr. Chairman :** Well, let us see it in writing. Any other honourable member who would like to move an amendment ?

**Mr. Ahmedmian Soomro :** There might be many. Kindly give us time to consider whether we want to move an amendment or not.

**Mr. Chairman :** Right. Then, when would you like to take this up because the urgency is from your side.

**Mr. Ahmedmian Soomro :** After a week *i.e.* next Tuesday.

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, why not on coming Thursday because Thursday is the next working day.

*(interruption)*

**Mr. Chairman :** If you file your amendments today then, I think, we can take it up on Thursday. Mr. Wasim Sajjad, we can take it up on Thursday ?

**Mr. Wasim Sajjad :** Yes Sir, but there was something else which you wanted to take up on Thursday.

**Mr. Chairman :** That would be a debate on the adjournment motion which would come towards the end of the day.

**Mr. Ahmedmian Soomro :** Sir, two days are required for amendments.

**Mr. Chairman :** Will two days not be completed by Thursday ?

**Mr. Javed Jabbar :** They will be completed.

**Mr. Ahmedmian Soomro :** It will be day after tomorrow. So, two days will not be completed.

*(interruption)*

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے ، ترامیم آپ آج دے دیں تو ہم کل تک ان کو سرکولیٹ کر لیں گے اور پھر

We would take up discussion on the amendments put in the correct form or acceptable form and then we would start discussion on it on Thursday.

**Mr. Ahmedmian Soomro :** Would you not give us full two days for amendments.

**Mr. Chairman :** Well, I am your hands. If you want that way, I have no objection.

*(interruption)*

**Mr. Chairman :** Come to an agreement between yourself. I can put it on Thursday or Tuesday — whatever day you wish.

**Mr. Javed Jabbar :** The honourable Member, Mr. Chairman, would agree that deferring discussion by as many as five days on an issue, which is of current public interest, would not be fair or appropriate to the subject.

**Mr. Ahmedmian Soomro :** O.K. Right, Sir.

**Mr. Javed Jabbar :** Thank you, Mr. Soomro.

**Mr. Chairman :** Right. We will fix it for Thursday.

Then next item — discussion on the following motion moved by Mr. Wasim Sajjad, Minister for Justice and Parliamentary Affairs, on the 21st July, 1988 :—

"That the House may discuss the situation arising out of the promulgation of the Enforcement of Shariah Ordinance, 1988, with reference to objects and reasons ".

**Mr. Javed Jabbar :** Point of order, Mr. Chairman, are you restricting the time available for this particular item on the Orders of the Day ?

**Mr. Chairman :** No, we would start discussion, as I said earlier, on the adjournment motion between 12.30 to 1.00 P.M.

**Mr. Javed Jabbar :** And will you also then conclude discussion on Shariah Ordinance ?

**Mr. Chairman :** No. No, this would continue. If we cannot finish discussion on this item then I think we will have to postpone it to some other day.

**Mr. Ahmedmian Soomro :** Are there any amendments possible to the Shariah Ordinance ?

**Mr. Chairman :** No, you can reject the Ordinance. There is no question even of approval.

جناب محمد طارق چوہدری : جناب ، پوائنٹ آف آرڈر -
اس سے پہلے کہ ہم اس آرڈیننس کے بارے میں بات کریں، میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ صدر مملکت آئین کے آرٹیکل ۸۹ کے تحت آرڈیننس جاری کر سکتے ہیں چونکہ صدر کا یہ اختیار ان کی صوابدید پر نہیں ہے، آئین کے آرٹیکل ۴۸(۱) کے تحت انہیں وزیراعظم کی کابینہ کی ایڈوائس لینا لازمی ہے کیوں کہ بطور صدر مملکت اس آئین کے تحت دیئے گئے اختیار کے بغیر .... (مداخلت)

جناب چیئرمین : چوہدری صاحب، آپ آرڈیننس کی بات کرتے ہیں تو میری آپ سے درخواست ہو گی کہ آرٹیکل ۸۹ کو آپ دوبارہ پڑھ لیں، اس کے بعد پھر بات کرتے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری : چونکہ یہ discretion نہیں ہے اور کابینہ سے اس کی منظوری نہیں لی گئی ۔۔۔۔

جناب چیئرمین : اس میں ڈسکریشن کا سوال ہی نہیں ہے اور اس میں in a way discretion is included. It says "whenever he thinks that it is expedient".

جناب محمد طارق چوہدری : اس پر آپ اپنی رولنگ دے دیں اور اس کے بعد ٹھیک ہے ۔

جناب چیئرمین : اس پر میری رولنگ کی ضرورت نہیں ہے اور اس میں وہ آرڈیننس discuss ہی نہیں ہو رہا جو وزیر صاحب فرماتے ہیں کہ "to discuss the situation arising out of the promulgation".
This is a motion under Rule 194.

میرے خیال میں وسیم سجاد صاحب اس کو formally پیش کر دیں۔ I think, then we can take it up because it has not been formally moved to my knowledge.

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, I had moved it earlier. Now it is open for discussion.

**Mr. Chairman :** Then it is all right. Sorry. I forgot it.

**Mr. Ahmedmian Soomro :** Sir, may I through you request the Minister for Justice and Parliamentary Affairs that in order to be fair to the Senate he may kindly bring a Bill on the subject since there is no National Assembly or, there may be one clause or something which may need amendment. In that case as it is being brought we have no right to move any amendment — either we approve or disapprove it. Therefore, I would through you request him to please bring this in the form of a Bill. May be, we give some suggestions which he himself might accept. This right we are now deprived of.

**Mr. Chairman :** Well, this is what he wants. This is exactly the case. This seems to be the purpose of this motion that you discuss the situation arising out of it. If you think that the Ordinance is not doing justice to whatever is your conception

of the enforcement of Shariah please bring up those points. Then, perhaps he may consider whether he can incorporate them in a new Bill which he can bring before the House or not. This is the whole object of the discussion.

**Mr. Ahmedmian Soomro** : With all due respect then the House is being deprived of its right of moving an amendment.

**Mr. Chairman :** It is not actually a Bill. You can move an amendment only to a Bill. The only thing that has happened is that an Ordinance was placed on the Table of the House. You have every right to reject that Ordinance. Somebody can bring a motion of disapproval as far as that Ordinance is concerned. If you want to do that, that can be separately considered. But if that is not the position then you can discuss whatever is there, the substance of the Ordinance and you can make suggestions on those.

Maulana Samiul Haq Sahib.

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین ! میں سومرو صاحب کی تائید کرتا ہوں۔ میں نے پہلے بھی آپ سے گزارش کی تھی یہ بڑا عجیب اور نازک سا مسئلہ ایوان کے سامنے آیا ہے، اگر ہم اس کو مسترد کر دیں وہ بھی ملک و ملت کے مفاد میں نہیں ہے نہ ایوان کے مفاد میں ہے اور اگر اس کو موجودہ شکل میں منظور کریں تو ہمارے نزدیک یہ جامع اور مکمل نہیں ہے اور اس شکل میں منظور ہونے سے وہ مقصد حاصل نہیں ہوتا ہے تو کوئی راستہ آپ ایسا نکالیں کہ ہم اس میں اپنی ترامیم داخل کرا سکیں، خواہ بل کی شکل ہو یا کوئی اور ہو۔

جناب چیئرمین : جیسے پہلے دن بھی میں نے آپ کو یہی عرض کیا تھا کہ آپ جو کچھ چاہتے ہیں کہ اس میں خامیاں ہیں، اس میں یہ deficiencies ہیں ان کو اس بحث کے دوران سامنے لے آئیں۔ formal amendments move نہیں ہو سکتیں لیکن یہ کوئی آپ کو منع نہیں کر رہا کہ آپ یہ کہیں کہ شریعت کی definition غلط ہے۔ یہ جو concept دیا ہوا ہے کہ عدالتوں

[Mr. Chairman]

کو کیا کرنا چاہیئے یا کیا نہیں کرنا چاہیئے، یہ غلط ہے۔ یہ سب چیزیں آپ بحث کے دوران لا سکتے ہیں اور اسی پر پھر بعد میں amendments base کی جا سکتی ہیں۔

مولانا سمیع الحق: آخر میں پھر اس پر منظور یا نامنظور کے لیئے voting ہوگی یا کیا صورت ہوگی۔

جناب چیئرمین: اس پر کچھ نہیں ہوگا، اس پر بحث ہو جائے گی اور وزیر عدل و پارلیمانی امور نوٹس لے لیں گے۔

جناب وسیم سجاد: میں اس کا جواب دوں گا اور بتاؤں گا کہ ہم نے جو اقدامات کیئے ہیں وہ کیوں کیئے ہیں اگر مولانا صاحب کی طرف سے کوئی اچھی تجویز ہوگی تو اس کو قبول کروں گا کہ یہ بہت اعلیٰ بات کی ہے اور علمائے دین کے جو مشورے ہوں گے وہ ہماری آئندہ سوچ میں شامل ہوں گے۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! اس کا حاصل یہ ہوگا کہ

تھا خواب وخیال میں تجھ سے کچھ معاملہ
جب آنکھ کھل گئی نہ ضیاع تھا نہ سود تھا

حاصل تو وہی نکلے گا۔

**Mr. Ahmedmian Soomro :** That means we have the right to disapprove it ?

**Mr. Chairman :** You have the right, who has denied you that right.

**Mr. Ahmedmian Soomro :** But if we do not want to disapprove the Ordinance there is only a certain part that means we.......

*(interruption)*

**Mr. Chairman :** You have that right also, bring all those points during the course of the debate.

**Mr. Ahmedmian Soomro** : The House has no right to amend it but only they may or they may not accept it.

**Mr. Chairman** : The House has no right to suggest a formal amendment at this stage and this is a motion, as I said earlier, under Rule 194 which is only debated and points for and against are discussed.

Maulana Samiul Haq Sahib.

DISCUSSION ON THE ENFORCEMENT OF SHARIAH ORDINANCE, 1988

مولانا سمیع الحق : بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ جناب چیئرمین صاحب ! شریعت آرڈیننس کے بارے میں ملک میں تین قسم کے نقطۂ نظر اب تک سامنے آئے ہیں ، تین قسم کے خیالات ہیں۔ایک تو اس ملک میں وہ طبقہ ہے جو درحقیقت اس ملک میں دین کی بالادستی اور اسلام کی بات کو سننا تک گوارا نہیں کرتا اور وہ اس ملک کو ایک سیکولر اور لادینی سٹیٹ دیکھنا چاہتا ہے۔وہ طبقہ جو دین دشمن عناصر کا طبقہ ہے وہ تو ابتدا سے ہی اس ملک میں شریعت کی بات سننے کو تیار نہیں ہے اور جہاں کہیں شریعت کی بات آ جائے وہ شور مچانا شروع کر دیتے ہیں ۔ وہ لوگوں کو سڑکوں پر نکالتے ہیں ، جلوس نکلواتے ہیں اور کبھی عورتوں کے حقوق کی آڑ میں اور کبھی کسی اور آڑ میں پورے اسلام کو ، پوری شریعت کو ، پورے قرآن و سنت کو ، اسلامی قوانین کو ، اسلامی حدود کو چیلنج کرتے ہیں اور اس کے خلاف نعرہ بازی کرتے ہیں۔ہم سمجھتے ہیں کہ وہ طبقہ تو اس ملک اور اس نظریاتی مملکت میں رہنے کا حقدار ہی نہیں ہے۔یہ ایک اسلامی ملک ہے اور اسلامی نظام کے لیئے بنایا گیا ہے اور بے تحاشا قربانیاں دی گئی ہیں ۔ اس ملک میں جب بھی نافذ ہو گا تو گویا اسلام ہی نافذ ہو گا اور اس ملک میں جب تک شریعت کی بالادستی قائم نہیں کی جائے گی تو جو قربانیاں اس کے لیئے دی گئی ہیں وہ رائیگاں رہیں گی ۔ اس وقت شریعت آرڈیننس کے نام سے جو چیز سامنے آئی تو کچھ

لوگوں نے فوراً اس کو مسترد کر دیا۔ ان کو اس مسئلے سے دل چسپی نہیں ہے یہ چونکہ ضیاء الحق نے نافذ کیا ہے یا اگر جونیجو نافذ کرتا تو مان لیتے، ان کو سرے سے شریعت کے نام سے کد ہے۔ ہم اس طبقے سے بھی نہیں ہیں اور اس طبقے سے بھی بیزاری کا اعلان کرتے ہیں۔ ایک طبقہ وہ ہے جو خوشامدی اور درباری قسم کے لوگوں کا ہے جو حکومت کی طرف سے جو بھی بات سامنے آجائے خواہ اس میں کوئی حقیقت ہو یا نہ ہو، اس میں کوئی وزن ہو یا نہ ہو، اس میں کوئی مثبت یا انقلاب آفرین باتیں ہوں یا نہ ہوں۔ اخبارات کے ذریعے، ٹی وی کے ذریعے، مبارک سلامت میں لگ جاتے ہیں اس شریعت آرڈیننس کے بارے میں بعض لوگوں نے مبارک سلامت کا طوفان مچا دیا کہ واقعی اس ملک میں شریعت نافذ ہو گئی اور شریعت کی بالادستی آگئی اور انہوں نے یہ تک نہیں دیکھا کہ شریعت آرڈیننس میں ہے کیا؟ نہ اس کا مطالعہ کیا لیکن فوراً شور مچا دیا اور مبارک سلامت شروع ہو گئی کہ اسلامی انقلاب آگیا ہے اب عوام کے تمام مسائل حل ہو جائیں گے ہم اس طبقے میں سے بھی نہیں ہیں، ہم نے ہمیشہ سیاست کو ثانوی نظر سے دیکھا ہے۔ ہم اس ملک میں شریعت کی بالادستی چاہتے ہیں خواہ وہ پارٹی سسٹم کے ذریعے ہو جائے یا نان پارٹی سسٹم کے ذریعے ہو جائے۔ خواہ مارشل لاء کے ذریعے ہو، خواہ جمہوری دور کے ذریعے ہو ہم مارشل لاء کی تحسین نہیں کرتے لیکن اگر ہمیں شریعت کی بالادستی مارشل لاء سے بھی ملتی ہے تو ہم اس کو بھی خوش آمدید کہتے ہیں کہ شریعت ہمیں چاہیئے، اگر جمہوری حکومت آکر شریعت کو پس انداز کرتی ہے اور اس کو نظر انداز کرتی ہے تو ہم نے اس جمہوری حکومت سے بھی لڑائی لڑی ہے اور تین سال سے ہم جونیجو گورنمنٹ سے اور آٹھ سال سے ضیاء الحق صاحب سے بھی الجھے ہوئے ہیں، اس معاملے میں

ہم نے کوئی مفاہمت نہیں کی نہ ترغیب میں آئے ہیں نہ ترہیب میں آئے ہیں نہ لالچ میں آئے ہیں۔

اب شریعت آرڈیننس کے بارے میں ہم نے یہی محتاط رویہ اختیار کیا ہے، ہم نے کہا ہے کہ ایک متوازن رائے سامنے آجائے۔ ہم نے شریعت آرڈیننس کو مسترد بھی نہیں کیا، ہم نے شریعت آرڈیننس کی اس شکل میں تحسین بھی نہیں کی بلکہ ہم نے بڑے غور سے اس کا جائزہ لیا، اس شریعت آرڈیننس سے واقعی جو مقاصد ہیں وہ پورے ہوتے ہیں یا نہیں تو ہمیں بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جو چیز ہم چاہتے ہیں اور جس شریعت بل کو ہم نے معزز ایوان کے سامنے رکھا تھا اور جس کے لیئے ہم نے تین سال مسلسل تگ ودو کی، جدوجہد کی، مسلمانوں نے اس کے حق میں مظاہرے کیئے، جلسے کیئے، پارلیمنٹ تک آئے اور محضر نامے بھیجے۔ آپ نے خود فرمایا تھا کہ کسی بل کے بارے میں پارلیمانی تاریخ میں اتنی عظیم دلچسپی کہیں بھی نظر نہیں آئی۔ میں خود آپ کے سامنے اس پرانی بلڈنگ میں حاضر ہوا تھا اور تین پیٹیاں میں سر پر اٹھا کر آپ کی خدمت میں لایا تھا اور میز پر میں نے رکھی تھیں کہ یہ محضر نامے کراچی سے آئے ہیں، آپ نے کہا کہ یہ تو بہت زیادہ ہیں۔ میں نے کہا کہ حضرت نیچے پورا ٹرک بھرا ہوا کھڑا ہے، آپ نے پھر اپنے سٹاف کو بلایا اور ان کو بھیجا اور انہوں نے پورا ٹرک خالی کرا کے اسمبلی کے محافظ خانے میں رکھا تو اس سلسلے میں مسلمانوں کی دینی تنظیموں کی عظیم جدوجہد ہوئی اور پھر اس ایوان نے اس کے لیئے کمیٹیاں بنائیں۔ سٹینڈنگ کمیٹی بنی۔ سلیکٹ کمیٹی بنی۔ پھر دوبارہ کمیٹیاں بنائی گئیں پھر اس پر ۳ سال پہلی خواندگی جاری رہی اور دوبارہ دفعہ وار بحث شروع ہوئی۔ ایک ایسی چیز ہم ملک میں نافذ کرانا چاہتے

[Maulana Sami-ul-Haq]

تھے جس سے واقعی عدلیہ میں، مقننہ میں، ذرائع ابلاغ میں اور انتظامیہ میں کچھ بہتر تبدیلیاں آ جائیں اور لوگوں کی مشکلات حل ہو جائیں مگر ہوا یہ کہ اس شریعت بل کو ایک کمیٹی کے ذریعے سردخانے میں ڈال دیا گیا اور ایک آرڈیننس نافذ کیا گیا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ قومی اسمبلی جب ٹوٹ گئی تو آرڈیننس ہی نافذ کیا جا سکتا تھا لیکن جب قومی اسمبلی توڑی گئی تو اس کے لیئے بھی سب سے بڑا عذر اور سب سے بڑا جواز بھی مہیا کیا گیا کہ قومی اسمبلی نے اور پچھلی گورنمنٹ نے اسلام کے نفاذ میں دلچسپی نہیں لی۔

اب ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ واقعی کوئی انقلاب انگیز اور فوری مثبت اثرات والے اقدامات کیئے جاتے۔ تب تو صدر ضیاء الحق کے اس اقدام کو کوئی جواز بھی مہیا ہو جاتا لیکن انہوں نے بڑے جذبات و احساسات کے بعد قوم کے سامنے اس آرڈیننس کے ذریعے جو چیز رکھی تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کے ذریعے ہم کسی بھی مثبت تبدیلی کی طرف نہیں جا سکتے نہ ہی اس کے ذریعے اس ملک میں اسلامی نظام نافذ ہو سکتا ہے نہ جو مروجہ قوانین ہیں، ان کو ہم تبدیل کر سکتے ہیں، اور نہ ہی اسلامی قوانین کو بالادستی حاصل ہو سکتی ہے۔ سب سے پہلی چیز جس پر ہم کئی سال سے جھگڑ رہے تھے، وہ یہ تھی کہ واضح طور پر قرآن و سنت کو سپریم لاء تسلیم کیا جائے کہ قرآن و سنت صرف لاء ہی نہیں ہے بلکہ سپریم لاء ہے اگر اس کو سپریم لاء مان لیتے تو سارے جو قوانین غیر اسلامی ہیں، اور جو مروجہ قوانین ہیں، جو بھی اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قوانین سے متصادم ہوتے، وہ خود بخود کالعدم ہو جاتے۔ ہم نے اس چیز کو نویں ترمیمی بل کے ذریعہ پاس کرانے کی کوشش کی اور آٹھویں ترمیم کے سلسلے میں جو جھگڑے جاری رہے، ان کے صلے میں

نویں ترمیم کا مسودہ تیار ہوا اور الحمدللہ، کہ یہ اعزاز اس سینیٹ کو حاصل ہوا کہ اس نے نویں ترمیمی بل کو راتوں رات منظور کیا۔ اس نویں ترمیمی بل میں بھی سب سے بڑی چیز جو ہمیں حاصل ہو سکتی تھی وہ یہ تھی کہ اس میں ایک دفعہ یہ تھی کہ قرآن و سنت اس ملک کا سپریم لاء ہو گا، اس "سپریم لاء" کے لفظ پر ہماری کمیٹیوں میں وزیر قانون اور وزارت قانون کے اور بڑے بڑے ججوں کے ساتھ مہینوں جھگڑے چلتے تھے۔ بالآخر انہوں نے تسلیم کر لیا تھا کہ قرآن و سنت خود ایک لاء ہے بلکہ سپریم لاء ہے لیکن پھر صدر صاحب نویں ترمیمی بل کو نظر انداز کر گئے، انہوں نے تقریروں میں تو یہ کہا کہ ممبران نے نویں ترمیمی بل کو پاس نہیں کیا۔ لیکن انہوں نے خود آرڈیننس کے ذریعہ نویں ترمیمی بل کو بالکل bulldoze کر دیا۔ میں کسی کا مخالف نہیں ہوں۔ میں اپنے معزز اراکین پارلیمنٹ سے درخواست کروں گا کہ وہ ان گزارشات کو ذہن میں رکھیں، یہ سب ایک ذمہ دار منصب پر فائز ہیں اور بات شریعت کی ہے... مقصد یہ ہے کہ ہمارے طرز فکر سے صدر صاحب خود محسوس کریں یا قوم کے سامنے اس کا اظہار کریں کہ ہمارے سامنے کون سی چیز آئی ہے اور کون سی اور آنی چاہیئے اور حقیقی اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے کس چیز کی ضرورت ہے۔

جناب والا! میں عرض کرتا ہوں کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ میں بھی آئی ہیں ان میں بھی قرآن و سنت کو سپریم لاء بنانے کی سفارش کی گئی ہے۔ پھر صدر صاحب نے اس اقدام کے لعد جناب ہالی پوتا کی نگرانی میں ایک کمیٹی بنائی اور اس کمیٹی کو بھی کہا کہ آپ ایک مسودہ تیار کریں، اس کمیٹی کے مسودہ میں بھی قرآن و سنت کو سپریم لاء کے طور پر تسلیم کرنے کی سفارش کی گئی تھی۔ پھر بائیس رکنی کمیٹی کی جو علماء کرام اور ججوں پر مشتمل تھی۔ صدر

[Maulana Sami-ul-Haq]

صاحب نے میٹنگ بلائی ۔ اس کے سامنے ہالی پوتا کمیٹی کا مسودہ رکھا۔ خود پندرہ، بیس گھنٹے اس کمیٹی کی شروع سے لیکر آخر تک کارروائی میں شریک رہے ۔ اس کمیٹی نے بھی اس بات پر زور دیا کہ قرآن وسنت کو سپریم لاء تسلیم کیا جائے لیکن اچانک جو آرڈیننس آیا، اس میں قرآن وسنت کو سپریم لاء تسلیم کرنے کی بجائے اسے ایک سرچشمہ ہدایت کہا گیا ۔"سب سے بڑا سرچشمہ" "سب سے بڑی ہدایت عظمیٰ""سب سے بڑا ہادی وراہنما اور رہبر"، یہ ایسے الفاظ ہیں ، ان سے لوگ خوش تو ہو سکتے ہیں یعنی وزن بیت کے لیئے ایک بہتر بن غزل بن سکتی ہے لیکن حقیقت میں ان الفاظ سے یہ ملک کا سپریم لاء نہیں بن سکتا۔ آپ کی پارلیمنٹ اور وزارت قانون کی تمام لائبریریاں جو ہیں یہ ہر قانون کے لیئے سرچشمہ بن سکتی ہیں ۔ آپ تمام قوانین کے لیئے کسی بھی کتاب سے اور برطانیہ کی لائبریریوں سے بھی ہدایت لے سکتے ہیں اور ان کو ماخذ کے طور پر تسلیم کر سکتے ہیں لیکن اس سے وہ قوانین نہیں بنتے۔ ہمارا جھگڑا اتنا ہے کہ قرآن وسنت سرچشمہ نہیں ہے بلکہ وہ براہ راست خود قانون ہے ، منبع ہدایت تو ہے ہی ، لیکن وہ خود قانون ہے ، اس کو حدود اللہ ، اور احکام اللہ کہا گیا ہے ۔

آپ آیت میراث کو دیکھیں کہ کتنا دفعہ وار اس کو اللہ نے مرتب کرکے بھیجا ہے ۔ ہزاروں ، بلکہ لاکھوں مسائل اس سے مستنبط ہو رہے ہیں ۔ ایک سمندر کو اللہ نے ایک ایک آیت میں سمویا ہے ۔ ایسی دفعات کسی قانون میں مرتب نہیں ہو سکتی ہیں، آپ اس کو قانون نہیں کہتے ، آپ اس کو سرچشمہ کہتے ہیں ۔ اب سرچشمہ کی پابندی ضروری نہیں ہوتی ، اس سے آپ روشنی لے

سکتے ہیں اور سب سے زیادہ ظلم یہ ہوا کہ ہم نے جو محنت نویں ترمیمی بل کو تیار کرنے میں کی تھی، نظریاتی کونسل کے ذریعہ سے، اسلامائیزیشن کی کمیٹیوں کے ذریعے سے جو محنت کی تھی، اس کو یکسر نظر انداز کر کے اسے سرچشمۂ قانون کے طور پر سمجھ لیا۔

پھر دوسرا ظلم یہ ہوا کہ اصل مسئلہ تو ہے قرآن اور سنت کی تعبیر و تشریح کا، یہ ایک ایسی چیز نہیں ہے کہ بالکل اس کو کھلا چھوڑا جائے۔ کسی بھی قانون کی تعبیر و تشریح کے لیئے کچھ صلاحیتوں کی ضرورت ہوتی ہے، کچھ حدود و قیود ہوتی ہیں، کچھ شرائط ہوتی ہیں، کچھ معیار ہوتا ہے، ہر شخص اٹھ کر آپ کے بڑے سے بڑے قانون کی تشریح و ترجمانی نہیں کر سکتا، اس کے لیئے ہم منٹو صاحب کو کہیں گے کہ آپ اس قانون کی تشریح کریں۔ آئین کی اس دفعہ کی تشریح کریں۔ اب اگر جو کوئی شخص سڑک پر سے گزر رہا ہے، خواہ وہ دکاندار ہے، زمیندار ہے، کاشتکار ہے، آپ اسے بلا کر کہیں کہ آپ اس قانون کی وضاحت کریں تو یہ درست نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ اس قانون کی تشریح و تعبیر کرائی۔ خلفائے راشدین کے ذریعہ اس کی تشریح و تعبیر ہوئی۔ صحابۂ کرام رضؓ کے ذریعہ اس کی تعبیر و تشریح ہوئی۔ زکواۃ کا، عشر کا، صلواۃ کا، تمام احکام اور قوانین کا ایک مفہوم قطعی طے ہو گیا۔ اب یہاں تشریح و تعبیر کی اگر ہم بات کرتے ہیں تو ہم کوئی فرقہ واریت نہیں پھیلاتے۔ ہم کہتے ہیں کہ شریعت کی تشریح و تعبیر کے بھی جو مسلّمہ قواعد ہیں، جو اہلیت و صلاحیت ہے، اور جو مسلّمہ آئمہ دین ہیں، جو صحابۂ کرام رضؓ ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جو ہدایات و شرائط ہیں، ان کی روشنی میں قرآن و سنت کی تعبیر و تشریح کی جائے گی۔

[Maulana Sami-ul-Haq]

جناب چیئرمین ! ہم نے اپنے بل میں تشریح و تعبیر کے متعلقہ یہ ساری روئداد لکھ دی تھی کہ افراتفری ، اور قانون کی غلط تعبیر و تشریح ، الحاد کا دروازہ اجتہاد کے نام پر نہ کھل جائے ، ان چیزوں کی وضاحت کی تھی۔ ورنہ آپ نے خود ایک شعر کا حوالہ دیا تھا۔

"حذر از اجتہاد عالمیان کم نظر"

اب اس آرڈیننس میں تشریح و تعبیر کی دفعہ کو بالکل نظرانداز کر دیا گیا ہے۔ اب آج کہا جا رہا ہے کہ پارلیمنٹ بھی قرآن و سنت کی تشریح و تعبیر کرے۔ کوئی کہتا ہے کہ وفاقی کابینہ کو بھی حق ہے کہ وہ اس کی تشریح و تعبیر کرے ، کوئی کہتا ہے کہ چند مولوی کسی جگہ جمع ہو جائیں ، تو وہ بھی قرآن و سنت کی تشریح و تعبیر کے ٹھیکیدار بن جائیں - نہیں یہ نہیں ہو سکتا۔ اگر قرآن و سنت کو ہم ایسے ہی کھلے اجتہاد کے لیئے چھوڑ دیں تو پھر کل کو "عشر" کا مفہوم بدل جائے گا ، پرسوں زکواۃ کا مفہوم ، ترسوں صلوٰۃ کا مفہوم بدل جائے گا - کوئی پارلیمنٹ کہے گی کہ سود حلال ہے ، یہ سود وہ سود نہیں ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تھا - کوئی کہے گا کہ "یہ شراب وہ شراب نہیں ہے . . . اور یہ ڈاکٹر فضل الرحمان نے کہا تھا۔ یہ سارے فتنے اس ملک میں اٹھے ہیں - تو جناب الحاد اور اجتہاد کے نام سے الحاد کا دروازہ ہی کھول دیا گیا ہے۔ قرآن و سنت سے کیا مراد ہے ، اب قرآن و سنت کا جو مفہوم ہے وہ اللہ نے اور اس کے رسول نے اور صحابہ کرام رضی اللہ نے ، سب نے طے کر دیا ہے لیکن اب اس کی وہ تعریف بالکل نظرانداز کر دی گئی ہے - کسی جج پر کوئی حدود و قیود نہیں ہونگی۔

جس وقت وہ چاہے گا قرآن و سنت کی تعبیر کر کے کہے گا کہ میں نے قرآن و سنت کی یہ تعبیر کرلی ہے ۔ اب اس کا ازالہ کیسے ہو گا .... اور اس سے کتنی افراتفری پیدا ہو گی ۔

تیسری چیز جو ہم نفاذ شریعت کے لیئے ضروری سمجھتے تھے ، وہ یہ تھی کہ عدالتوں کا نظام تبدیل کیا جائے یا کم ازکم عدالتوں کو قرآن و سنت کے مطابق فیصلے کرنے کا پابند بنایا جائے ۔ یہاں تقریباً چالیس سال سے قرآن و سنت کے مطابق قوانین بنانے کی جتنی بھی باتیں کی جا رہی ہیں ۔ ان میں منفی پہلو آتا ہے کہ قرآن و سنت کے خلاف قانون نہیں بنایا جائے گا، اس طرح بات نہیں بنتی ۔ بات مثبت شکل میں بنتی ہے کہ قرآن و سنت کے ماتحت یہ عدالتیں ہوں گی اور عدالتیں قرآن و سنت کے مطابق فیصلہ کریں گی عدالتوں کے نظام کو ہم اس طریقے سے تبدیل کرانا چاہتے تھے کہ عدالتیں قرآن و سنت کے مطابق فیصلہ کرنے کی پابند ہوں۔ اگر عدالتیں پابند نہ ہوں تو اللہ اور رسول کی حاکمیت ہی پھر سرے سے غلط ہے۔ ہم sovereignty اللہ تعالٰی کو دیتے ہیں اور حاکم اعلیٰ اس کو قرارداد مقاصد میں تسلیم کرتے ہیں ۔ حاکمیت اعلیٰ کا تقاضا یہ ہے کہ جو اللہ نے احکام نازل فرمائے ہیں ، ان کو نافذ کرایا جائے ۔ ان کو نافذ کرایا جا سکتا ہے تو عدالتوں کے ذریعہ ہی نافذ کرایا جا سکتا ہے کہ جج ہی قرآن و سنت، اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کے مطابق فیصلے کریں۔

شریعت آرڈیننس میں جو چیز سامنے آئی اس میں یہ نہیں کہا گیا کہ عدالتوں کو قرآن و سنت کے مطابق فیصلے کرنے کا پابند بنایا جاتا ۔ بلکہ یہ کہا گیا کہ عدالتیں موجودہ مروّج انگریزی قوانین اور تعزیرات کے مطابق

[Maulana Sami-ul-Haq]

فیصلے کرتی رہیں گی، اور زیادہ سے زیادہ اگر کوئی شخص چاہے تو عدالت میں جا کر اپیل دائر کر سکتا ہے، اعتراض کر سکتا ہے کہ یہ قانون قرآن و سنت کے خلاف ہے۔ پھر اس کے اندر عجیب بات یہ ہے کہ اسے جج کی صوابدید پر چھوڑا گیا، اسی عدالت کی مرضی پر چھوڑا گیا ہے کہ وہ جج اس اعتراض کو معقول سمجھتا ہے یا غیر معقول سمجھتا ہے۔ کوئی بھی جج اپنے آپ کو ان جھنجھٹوں میں نہیں ڈالے گا اور وہ یک لخت اس اعتراض کو نا معقول قرار دے گا۔ اب اگر وہ جج اس اعتراض کو معقول سمجھتا ہے تو پھر وہ مسئلہ دوسری عدالت کو بھیج سکتا ہے جب کہ اسے شریعت کورٹ تک محدود کرنا ٹھیک نہیں تھا۔ اس میں تمام ہائیکورٹوں اور سپریم کورٹ کو اختیار دینا چاہیئے تھا کہ وہ اس اعتراض کا جائزہ لیں پھر ظلم یہ ہوا کہ جب کسی شخص نے رٹ داخل کر دی کہ یہ قانون قرآن و سنت کے خلاف ہے اور جج نے اس کا اعتراض معقول سمجھ کر مقدمہ اوپر بھیج دیا۔ اس کے فیصلے کا انتظار کیئے بغیر اسی جج کو اختیار دیا گیا کہ وہ مروّجہ قانون کے مطابق اس کیس کا فیصلہ کر سکتا ہے۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ اس جج کو فی الحال روک دیا جاتا کہ جب ایک مدعی نے اعتراض کیا ہے اور استغاثہ دائر کیا ہے کہ یہ خلاف شرع قانون ہے تو اس کو اس فیصلے سے روک دیا جاتا کہ جب تک اوپر سے فیصلہ نہ آجائے یعنی ہائی کورٹ اور شریعت کورٹ کا فیصلہ نہ آجائے۔ اس کا فیصلہ روکا جاتا۔ چنانچہ جو معاہدہ علماء کے ساتھ طے ہوا تھا اس میں یہ بات طے ہو گئی تھی کہ اس کو روکا جائے گا۔ لیکن جب دوسرے دن شریعت آرڈیننس آیا اس میں یہ واضح طور پر آیا کہ وہ بے انتظار کیئے بغیر فیصلہ بھی کر سکتا ہے۔ اب ایک غریب دہقان شخص کو کیا پڑی ہے کہ وہ عدالتوں میں جائے کسی قانون کو اسلامی بنانے کے لیئے، وکیل پکڑے،

ہزاروں لاکھوں روپے خرچ کرے۔ پھر اسے یہ بھی یقین ہے کہ اسے اس مقدمے میں Stay Order بھی نہیں مل سکتا اور جج اپنا فیصلہ مروجہ قوانین پر دے گا۔ تو اس کو کیا پڑی ہے کہ وہ اتنا درد سر اٹھائے پھر اگر کسی قانون کو عدالت غیر اسلامی قرار دے، تو متبادل راستہ کونسا اختیار کیا جائے پھر اسمبلی بیٹھے گی اور اس کے بارے میں متبادل قانون سامنے لائے گی۔

تا تریاق از عراق آوردہ شد
مار گزیدہ مردہ شد

اسی طرح تمام انگریزی قوانین جو نافذ ہیں ان کو اسلامی بنانے کے لیئے میرے خیال میں عمر نوحؑ سے بھی زیادہ عرصہ درکار ہوگا۔ ایسا سلسلہ رکھا گیا کہ نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی۔ عدالتیں اسی نظام پر چلتی رہیں گی۔ ہم ان کو پابند بنانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے ان کو بالکل آزاد چھوڑ دیا۔ تو اس طریقے سے ہم کسی قانون کو اسلامی نہیں بنا سکتے اور نہ عدالتیں اسلامی قوانین پر کاربند رہ سکتی ہیں۔ تو یہ آرڈیننس بھی محض ایک دھوکہ ہے۔ اگر یہ آرڈیننس اسی طرح نافذ رہا تو شریعت کا نفاذ اسوقت تک رکا رہے گا۔ پھر ہم مقننہ کو پابند بنانا چاہتے ہیں کہ ہم جمہوریت کے قائل ہیں۔ لیکن ہماری جمہوریت، مغرب اور یورپ کی جمہوریت الگ الگ ہے، ہماری جمہوریت اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کے دائرے میں ہے اور کوئی قانون ساز اسمبلی ایسا قانون نہیں بنا سکتی جو قرآن و سنت کے صریح احکام سے متصادم ہو۔ ان تمام دفعات کو بھی یکسر نظر انداز کر دیا گیا۔ پھر ہم نے یہ رکھا تھا کہ تمام پالیسیاں اسلام کے تابع ہوں۔ اس آرڈیننس میں یہ تو رکھا گیا ہے تمام پالیسیاں اسلام کے دائرے میں ہوں گی۔ لیکن یہ بات اس میں بالکل

[Maulana Sami-ul-Haq]

کھلی چھوڑ دی گئی ہے کہ پالیسیوں کا احتساب کون کرے گا۔ اس کے احتساب کا حق کس کو دیا گیا ہے کہ وہ دیکھے کہ کون سی پالیسی اسلام کے مطابق ہے اور کون سی نہیں ہے۔ یہ تو آئین کے رہنما اصولوں میں بھی باتیں تھیں وہ صرف رہنما اصول کی بات ہے۔ پالیسیوں کو اسلام کے دائرے میں رکھنے کے لیئے بھی ایک احتسابی نظام اور قانون ہونا چاہیئے تھا۔ پھر ہم نے انتظامیہ کو اسلامی قانون کا پابند بنانے کی دفعات رکھی تھیں کہ عمال حکومت بشمول صدر، وزیراعظم کوئی بھی ایسا حکم نافذ نہیں کر سکے گا جو قرآن اور سنت اور اللہ کے احکام سے متصادم ہو۔ چنانچہ اس بات کو بھی مشترکہ اور متفقہ مسودہ میں تسلیم کر لیا گیا تھا۔ دوسرے دن جو آرڈیننس آیا اس میں انتظامیہ، صدر اور وزیراعظم کو احتساب سے بالاتر رکھا گیا۔ حالانکہ قرآن اور سنت اور اسلام کی نگاہ میں اس ملک میں صدر، وزیراعظم سب برابر ہیں اور ان کا ایک ہی طرح محاسبہ ہو۔

آج جو سب سے بڑی بات انقلاب کی گئی ہے وہ تعلیم اور مالیات کے بارے میں ہے اس میں کہا گیا ہے کہ ایک کمیشن قائم کیا جائے گا۔ ان دونوں شعبوں میں صدر صاحب ۶۰ دنوں یا ۳۰ دنوں کے اندر کمیشن قائم کریں گے جو وہ قائم بھی کر چکے ہیں۔ جو دو سال کے اندر ایک رپورٹ دیں گے۔ اب اس کو آپ قانون نہیں کہہ سکتے اس طرح تبدیلی کون سی آئی۔ صدر تو کسی وقت بھی ایک کمیشن قائم کر سکتا ہے اور الحمدللہ اس ملک میں سارا سلسلہ ہی کمیشنوں پر چل رہا ہے۔ ساری عمارت ہی کمیشن اور کمیٹیوں پر استوار ہے۔ میں نے آپ سے عرض بھی کیا تھا کہ دھوبن عورت کا شوہر شہنشاہ جہانگیر سے شکار کے دوران قتل ہو گیا۔ جہانگیر کے عدل کے بڑے چرچے تھے وہ بڑا پریشان تھا اور وہ عورت قصاص مانگ رہی تھی۔ اس کے وزرائے کرام نے، وسیم سجاد صاحب

اور اقبال احمد خان جیسے وزراء نے ، ہمارے دوست اقبال احمد خان چلے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ غریق رحمت کرے ، شہنشاہ کو مشورہ دے دیا کہ جہانگیر صاحب کیوں آپ پریشان ہیں ۔ انہوں نے جواب دیا کہ مجھ پر دھوبن (عورت) قتل کا دعویٰ کرے گی جبکہ میرے عدل کا ساری دنیا میں چرچا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ آپ پریشان نہ ہوں۔ آپ ایک کمیشن قائم کردیں ۔ جہانگیر نے کہا کہ بہت اچھا کمیشن قائم کر دیا تو پھر کیا ہوگا۔ انہوں نے جواب دیا کہ اگر کمیشن نے آپ کے خلاف فیصلہ دے دیا تو پھر ہم اس کے اوپر دوسرا کمیشن بٹھا دیں گے ۔ اس نے کہا کہ پھر ، تو انہوں نے کہا کہ پھر اسی طرح تیسرا کمیشن بٹھا دیں گے ۔ چوتھا بٹھا دیں گے ، کمیشن بٹھانے سے ہمیں کوئی روک نہیں سکتا ۔ بالآخر اسی دوران وہ عورت بے چاری مر جائے گی اور دعویٰ ہی ساقط ہو جائے گا کہ وارث ہی ختم ہو گئے ۔ یہاں وہی صورت حال ہے کہ کمیشنوں کے قیام کا مژدہ سنایا گیا ہے ۔ حالانکہ تعلیم کے بارے میں اس وقت حکومت کے سرد خانوں میں چالیس کے قریب رپورٹیں دبی ہوئی ہیں ۔ بڑے بڑے کمیشن بیٹھے جنہوں نے بڑی جامع اور موثر رپورٹیں دیں۔ یہی حال مالیات کے متعلق کمیشنوں کا ہے ۔ دنیا بھر کے علماء ماہرین وغیرہ سے رائے لی گئی اور سینکڑوں صفحات کی رپورٹیں مرتب ہوگئیں۔ بلا سودی نظام کی بارے فاضل کمیشنوں نے ایسی رپورٹیں مرتب کی ہیں کہ جن پر سعودی عرب اور دیگر اسلامی ملکوں نے خراج تحسین پیش کیا ہے کہ واقعی یہ متبادل راستے ہیں اور ان پر عمل کرنے سے بلا سودی نظام چل سکتا ہے ۔ وہ ساری رپورٹیں آپ کے ریکارڈ میں وزارت قانون میں موجود ہیں ۔

پھر سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل جن پر آپ کروڑوں روپے خرچ کر رہے ہیں اور اس نے کافی محنت کی ہے اور اس کی تقریباً

[Maulana Sami-ul-Haq]

۲۰ رپورٹیں تو اس ایوان میں پیش ہو چکی ہیں، ان کی رپورٹوں میں مالیات اور تعلیم کے بارے میں مکمل متبادل تجاویز موجود ہیں ۔ اس نظریاتی کونسل میں شیعہ، سنی، بریلوی، دیوبندی، جج، وکیل اور مولوی بھی ہیں ۔ اتنے جامع اور مؤثر ادارہ نے کروڑوں روپے خرچ کیے اور مؤثر رپورٹیں ہمارے سامنے رکھیں۔ ہمیں آرڈیننس میں کمیشن کا مژدہ وہ سناتے ہیں۔ اگر ان رپورٹوں سے لے کر کچھ ہمارے سامنے رکھ دیتے کہ یہ فوری تبدیلی ہم لا رہے ہیں تو پھر تو کوئی بات بھی تھی ۔ مزید یہ کہ اس نے سینکڑوں قوانین کے غیر اسلامی ہونے کی نشاندہی بھی کی ہے لیکن ہم نے اس تمام ذخیرے کو نظرانداز کر دیا ۔ گویا آج ہم نئے سرے سے غور کر کے قوم کے سامنے ایک رپورٹ پیش کریں گے۔ اب اس رپورٹ کا صدر پابند ہو گا یا نہیں، آرڈیننس میں تو اس کا ذکر نہیں ہے ۔ کمیشن اگر دو سال بعد رپورٹ دے بھی دے تو اس کی کیا گارنٹی ہے کہ صدر اس کا بھی پابند ہو گا یا نہیں ۔

میں سمجھتا ہوں کہ یہ شریعت آرڈیننس ایک لحاظ سے بالکل ناقص اور غیر مؤثر ہے۔ ہم لوگوں کو دھوکہ دے رہے ہیں کہ اسلام نافذ ہو گیا ۔ خوشیاں مناتے ہیں ڈھول بجاتے ہیں کہ اسلام نافذ ہو گیا ہے ۔ صبح غریب اٹھتا ہے تو اس کی مشکلات اور بھی بڑھ چکی ہوتی ہیں، اس کو عدالتوں میں اور بھی دھکے کھانے پڑتے ہیں، اس کو زیادہ رشوت دینی پڑتی ہے ۔ اس کو زیادہ مہنگی چیز خریدنی پڑتی ہے، اس کو ملاوٹ اور سمگلنگ کا زیادہ سامنا کرنا پڑتا ہے، وہ اور بھی مصیبتوں کی چکی میں پستا جاتا ہے ۔ وہ کہتا ہے کہ وہ سبز جنت تو ہمارے سامنے اسلام کا ایک تصور تھا، کیا وہ یہی ہے؟ اس اسلام نے

تو ہمیں اور بھی تباہ کر دیا۔ ان محض اعلانات سے ہم اسلام کے ساتھ غداری کر رہے ہیں۔ آئندہ لوگ اسلام کا نام سننا گوارہ نہیں کریں گے۔ آپ اگر حقیقی معنوں میں بھی اس ملک میں اسلام نافذ کریں گے تو لوگ کہیں گے اسلام میں کیا ہے۔ اسلام نے ہمیں کیا دیا وہ تو ایک آدھی روٹی اگر ملتی تھی وہ بھی اسلام نے چھین لی۔ اب ایسے آرڈیننسوں اور ایسے اعلانات کے ذریعے اسلام تو نافذ نہیں ہو سکتا، لوگ سوچتے ہیں کہ واقعی ہم عدالت میں جائیں اور انصاف کا دروازہ کھٹکھٹائیں اور بیرسٹروں کے ہمیں انصاف ملے گا اور گھر پر انصاف ملے گا۔

میں آپ کے ایوان کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ کتنی بڑی زیادتی ہے کہ ۲۲ علماء کو بلا کر اتنی محنت کے بعد ایک مسودہ (ڈرافٹ) تیار کیا گیا اور اس پر اتفاق رائے بھی ہو گیا کہ یہ یہ چیزیں مسودے میں شامل ہوں گی اور یہ آرڈیننس جاری ہو گا۔ اس کے ہر صفحے پر سب کے دستخط کرا لیے گئے۔ اس کی فوٹو سٹیٹ کاپی میرے پاس موجود ہے، اس آرڈیننس کی فوٹو سٹیٹ کاپی جس کے ہر صفحے پر تمام ارکان کے دستخط ہیں اور ۲۲ گھنٹوں کی محنت کے بعد طے ہو گیا کہ یہ ہے آرڈیننس، لیکن دوسرے دن جو چیز آتی ہے اس میں سراسر ان تمام دفعات کو تبدیل کر دیا گیا، ساری قوم کے ساتھ ایک ملک کے سربراہ یا ذمہ دار لوگوں کی طرف سے اگر ایسا دھوکہ کیا جائے تو ان لوگوں کو سوچنا چاہیے جو اس کمیٹی میں بیٹھے ہوئے تھے، الحمدللہ ہم اس جرم میں شریک نہیں تھے، ہم نے کہا بہت اس جرم میں شریک ہو گئے ہیں آئندہ ہمیں دور رکھیں، قاضی صاحب بس تشریف لے گئے ہیں، وہ اس کمیٹی میں موجود تھے، میں ان سے بھی اپیل کروں گا کہ اس سارے مسودے اور اس کے تضادات کو سامنے رکھیں اور اپنے معزز ایوان کے ارکان کے سامنے وہ صورتحال رکھیں کہ کیسا

[Maulana Sami-ul-Haq]

آرڈیننس یہ نافذ ہوا ہے ۔ ہم چاہتے ہیں کہ جو چیزیں میں نے عرض کی ہیں یا جو اس مسودے ہیں تھیں وہ تمام ترامیم کی شکل میں اس میں شامل کی جائیں اور اس آرڈیننس کو ایک جامع شکل میں نافذ کیا جائے ۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دے کہ ہم واقعی اس ملک میں شریعت نافذ کر سکیں ۔ اللہ نے ہمیں ایک عبرت دی ہے ہمارے سامنے قومی اسمبلی کا یہ سانحہ جو آیا ہے ۔ کئی معزز ارکان اور وزیراعظم کو میں نے تنہائی میں بار بار کہا کہ ہم سب پر کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ مار پڑ سکتی ہے کیونکہ ہم نام اسلام کا لے رہے ہیں ۔ آتے اسلام پر ہیں پھر شریعت کو اس طرح نظر انداز کر دینا اس کے ساتھ تمسخر اور استہزار ہے ۔ اللہ تعالیٰ تو یہ سب کچھ دیکھتے ہیں ۔ وہ راتوں رات سب کچھ تبدیل کر سکتا ہے تو اس وقت اس ملک میں سینیٹ چونکہ واحد ادارہ ہے ۔ ایک جمہوری ادارہ ہے اور ایوان بالا ہے جس کے ارکان کی ذمہ داریاں اس معاملے میں بڑی نازک ہیں اور اللہ تعالیٰ کو حاضر وناظر جان کر اپنی ذمہ داریاں نبھانی چاہئیں اس طرح تو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بھی ہم سرخرو ہوں گے اور قوم کی بارگاہ میں بھی ہم سرخرو ہوں گے ورنہ ہمارے سامنے بھی یہ بات ہونی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں دیر ہے اندھیر نہیں ہے ۔ ہم سب کو اس وقت پورے اخلاص سے صدر صاحب کی رہنمائی کرنی چاہیئے اور اصرار سے ، منت سماجت سے ان سے کہنا چاہیئے کہ واقعی ہم تیار ہیں ۔ آپ شریعت آرڈیننس کی شکل میں شریعت کے لیئے جو بھی اقدام کرتے ہیں ہم آپ کی تائید کرتے ہیں ۔ آپ مؤثر شکل میں ہمارے سامنے کوئی چیز لائیں ہم ایک منٹ میں اس کو پاس کریں گے ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! جناب جہانگیر شاہ جوگیزئی صاحب ۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ : اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ، بسم اللہ الرحمن الرحیم

چیئرمین صاحب! اس آرڈیننس پر مولانا سمیع الحق صاحب نے اپنی رائے کا اظہار کیا، میں سمجھتا ہوں کہ یہ شریعت آرڈیننس ایک ذریعہ ہے مگر قانون نہیں ہے کہ اس کے آنے سے ہمہ گیر نظام نافذ ہو گیا، اب میں اس کی میکینزم کو دیکھوں گا۔ کیا اس میکینزم سے شرعی انصاف یا وہ تقاضے پورے ہو سکتے ہیں یا کہ اس سے مزید تاخیر اور الجھنیں پیدا ہو سکتی ہیں، جو پروسیجر اس میں دیا گیا ہے اس سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ "کار جہاں دراز ہے اور ابھی انتظار کر"۔ سب سے پہلے میں یہ بتاؤں گا جناب عالی کہ شریعت کہتے کس کو ہیں۔ جب تک کہ آپ شریعت کو define نہیں کرتے اور جب تک آپ موجودہ زمانے کا قانون جو نافذ ہے اس کے ساتھ اس کا مقابلہ نہیں کرتے تب تک یہ مسئلہ حل نہیں ہو سکتا۔ اگر یہ مسئلہ اسی طرح سے حل ہوتا تو سب سے پہلے قرارداد پاکستان کو دستور میں شامل کرنے پر جب خوشیاں منائی گئیں تو ہم نے کہا کہ بس اسلام آ گیا، مگر نہیں آیا، پھر دستور کے آرٹیکل 2-A میں درج ہو گیا، پھر بھی نہیں آیا، آرٹیکل ۲۲۷ کو پھر آپ نے آئین کا آرٹیکل بنایا کہ کوئی قانون اسلامی احکام کے خلاف نہیں ہو گا لیکن کیا آج تک کوئی بھی ایسا قانون بنا ہے جو کسی نے کہا کہ یہ اسلام کے خلاف ہے۔

پھر آپ جناب دیکھیں کہ قرآن شریف اس بارے میں کیا کہتا ہے، اللہ تعالیٰ کے احکام کیا ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جو کوئی میرے دیئے ہوئے قانون کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا وہ کافر ہے، وہ ظالم ہے، وہ فاسق ہے۔ تفہیم القرآن میں جو اس کی تشریح کی گئی ہے وہ یوں ہے کہ کافر اس صورت میں جب اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں قانون لاتا ہے، ظالم اس صورت میں کہ انصاف تو صرف اسلامی عدل و انصاف اور قانون میں ہوتا ہے جب

[Nawabzada Jehangir Shah Jogezai]

وہ اس کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا تو وہ ظالم ہوتا ہے، فاسق اس لیئے کہ فاسق کا کوئی کریکٹر نہیں ہوتا ہے اس کے ہاتھ میں جو قانون دے دو وہ ضمیر پر پاؤں رکھ کر کے آگے چلا جاتا ہے۔ اب جناب عالی! یہ شرعی نکتہ ہے کہ کیا ہماری عدالتیں اس آیت کے زمرے میں آتی ہیں کہ نہیں اگر وہ اس زمرے میں آتی ہیں تو آپ ان سے اسلام مانگتے ہیں، آپ ان سے اسلامی نظام مانگتے ہیں، آپ ان سے انصاف مانگتے ہیں، پاکستان میں جو بھی آج تک عدالتوں نے فیصلے کیئے ہیں انہوں نے خدا کو چھوڑ کر، قوم کو چھوڑ کر ہمیشہ آمریت کا ساتھ دیا ہے، اس لیئے ساتھ دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے قانون کے مطابق وہ لوگ یا کافر ہیں یا فاسق ہیں یا ظالم ہیں، فاسق، کافر اور ظالم سے آپ کیسے انصاف کی توقع کر سکتے ہیں۔

جناب آج اگر ایک مقدمہ قتل میں مدعی چاہتے ہیں کہ راضی نامہ کریں تو آپ کہتے ہیں کہ نہیں میں راضی نامہ نہیں کرنے دیتا جب کہ اللہ تعالےٰ نے اس کی اجازت دی ہے۔ ایک مقدمے میں آپ کے پاس مضروب آتا ہے، دفعہ ۳۲۳ کا آتا ہے، ۳۲۵ کا آتا ہے، ۳۲۶ کا آتا ہے، آپ کہتے ہیں کہ اس کی دیت تو نہیں دیتے، جرمانہ سرکار کے خزانے میں جمع کرا دو، یہ کہاں کا انصاف ہے، عدالتیں اسی پر فیصلہ کرتی ہیں اور اپنے آپ کو انصاف والی بھی کہلاتی ہیں کہ وہ انصاف دلاتی ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ نے جتنے قوانین دیئے ہیں انسان کے جسم سے تعلق رکھنے والے جرائم کے متعلق تو وہاں یا مضروب ہوتا ہے یا ضارب ہوتا ہے یا مقتول ہوتا ہے یا قاتل ہوتا ہے، ان صورتوں میں یا تو قصاص لیا جاتا ہے مدعی کی خواہش کے مطابق یا اس کو مدعی کی خواہش کے مطابق دیت دی جاتی ہے، سرقہ میں قید کی سزا نہیں ہے، نکاح ہے، طلاق ہے، سب معاملات میں خدا نے سارا کچھ فرما دیا ہے۔ اسی طرح سے فساد فی الارض

کے لیئے اللہ تعالے نے سزائیں مقرر کی ہیں، قتل ہے، پھانسی ہے، یا ہاتھ پاؤں کاٹنا ہے یا اگر دفعہ ۱۸۰ کا مقدمہ آگیا تو قرآن میں تو تمام قوانین صرتحاً دیئے ہوئے ہیں، اس کے بعد جو قانون قرآن میں موجود نہیں ہے اس کے لیئے ایک اصول بنایا گیا ہے کہ جو بھی قانون اس میں نہ ہو تو دیکھا جائے کہ سنت اس بارے میں کیا کہتی ہے۔ اگر سنت میں نہیں ہے تو اجماع اور پھر قیاس، اور اسی طرح سے بارہ اور اصول فقہ ہیں، اور پھر جیسا کہ شراب نوشی، زنا اس کے لیئے قرآن میں قانونی سزا ہے لیکن سود کھانا معاشرے کے لیئے رکھا ہوا ہے کہ معاشرہ کس قسم کا قانون یا کس قسم کی سزا دینا چاہتا ہے تاکہ وہ جرم آئندہ نہ ہو، یہ تو ظاہر چیزیں ہیں اور جب تک یہ ایک قانون آتا ہے دوسرا قانون منسوخ نہیں ہوتا ہے، وہ قانون بالکل لاگو نہیں ہوتا، وہ مؤثر نہیں ہوتا۔ اب مؤثر طریقہ یہ ہے کہ آپ جو بھی دفعات ہیں تعزیرات پاکستان میں ان کو پہلے منسوخ کیجئے پھر ان کی جگہ پر یہ قانون لاگو ہوگا۔ پھر ہر مسئلہ عدالت کے پاس آجائے گا۔ ایک تو صورت یہ ہے دوسری صورت یہ ہے جو آپ اس آرڈیننس کے ذریعے سے کرنا چاہتے ہیں تو پھر اس شخص کو جج لگایا جائے جس کو شریعت کے مطابق چار ہزار حدیثیں یاد ہوں شرعاً وہ قاضی بن سکتا ہے۔ ہر آدمی کا دو چار کتابیں پڑھ کر جج بن جانا تو آسان بات ہے۔ پولیس چالان کرتی ہے۔ پولیس کا ساتھ دو، جس کو چاہے convict کرو، جس کو چاہے نکال دو۔ کیونکہ یہاں مدعی کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔

اب میں اکیڈمی کی بات کرتا ہوں جو شریعت اکیڈمی بنی ہے۔ ایک دن میں جا رہا تھا تو راستے میں ہمارا ایک واقف ملا۔ میں نے اس کو کہا کہ کہاں رہتے ہو، اس نے کہا کہ ادھر ہوسٹل میں رہتا ہوں، وہ ہوسٹل میرے گھر کے ساتھ

[Nawabzada Jehangir Shah Jogezai]

ہے ۔ میں نے اس کو چائے پانی کے لیئے پوچھا، اس نے کہا کہ میں جلدی میں ہوں ۔ اس وقت دو سیشن جج وہاں کھڑے تھے، میں نے کہا کہ آپ نے وہاں کیا سیکھا ہے ۔ میں نے پوچھا کہ موجودہ تعزیراتی قانون اور اسلامی قانون میں کیا فرق ہے basically there is no difference. میں نے کہا کہ شریعت میں مدعی کون ہوتا ہے ۔ اور موجودہ لار میں مدعی کون ہوتا ہے تو پھر میں نے بتایا کہ یہاں پر مدعی آپ کی پولیس ہے اور شریعت میں جو مدعی ہے وہ عاقلہ ہے ۔ میں نے کہا کہ اگر یہ تمہیں سکھایا گیا ہے تو ماشاء اللہ پھر تو اسلام کا سلسلہ جلدی جاری ہوگا ۔

جناب عالی صاف بات ہے یہ مسئلہ زیادہ ٹائم نہیں لیتا، اس پر کمیشنوں کے بٹھانے کی ضرورت نہیں ہے، اس میں صرف یہ ہے کہ قرآن میں کیا لکھا ہے، اس کو نافذ کر دو ۔ اس پر کسی کا جھگڑا نہیں ہے ۔ اب فقہی مسئلے آجاتے ہیں ۔ دو قسم کے علماء آپ کے سامنے آئیں گے، ایک وہ عالم جو مقلد ہوتا ہے، ایک وہ عالم جو محقق ہوتا ہے، محقق کا مطلب یہ ہے وہ قرآن پر عبور رکھتا ہے ۔ عبور تو شاید آج تک کوئی نہ رکھ سکا ۔ زمانے میں جیسے جیسے علوم ظاہر ہوتے رہے اسی طرح سے قرآن کے معنی ظاہر ہوتے ہیں اور بقول شخصے قرآن میں دو لاکھ ستر ہزار علوم ہیں اس سے انسان حیران ہوتا ہے، واقعی بہت زیادہ ہیں ۔ دوسرا عالم مقلد ہے ۔ اب مقلد کی بھی انسان کو سیڑھی پڑھنی چاہیئے ۔ ہماری جو فقہ ہے وہ کن کن مراحل سے گزری ہے ۔ کون کون سے مراحل پر آمریت یا اس زمانے کے خلفاء جو آمریت کی شکل اختیار کر چکے تھے اس پر اثر انداز ہوئے ۔ کیا کیا ان کے سامنے مشکلیں آئیں ۔ اگر اس زمانے میں اسلام کا صحیح شورائی نظام ہوتا اور ایک جیورسٹس کا نفرنس ہوتی یا جیورسٹس کا ایک حلقہ ہوتا تو آج ہم کو اتنے

مشکل مرحلے نہ پیش آتے ۔ لیکن جب ہر ایک عالم کسی مسئلہ میں اجتہاد کرتا ہے یا اسی طرح سے بیسک لا پر آپ ایک قانون بناتے ہیں ۔ رولز بناتے ہیں تو فقہ کی میں ایک مثال دیتا ہوں ۔ اللہ تعالیٰ ان کو پسند کرتا ہے جو توبہ کرتے ہیں، ان کو پسند کرتا ہے جو طہارت کرتے ہیں ۔ اب اس پر ایک کتاب بنائی گئی "کتاب الاطہارۃ" یعنی physical hygiene اب اس کا مطلب یہ تو نہیں ہے کہ فقہ یہاں کھڑی ہو گئی ۔ اب sanitation کا علم ہے، pollution کا علم ہے، ecology کا علم ہے۔ جتنا آپ غور کریں گے اتنے آپ کے علوم بڑھتے جائیں گے۔ چونکہ قرآن آخر تک رہنے والی کتاب ہے، اس کی ایک جامعیت ہے، اس جامعیت کو سمجھنے کے لیئے اس پر آپ مہر نہیں لگا سکتے کہ اس کے بعد آگے نہیں ہے ۔ اسی طرح سے میں نے قصاص کو پڑھا جو سب سے بڑی عجیب چیز ہے ۔ تعزیر بھی ہے، حدود بھی ہے ۔ تعزیر کا کوئی ماخذ نہیں ہے، نہ قرآن سے ہے نہ سنت سے ہے۔ اگر حدود میں نہیں پکڑا گیا تو تعزیر دے دو، یہ اس لیئے ہے کہ اجتہاد پر مہر لگانے کے بعد ہمارے علم پر بڑی کاری ضربیں لگی ہیں ۔ ہم آپس کے اختلاف کی وجہ سے اس مخمصے میں پھنس گئے۔ اب دیکھیئے ہوتا کیا ہے ؟ چوری پر سزا دینے کے لیئے دو گواہوں کی ضرورت ہے ، زنا کے جرم کی سزا دینے کے لیئے چار گواہوں کی ضرورت ہے ۔ قرآن میں یہ ذکر نہیں کہ اتنے گواہ چوری پر آئیں، اتنے فساد پر آئیں ۔ بلکہ اس میں کہا شہادہ ۔ اب شہادت کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ایک جرم کا ثبوت مل سکے ۔ اب قرآن مجید میں موجود ہے کہ ہاتھ اور پاؤں آکر شہادت دیں۔ اس زمانے میں کسی کو فکر نہیں تھا۔ کبھی یہ ثابت نہیں ہوتا تھا کہ ہاتھ پاؤں بھی شہادت میں آ سکتے ہیں۔ انہوں نے

[Nawabzada Jehangir Shah Jogezai]

آخرت کے لیئے چھوڑ دیا کہ آخرت میں تمہارے ہاتھ پاؤں شہادت دیں گے جبکہ اللہ تعالیٰ کہتا ہے کہ تمہارے دونوں کاندھوں پر ملائکہ ہیں جو تمہارے کردار کو، تمہارے حالات کو لکھ رہے ہیں، اچھے نیک و بد - آج دنیا سمجھ گئی ہے - آج سائنس نے ثابت کیا ہے کہ ہاتھ اور پاؤں کے لکھے ہوئے میں فرق ہے اور اس سے ایک آدمی آسانی سے چوری کر سکتا ہے اور ایک آدمی چوری کرتا ہے تو چوری دو آدمیوں کے سامنے ہو بھی نہیں سکتی - اگر دو آدمی موجود ہوں تو چور چوری کیسے کر سکتا ہے - اس کا کسی کو خیال نہیں ہے - شہادت کا جو ایکٹ ہے وہ بڑا مضحکہ خیز ہے - اب ہوتا کیا ہے، چوری ہوتی ہے، مال برآمد ہوتا ہے، برآمدگی کے لیئے دو آدمی گواہ ہونے چاہئیں - یہ چشم دید گواہ ہیں - دو آدمی آتے ہیں کہ یہ مال واقعی فلاں کا ہے - چوری ثابت ہو گئی - قرآن میں تو یہاں تک بھی ہے کہ آپ کا ذرہ ذرہ بھی شہادت دے گا - آپ کا بلڈ ہے، آپ کا semen ہے - اصل بات کیا ہے کہ جب فقہا دیکھتے ہیں کہ اب حدود کے مطابق تو سزا نہیں ہو سکتی تو چلو تعزیر کے تحت دے دو - تعزیر میں پھنساؤ - تعزیر میں اس کو سزا دو - جبکہ قرآن میں death کی سزا ہے ہی نہیں - یہ بالکل غیر اللہ ہے اور جو شخص death کی سزا دیتا ہے - اس زمرے میں آتا ہے جس کا ذکر میں نے پہلے کیا -

جناب عالی! اس آرڈیننس سے پراپیگنڈے کے لیئے تو اچھا مواد مل سکتا ہے لیکن اسلام سے ہر آدمی باخبر نہیں ہے اور نہ اس قانون سے باخبر ہے، نہ اسلامی پروگرام سے باخبر ہے - اسلام میں تین چیزیں ہیں - عقائد، عبادات اور معاملات - معاملات پر جہاد ہے - اگر معاملات کو درست نہ کیا تو ہر مسلمان پر جہاد فرض ہے کہ ان معاملات کو درست کرے ورنہ

ان کو مٹا دو۔ حکومت ہو، ایسی روایات ہوں یا ایسے قبائلی نظام ہوں یا اس قسم کا قانون ہو یا اس قسم کا نظام ہو جس سے لوگوں کو تکلیف ہو، جہاں پر غربت ہو اور ان کا مداوا نہ کیا جا سکے، ایسا نظام مٹانے کے لیئے اللہ نے کہا ہے اور بہتر معاشرت کے لیئے کہا ہے۔ کہ حلال کماؤ۔ جمع نہیں کرو۔ دولت کو ایک جگہ پر concentrate نہیں کرو اور جو مال ضرورت سے زیادہ ہو وہ اللہ کے نام پر دے دو۔ پھر کہتے ہیں کہ تم وہ قوم ہو کر جب قومی فائدے کا وقت آتا ہے تو تم اپنی مٹھیاں بھینچ لیتے ہو، بخل کرتے ہو اگر تم ایسا کرو گے تو میں تمہاری جگہ اور قوم لا کر کھڑا کر دوں گا۔ پھر کہتا ہے۔

(عربی)

یہ جتنی رشوت ہے، یہ جتنی سمگلنگ ہے، اس لئے ہے کہ ہمارے اخراجات ہماری ضرورت سے زیادہ ہیں اور ان کو پورا کرنے کے لیئے ہم یہ چیزیں کرتے ہیں پھر زکوٰۃ ہے۔ زکوٰۃ اتنی لازمی ہے جس پر جہاد ہو چکا ہے، اس لیئے ہوا کہ یہ پبلک معاملہ تھا، جو لوگوں کا معاملہ تھا، اگر کوئی آدمی خدا پر یقین رکھتا ہے یا نہیں، یہ اس آدمی کا اور خدا کا معاملہ ہے لیکن جہاں تعلقات عامہ ہوتے ہیں وہاں جہاد فرض ہوتا ہے اس لیئے منکرین زکوٰۃ کے خلاف جہاد کیا گیا اور ہم نے اس میں چھوٹ دی ہوئی ہے۔

جناب عالی! باقی باتیں تو ٹھیک ہیں لیکن تعزیرات میں جو راضی نامہ ہے قتل وغیرہ میں، وہ جائز ہے۔ جب دونوں فریق کہہ رہے ہیں تو اس پر کتنا ٹائم لگنا چاہیئے۔ کب لیجسلیشن ہوگی، پھر یہ نافذ ہوگا۔ یہ بہت لمبا پروسیجر ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ یکدم اس قانون سے متصادم تعزیرات پاکستان کو ختم کردیں، اس کو منسوخ کردیں، اور اس کی جگہ پر قانون نافذ ہو۔

[Nawabzada Jehangir Shah Jogezai]

معاشرے میں زیادہ یہی چیزیں ہیں کہ آپس میں لڑائی ہوتی ہے، جھگڑے ہوتے ہیں۔ اب میں عرض کرتا ہوں کہ ان معاملات کے اوپر تعزیرات پاکستان کی ۵۱۱ دفعات ہیں۔ سرقہ بالجبر کا ایک باب ہے۔ چوری کا ایک باب ہے، قزبان کا ایک باب ہے۔ اسی طرح سے فسادات کے متعلق دفعہ ۱۴۹ یا ۱۴۸ ہے Arsoning ہے، Looting ہے۔ زنا بالجبر ہے، یہ سب ایک ہی جگہ پر آسکتی ہیں۔۔۔ اگر قتل ہو گیا ہے تو اس کے بدلے قتل کرو۔ اگر قتل ہو رہے ہیں، ان پر قابو نہیں پایا جا سکتا تو آپ بے شک قاتلوں پر گولی چلائیں۔ اگر آپ کو معلوم ہو گیا ہے کہ اس نے راہزنی کی ہے تو آپ بے شک اس کے ہاتھ پاؤں کاٹیں، سیدھی سی بات ہے اس طرح سے کوئی چوری نہیں ہو گی۔ اس طرح فلاحی مملکت کے لیئے بھی لازمی ہے کہ پیسہ صحیح جگہوں پر خرچ ہو۔

دوسری چیز یہ ہے کہ ہم سب پر جہاد فرض ہے۔ عجیب بات ہے کہ ہم ہندو نہیں اور کافر نہیں ہیں کہ جو جزیہ دے رہے ہیں، جزیہ اس لیئے لیا جاتا ہے کہ وہ جہاد سے مستثنیٰ ہوتے ہیں اور ہم جہاد سے مستثنیٰ نہیں ہیں، ہم پر جہاد فرض ہے۔ جہاد فرض کفایہ نہیں ہے۔ جیسے نماز جنازہ ہیں اگر آپ نہ جائیں اور کوئی دوسرا چلا جائے تو آپ کا فرض ادا ہو گیا۔ جہاد جو ہے یہ فرض عین ہے۔ ہم کیوں سیدھے راستے پر نہیں آتے ہیں۔ آپ صرف اتنی فوج رکھیں جس کی ٹیکنیکلی ضرورت ہے۔ ہر ایک آدمی کو چاہیئے کہ وہ ٹریننگ لے، اس سے ایک تو فساد سے بچیں گے، دوسرا یہ ہے کہ ان کی جسمانی صحت ٹھیک ہو گی۔ سکولوں میں بھی جہاد کی ٹریننگ شروع کی جائے اور اس مقصد کے لیئے گھنٹہ، آدھ گھنٹہ ٹریننگ دی جائے۔ اس سے ہم طاقتور ہو جائیں گے، ہمارا پیسہ ناجائز خرچ نہیں ہو گا، یہ

پیسہ فلاحی مملکت کے لیئے خرچ ہو گا۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں کہ

کار جہاں دراز ہے، اب میرا انتظار کر

## ADJOURNMENT MOTIONS

**Mr. Chairman :** I think, it is time now to take up the adjournment motion, the last item of the agenda. This debate would continue on some further day also, the debate on the Shariah Ordinance.

## DISCUSSION ON THE ADJOURNMENT MOTIONS ; RE : LAW AND ORDER SITUATION IN SINDH

**Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi :** Thank you, Mr. Chairman. I ask for leave to move that the House do now adjourn to discuss a matter of recent occurrence.....

اس کو پڑھنے کی تو میرے خیال میں ضرورت نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین :** نہیں، یہ admit ہو چکی ہے۔ آپ بحث شروع کریں۔

**جناب اعجاز علی خان جتوئی :** جناب والا! ۱۷ جولائی کو حیدر آباد میں بڑے افسوسناک واقعات ہوئے، یہ سلسلہ صرف ۱۷ جولائی کو ہی شروع نہیں ہوا تھا، اس کا کچھ background بھی ہے۔ کہ ۱۸ جون کو کچھ سٹوڈنٹس سندھ یونیورسٹی سے protest کرنے کے لیئے چلتے ہیں۔ ان کے کچھ سٹوڈنٹ arrested تھے۔ حیدر آباد شہر میں، حیدر چوک میں یہ protest کرنے کے لیئے آتے ہیں۔ جب یہ آٹھ بسیں حیدر آباد میونسپل کارپوریشن کے سامنے سے گزرتی ہیں، تو third بس پر فائرنگ ہوتی ہے۔ حیدر آباد میونسپل کارپوریشن کی roof سے، تقریباً ۵۵ لوگ یا ۵۸ لوگ چھت پر اسلحہ کے ساتھ موجود تھے، بقول میئر کے کہ ساڑھے دس بجے صبح کو انہیں

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

یہ اطلاع ملی تھی کہ یہاں ایچ۔ ایم۔ سی کے اوپر attack ہونے والا ہے اور انہوں نے یہ انفارمیشن ایڈمنسٹریشن کو pass on کر دی تھی اور ایڈمنسٹریشن نے کہا کہ جی، آپ فکر نہ کریں، ہم صورت حال کو tackle کرتے ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب ساڑھے دس بجے یہ اطلاع ملی تھی کہ ایچ ایم سی کے اوپر attack ہو رہا ہے۔ حیدرآباد میونسپل کارپوریشن، گورنمنٹ کی پراپرٹی ہے اور گورنمنٹ اس کو protect کر سکتی تھی۔ وہاں پر لوگ بٹھائے گئے اور وہاں پر سٹوڈنٹس کے اوپر فائرنگ ہوئی۔ اس کے بعد اسی دن تقریباً آدھ گھنٹے کے اندر پورا شہر آگ کی لپیٹ میں آ گیا اور مختلف جگہوں پر مختلف محلوں میں ایک قیامت ٹوٹ پڑی۔ میں اس دن حیدرآباد میں تھا۔ مسلسل وہاں سے لاشیں آ رہی تھیں، کبھی لطیف آباد سے، کبھی کسی اور area سے زخمی آ رہے تھے۔ جب میں نے پتہ کیا کہ بھائی، کیا ہو رہا ہے تو پتہ چلا کہ یہاں پر تو "سندھی مہاجر" جھگڑا ہو گیا ہے۔ پوچھا کس بات پر جھگڑا ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ کچھ سندھی سٹوڈنٹس protest کرنے کے لئے آ رہے تھے اور یہاں پر ان کے اوپر attack ہوا ہے۔ جناب سندھی سٹوڈنٹس ایچ ایم سی کے اوپر attack کرنے آ رہے تھے .... میں عرض کرتا ہوں کہ لڑکوں کا ایک گروپ مسلح ہو کر attack کرنے آ رہا ہے .... اور مرتے بھی وہی لڑکے ہیں۔ سندھی دیگر area میں جہاں جہاں majority میں تھے وہاں سے کوئی casualty نہیں آتی ہے۔ پہلے ڈیڑھ گھنٹے میں لطیف آباد سے casualties آنا شروع ہو جاتی ہیں۔

جناب آپ کو یاد ہو گا کہ ناظم آباد کراچی میں اسی طرح کا ایک واقعہ میرا خیال ہے کہ کوئی پانچ چھ مہینے پہلے ہوا تھا۔ اسی طرح کے riots

میں جو لوگ attack کرنے آئے تھے انہوں نے کیا حشر کیا تھا ..... اور اسی بس میں اس وقت کے گورنر جناب تالپور صاحب جب حیدرآباد آئے تو دونوں وفود کو بلایا، اس میں یونیورسٹی کے وائس چانسلر بھی تھے۔ وہاں کی ایل ایم سی کے ایم ایس بھی تھے، وائس چانسلر کے بقول یہ اس وقت کی ان کی سٹیٹمنٹ ہے کہ ان بسوں میں صرف لڑکے ہی نہیں تھے سٹوڈنٹس لڑکیاں بھی تھیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ اگر attack کرنے آ رہے تھے تو کیا وہ لڑکیاں ساتھ لے کر آتے ... یہ بھی عجیب بات ہے ۱۹۷۲ء میں جو لسانی ہنگامے ہوئے تھے، اس کے بعد اس نوعیت کا، سندھی مہاجر clash کا یہ پہلا واقعہ ہے۔ اب جناب یہ کہاں سے شروع ہوتا ہے۔ جب دسمبر میں لوکل باڈیز کے الیکشن ہوئے۔ حیدرآباد کا Mayor مختلف اوقات میں سندھی آبادی کے خلاف اس قسم کے provocative بیان دیتا رہا۔ میں نے گورنر کے سامنے ان کو کہا کہ جناب، آپ میئر آف دی سٹی ہیں۔ Your are father of the city آپ کسی ایک section کی نمائندگی نہیں کرتے۔ آپ کے لئے مناسب یہ تھا کہ اگر کسی قسم کی کوئی شکایات تھیں تو آپ کم از کم اخبارات میں جانے کی بجائے کسی اور طرح سے مثلاً لوکل لیڈرشپ سے بات کر کے، مختلف لوگوں کو بلوا کر، یہ طے کر سکتے تھے۔

میں سب سے پہلے تو یہ عرض کروں گا کہ جب ہمارے یہ بھائی پاکستان بننے کے بعد یہاں آئے تو ہمارے ان بھائیوں کی ذمہ داری صرف سندھ پر ہی نہیں تھی بلکہ یہ پورے پاکستان کی ذمہ داری تھی۔ ان کو پورے پاکستان میں settle ہونا تھا۔ ہم نے ان کو اپنا بھائی سمجھ کر، اپنے گھروں کا بٹوارا کر کے، اپنی زمینیں خالی کر کے، اپنے سر آنکھوں پر بٹھایا،

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

ہم نے کہا کہ آپ ہمارے بھائی ہیں، ہم سب مسلمان ہیں، آپ کا یہ اپنا گھر ہے۔ آپ کا یہ اپنا صوبہ ہے۔ لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ ۱۸ جون اور ۱۷ جولائی کو جب میں دیکھتا ہوں تو مجھے رونا آتا ہے کہ ان لوگوں کو کیا صلہ ملا جنہوں نے اپنے گھر کا بٹوارا کرکے، سب کچھ چھوڑ کر، انسانیت کے ناطے مسلمان قوم کے ناطے سب کچھ ان کو دیا۔

جناب والا! ان کو صلہ یہ ملا کہ ۱۸ جون سے لیکر ان کی جائیدادیں جلائی گئیں اور ۱۷ جولائی کو ۱۱ بجے صبح Mayor پہ attack ہوتا ہے۔ پندرہ منٹ کے اندر جناب آگ بھڑکنا شروع ہو جاتی ہے، خون کی ہولی شروع ہو جاتی ہے اور نو گھنٹے کی مسلسل کارروائی میں ساڑھے تین سو گھر جس میں سندھی آباد تھے جلائے گئے۔ اور دس آدمی بے گناہ موت کے گھاٹ اتارے گئے۔ عورتوں تک کو نہیں بخشا گیا۔ وہ ننگے سر بغیر دوپٹوں کے پناہ کے لیئے بھاگتی پھرتی رہیں۔ شہر میں کوئی ایسی ایجنسی نہیں تھی جو انہیں پناہ دیتی۔ نو گھنٹے میں جناب تقریباً ۷۰ کے قریب دکانیں جلائی گئیں۔ ۳۰۰ کے قریب گھر لوٹے اور جلائے گئے۔ ۱۰ کے قریب آدمی مارے گئے۔ بغیر کسی انکوائری اور انویسٹیگیشن کے کہ حملہ کس نے کیا ہے، حملہ کس طرف سے ہوا ہے، سندھیوں پر حملہ شروع ہو گیا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ جب ۱۸ جون کو یہ واقعہ ہوا تھا اس وقت گورنر سندھ کی طرف سے ایک ٹربیونل مقرر ہوا تھا۔ اس ٹربیونل میں ایک ٹیپ پیش کی گئی تھی جو واضح ثبوت ہے۔ اس ٹیپ کو اگر آپ سنیں، اس میں میئر حیدرآباد ایک وفاقی وزیر صاحب کو جو خود حیدرآباد کے ہیں کہتے ہیں کہ جی آپ فکر نہ کریں، میں نے بندوبست کرلیا ہے، یہاں پر اب سندھیوں

کا رہنا مشکل ہو جائے گا۔ یہ exact words ہیں۔ یہ ٹربیونل میں ٹیپ پیش کی گئی۔ یہ گورنمنٹ سندھ کی تحویل میں ہے۔ میں خدا کا واسطہ دے کر اور مظلوم انسانوں کی جانوں کا واسطہ دے کر آپ سے کہتا ہوں کہ خدارا یہ نہ کہیں کہ یہ صوبائی مسئلہ ہے۔ یہ آپ کا سبجیکٹ ہے اور اس ساری صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے سینیٹ کی کمیٹی constitute کریں، ججز کو منگائیں۔ وہاں جو بے گناہ لوگ پھنسائے گئے ہیں۔ مہیرُر attack کرنے میں خواہ مخواہ involve کئے گئے ہیں، وہاں آکر سینیٹ اور ججز کی کمیٹی یہ investigate کرے۔ ۱۸ ر جون سے لیکر جتنے واقعات ہوئے ہیں، وہ دیکھے۔ جناب والا! لڑنے بھی ہم آئے تھے، مارے بھی ہم گئے ہیں۔ گھر بھی ہمارے جلائے گئے ہیں اور ادھر اس وقت ۱۷ر جولائی کا جو کرفیو تھا، دوران کرفیو وہاں پر لوگوں کی properties جلائی گئیں، دوران کرفیو وہاں پولیس بھی موجود تھی۔ اس ملک میں، میں سمجھتا ہوں قرآن شریف سے زیادہ کوئی وسیلہ نہیں، اس کے تحت آپ فیصلہ کریں، وہاں مختلف گروپوں کو بلائیں اور زیچ میں قرآن شریف رکھ کر فیصلہ کرائیں کہ کس کا قصور ہے۔

جناب چیئرمین! اس وقت یہ چیزیں شروع ہوئی ہیں لیکن ۱۶ سال کے پورے عرصے میں، اس طرح کا کبھی کوئی clash نہیں ہوا۔ اتنا بڑا عرصہ گزرنے کے بعد ان ہنگاموں کی آخر کار وجہ کیا ہے سب سے پہلے تو جناب اس طرح کی الگ قومیت کا تصور دینا اور پھر باقی چیزیں کرنا یہ ایک planned way میں وہاں کے پرانے باشندوں کو provoke کیا گیا ہے۔ ہم پہلے بھی یہاں چلاتے رہے

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

ہمیں کچھ frustration تو اس قسم کی ہے کہ ہمیں انصاف نہیں ملتا۔ ہمیں second grade citizens treat کیا جا رہا ہے ۔ میں واضح طور پر یہاں کہنا ہوں کہ جب یہاں راولپنڈی کے اوجڑی کیمپ میں ایک incident ہوتا ہے تو اس وقت کے وزیر خزانہ کہتے ہیں کہ ہم نے خزانے کے دروازے کھول دیئے ہیں ۔ اسی قسم کا سانحہ حیدر آباد میں پیش آتا ہے تو خزانے کے دروازے کیوں نہیں کھلتے ؟ وہاں پر بھی نو انسان مارے گئے ہیں۔ میں ایک پاکستانی کی حیثیت سے واضح طور پر آپ سے کہنا چاہتا ہوں کہ یہ سندھ ہی تھا جس نے پاکستان کے لیئے move کیا تھا اور اس mover کی حالت آج یہ ہے کہ وہ خود کشی کے مقام پر کھڑا ہے ۔ جناب صدر جب ۲ تاریخ کو تقریر کرتے ہیں تو کہتے ہیں سندھ جل رہا ہے اور اس گورنمنٹ کو dissolve کرتے ہیں، Assemblies dissolve کرتے ہیں۔ وہ cabinets بناتے ہیں، اور ہمیں treatment کیا ملتی ہے، ایک پھر یہاں سے امپورٹ کیا ہوا گورنر، یہاں سے جو فائر بریگیڈ گئی وہ پانی لے کر نہیں، پٹرول لے کر گئی ہے۔ آخر کار ہم نے قصور کون سا کیا ہے ۔ میں آج اس ہاؤس کے سامنے ان معزز ممبران سے کہتا ہوں کہ خدا کو سامنے رکھ کر آپ ہمارے ساتھ انصاف کریں ۔ کیا گناہ ہم نے کیا ہے ؟ ہم نے پاکستان بنایا تھا، ہم پاکستان میں شامل ہیں، ہم پاکستان سے پیار کرتے ہیں ۔ سندھ میں کوئی ایسا آدمی نہیں ہے جو پاکستان کے خلاف ہو لیکن ہمیں مجبور کیا جا رہا ہے ۔ ہمیں provoke کیا جا رہا ہے۔ ایسی کون سی وجہ ہے، تینوں صوبوں میں تو governments بنتی ہیں۔ ہمارے صوبے میں گورنمنٹ نہیں بنتی ہے۔

ہمارے صوبے میں پھر گورنر یہاں سے بھیج دیا جاتا ہے تحفے کے طور پر، میں کہتا ہوں کہ جناب جب آپ دیکھ رہے تھے کہ سندھ جل رہا ہے تو ان دو اڑھائی کروڑ آدمیوں میں ایک آدمی ایسا نہیں تھا جو وہاں کا چیف منسٹر بن سکے یا گورنر بن سکے ۔ آپ کہتے ہیں پچھلی ایڈمنسٹریشن نا اہل تھی ، بالکل میں مانتا ہوں کہ تین سال میں انہوں نے ہمارا بیڑہ غرق کیا ۔ لیکن اب کیا ملی ہمیں remedy ، وہی ہمارا نوجوان ہے، آج ہم سے پوچھتا ہے، وزیر صاحبان بیٹھے ہیں ان سے بھی کل پوچھیں گے، یہ بھی احتساب سے نہیں بچ سکیں گے ۔

جناب ہمیں نوکریاں نہیں ملتیں ، ہمیں یہاں حقوق نہیں ملتے، ہمیں یہاں مختلف مقامات پر discourage کیا جاتا ہے، کوئی جواب نہیں ملتا ۔ اس ہاؤس کو جو سب صوبوں کی نمائندگی کرتا ہے، میں اس ہاؤس سے آج انصاف مانگنے آیا ہوں اپنی قوم کا جو وہاں پر پس رہی ہے۔ جناب ۳۰ فیصد کے قریب لوگ نقل مکانی کر چکے ہیں ، اپنے گھروں کو چھوڑ چکے ہیں کیوں کہ وہاں پر تحفظ نہیں ہے۔ ان کو لوٹا مارا جا رہا ہے، بچوں تک کو نقاب پوشوں نے نہیں چھوڑا ہے ۔ لطیف آباد ۸ میں دو دس گیارہ سال کے بچوں کو ، میں خدا کو گواہ بنا کر آپ کے سامنے آج یہ بات کرتا ہوں ، تھانے کے نزدیک ایک پول کے ساتھ باندھ کر، ان کے منہ میں برف ڈال کر اس طرح زدوکوب کیا گیا کہ انسان دیکھ کر لرز اٹھے کہ کیا ایک مسلمان ، کس دوسرے مسلمان کے بچے کو اس طرح سے قتل کر سکتا ہے اور وہ اسے اٹھا کر گاڑی نمبر ۳۰۸ - ۱۰۸ کراچی ۱۹۸۰ کی کرولا میں ڈال کر لے کر گئے ۔

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

جناب ظلم یہ ہے کہ مارے بھی ہم جاتے ہیں اور غلط الزامات کے تحت مختلف مقامات پر ہمارے چار سو کے قریب آدمی جیلوں میں بند ہیں۔ آتی ہے پولیس چھاپے ہمارے اوپر مارتی ہے۔ ہم سے جو لائسنس والا اسلحہ ہے وہ بھی چھینا جاتا ہے تاکہ ہم دفاع بھی نہ کر سکیں۔ ٹنڈو امیر غلام حسین میں تین گھنٹے تک اڑھائی ہزار لوگ مسلسل فائرنگ کرتے رہے، ایک دو آدمی بمشکل سکوٹر پر سوار ہو کر ڈپٹی کمشنر کے پاس پہنچے جو لطیف آباد آٹھ کے پولیس تھانہ میں موجود تھا۔ اس نے کہا کہ جی میں کیا کروں، میرے پاس فورس نہیں ہے۔ اگر آپ کے پاس فورس نہیں ہے تو پھر جناب آپ حکومت چھوڑ دیں۔ اگر آپ صوبوں کو نہیں چلا سکتے ہیں تو پھر آپ کی مرضی ہے، اس طرح سے جبر کر کے آپ حکومت نہیں چلا سکتے۔

میں ایک مرتبہ گورنمنٹ سے پھر اپیل کرتا ہوں، صدر صاحب سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ خدا کے لئے اگر پاکستان کو بچانا ہے تو سندھ کی طرف دیکھیں، سندھ میں حالات ٹھیک نہیں ہیں۔ سندھ میں لوگ یہ محسوس کر رہے ہیں کہ ہمیں sabotage کیا جا رہا ہے۔ سندھ کے پہلے ہی بہت grievances تھے، کالا باغ ڈیم اور کئی دیگر وجوہات کی بنا پر influx کی وجہ سے، پہلے ہی بہت grievances تھے۔ اب پھر ہمیں لوکل گورنمنٹ بھی نہیں ملتی، یہ بھی حق ہم سے چھینا گیا ہے۔ اگر اس طرح سے آپ نے کرنا ہے تو پھر ہمیں غلام بنا لیں۔ ہم غلام بننے کے لئے تیار ہیں کبھی تو انگریز کے ہم غلام تھے، آج اپنوں کے غلام بنیں گے۔ کوئی بات نہیں ہم بھائی ہیں۔ آپ آقا بن جائیں۔ لیکن غلام کی پھر ایک ذہنیت بھی ہوتی ہے، وہ بھی آپ سوچ لیں۔ جب ہم یہاں چلا رہے ہیں تو خدارا

آپ اس کو serious لیں۔

میں واضح طور پر آپ کو بتا رہا ہوں کہ سندھ کے حالات صحیح نہیں ہیں۔ اور اس طرح کے واقعات بڑے افسوس ناک ہیں، میں خود ان کو condemn کرتا ہوں کیونکہ مہاجر بھی ہمارے بھائی ہیں۔ آج جب کہ وہ وہاں رہ رہے ہیں، نہ صرف یہ بلکہ وہاں پنجابی بھی رہ رہے ہیں جو settlers ہیں، پٹھان بھی رہ رہے ہیں، آپ مجھے بتائیں کہ Interior سندھ میں ہمارے کتنے بھائی آباد ہیں، کسی کا قتل وہاں پر نہیں کیا گیا۔ وہ بالکل آرام سے رہ رہے ہیں۔ کسی کی زمین وہاں نہیں چھینی گئی تو پھر ہمارے ساتھ ناانصافی کیوں ہو رہی ہے؟ ہمارے لوگ مارے جاتے ہیں اور ہم تھانوں میں ایف آئی آر درج کرانے جاتے ہیں تو ہمیں جواب دیا جاتا ہے کہ نہیں یہ ایف آئی آر درج نہیں ہو سکتی یہ تو riots کی killing ہے، اس میں ایف آئی آر نہیں ہوتی، جناب یہ چیزیں پاکستان کے لیے اچھی نہیں ہیں یہ ایک ملک ہے جب تو آپ کو ہر صوبے کا خیال بھی کرنا پڑے گا۔ ہر قومیت کا خیال بھی کرنا پڑے گا، ہر ایک کے ساتھ انصاف کے ساتھ چلنا پڑے گا، جناب صدر، صدر پاکستان ہیں، ہر ایک پر شفقت سے ہاتھ رکھنا پڑے گا، اس طرح سے یہ کام نہیں چلے گا۔

اس کے بعد میں Judicial enquiry کرانے کی اپیل کرتا ہوں کہ وہاں حیدر آباد کے واقعات کی انکوائری ہائیکورٹ کے ججز سے کرائی جائے اور سینیٹ کے اراکین کی ایک کمیٹی مقرر کر کے حیدر آباد کے واقعات کی چھان بین کی جائے، پھر اس میں جو بھی گروہ ملوث ہو اس کو آپ نہ چھوڑیں لیکن میں آپ سے انصاف ضرور چاہوں گا اور اگر اس کورٹ سے مجھے

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

انصاف نہیں ملا تو پھر میں دیکھوں گا اس کورٹ کی طرف جس میں آپ، ہم سب کو چلنا ہے اور اس خدا کی کورٹ میں چل کر ہی چلائیں گے اور وہاں سے ہمیں ضرور انصاف ملے گا، میں جلے دل سے یہ بات کہہ رہا ہوں، مجھے رونا آ رہا ہے، میں واقعات دیکھ کر آیا ہوں، جو وہاں پر حالت زار ہے وہاں آپ چل کر دیکھیں، وہاں محلوں کے محلے ختم ہو گئے ہیں اور آج بھی مختلف جگہوں پر فائرنگ چل رہی ہے، رات کو دس بجے سے کرفیو لگ جاتا ہے، لیکن رات کو ۱۲ بجے سے فائرنگ شروع ہو جاتی ہے وہاں پر ایسی کوئی Law enforcing agency نہیں ہے جو اس کو کنٹرول کرے، کہا یہ گیا تھا کہ سندھ کے حالات ٹھیک کرنے ہیں، جناب حالات ٹھیک اس طرح سے ہوں گے کہ جو دو، چار، ہمارے سندھی سیکرٹری تھے یا کوئی دو چار جو آفیسرز تھے جناب گورنر صاحب جب وہاں سے پہنچے ہیں ان سب کو یا تو نکال دیا ہے یا صوبہ بدر کر دیا ہے چھوٹی پوسٹوں والوں کو تو sack کر دیا ہے، یہ چیزیں جو ہیں یہ provocation پیدا کرتی ہیں۔

میں فیڈرل گورنمنٹ سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ interfere کرے، یہ سندھ کا معاملہ نہیں ہے یہ فیڈریشن کا معاملہ ہے، پوری فیڈریشن کا معاملہ ہے، اگر سندھ ہے تو پاکستان ہے، اگر سندھ نہیں ہے تو پاکستان نہیں ہے۔ اگر آپ سندھ کو کاٹ پھینکیں گے تو پاکستان بھی نہیں بچ سکے گا۔ خدا کے لئے ان کی طرف دیکھیں لوگ آپ سے کچھ نہیں مانگتے ہیں، کوئی ایسا آدمی نہیں ہے جو پاکستان کے خلاف بات کرنا چاہتا ہے لیکن ان کو مجبور کیا جاتا ہے۔ جب ان کے حقوق نہیں ملتے ہیں، جب ان کے rights

نہیں ملتے ، جب fundamental rights مارے جاتے ہیں تو پھر آخر لوگ کیا کریں، اگر وہاں پر restoration of democracy کے لیئے لوگ نکلتے ہیں تو گولی لگتی ہے۔ اگر وہاں پر لوگ مختلف حقوق کے لیئے جد و جہد کرتے ہیں تو ان کے ساتھ ایک عجیب قسم کا سلوک کیا جاتا ہے اور وہاں پر جو بے گناہ لوگ مارے گئے ہیں ان کی compensation کے لئے، جن کے گھر جلائے گئے ہیں ۔ ان کے لئے کچھ نہیں ہو رہا ہے۔ جو ۱۸ تاریخ کو لوگ مارے گئے تھے ان کے ورثا ء کو بھی compensation ابھی نہیں ملی، مجھے یاد ہے یہاں راولپنڈی میں دن رات cell چل رہا تھا۔ لیکن حیدرآباد میں جب یہ واقعات ہوتے ہیں ، جب سندھ میں یہ حادثات ہوتے ہیں تو وہاں پر اس طرح کا treatment کیوں نہیں ملتا ہے ، میں آپ سب سے جتنے میرے معزز حضرات بیٹھے ہیں ، انصاف مانگنے آیا ہوں۔ خدا کے لئے میرے ساتھ انصاف کریں ورنہ جو consequences وہاں ہوں گے پھر شاید میں یہاں کھڑا نہیں ہوں گا۔کیوں کہ میں بھی لوگوں کے ساتھ جاؤں گا۔ جو لوگ کہیں گے وہی کروں گا اور آج میں یہاں پر ایک مرتبہ پھر آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ یہ کہہ کے اس موشن کو ختم نہ کیا جائے کہ یہ Provincial matter ہے۔ یہ پاکستان کا matter ہے اور وزیر صاحب یہاں موجود ہیں ان سے میں یہ اپیل کرتا ہوں کہ آپ خود ایک کمیٹی یہاں سے constitute کریں آپ چلیں اور حالات دیکھیں اور وہ سٹیپ سٹیپ جس سٹیپ میں ایک وفاق کا نمائندہ فیڈرل منسٹر اس طرح کی planning کرے ، بیانات تو انہوں نے بڑے اچھے دیئے ، ماشاءاللہ یہاں تک کہا کہ سندھ کو چار زون میں تقسیم کردیں گے ، یہاں تک کہا کہ بہاری لے کے آئیں گے بنگلہ

دیش سے گویا وہ "تازہ دم فوج لے کے آئیں گے انڈیا سے" تاکہ ہمیں کچلیں، بڑے افسوس کی بات ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ کا نمائندہ اس طرح کی بات کرے اور فیڈرل گورنمنٹ اس پہ چپ ہو، میں نے وہ اخبارین اس وقت کے گورنر صاحب کو دکھائی تھیں، جنرل رحیم الدین صاحب کو، کہ جناب یہ دیکھیں اس طرح کے بیانات آرہے ہیں، ہم تو peace بحال کرا رہے ہیں، دن رات بھاگ دوڑ رہے ہیں، لیکن یہ صاحب جہاں بھی جاتے ہیں اس طرح کے بیانات دیتے ہیں اور لوگ provoke ہوتے ہیں کہ ان کا کیا مقصد ہے، انہوں نے کہا کہ جی کیا کریں فیڈرل گورنمنٹ تو میرے انڈر میں نہیں ہے، میں نے کہا کہ آپ بتائیں فیڈرل گورنمنٹ کو کہ یہ اس طرح کی چیزیں یہاں پر ہو رہی ہیں اور اس سے زیادہ بڑا ثبوت اور کیا ہے، ایک ٹیپ ہے جو ٹربیونل میں موجود ہے جس میں کہا گیا ہے کہ میں نے بندوبست کر لیا ہے سندھیوں کے لیئے آپ فکر نہ کریں۔ میرا یہ constitutional right ہے کہ ہمارے لوگوں کو protection دیا جائے۔ پاکستان کے آئین میں یہ کہیں نہیں لکھا ہے کہ ایک قوم کو نیست و نابود کریں، ختم کر دیں، اسے وہاں پر اقلیت میں تبدیل کر دیں آج سندھی کی جو حالت ہے وہ Red Indian سے کم نہیں ہے، میں واضح طور پر کہتا ہوں کہ خدا کے لیئے جو ہماری نمائندگی یہاں موجود ہے وہ بھی دیکھیئے، وہاں پر اس قسم کا جو influx ہے وہ بھی خطرناک حد تک پہنچ چکا ہے۔ آخر کار یہ کہاں کا انصاف ہے کہ نہ ہمیں لوکل آئی جی ملتا ہے نہ ہمیں لوکل سیکرٹری ملتا ہے نہ ہمیں اپنی گورنمنٹ ملتی ہے پھر کیا ہم پھولوں کے ہار پہنائیں۔ یہاں فیڈرل گورنمنٹ میں آکے، ظاہر ہے ہم اپنے حقوق کی بات کریں گے اور آج کے دور میں آپ کسی قوم کو غلام نہیں بنا سکتے۔ میں واضح طور سے کہتا ہوں آپ کو کہ کسی بھی قوم کو آپ غلام نہیں بنا سکتے،

آپ اس کے حقوق نہیں چھین سکتے یہ سائنٹیفک دور ہے اور لوگ اٹھیں گے
اور لوگ اگر ضرورت پڑی تو لڑیں گے بھی ۔

**Mr. Chairman :** Who else would, like to speak. Mr. Javed Jabbar.

**Mr. Javed Jabbar :** When you said, Mr. Jabbar, I felt Mr. Chairman, that you were referring to that adjournment motion that I had moved which was phrased on the specific attack on the Mayor of Hyderabad but it has been lumped together in the broad description "On the disturbances in Karachi–Hyderabad, deteriorating law and order situation in the area". It would, of course, have been better to use the word 'province', Mr. Chairman, because Karachi and Hyderabad may be the best focus of attention at this time but law and order in Sindh, I think, reflects what has happened to a province which has a five thousand years' history. Sindh is the first part of Pakistan and apart from the fact as to who moved the resolution for the creation of Pakistan, it is in the heart of the land of Sindh that human civilization can trace its first recorded evidence of an intelligent, scientific human civilization and it took five thousand years for the world to recognize this for us to appreciate it but it has taken less than fifty years to undo this great rich legacy of five thousand years. For five thousand years the memory of Sindh, the heritage of Sindh inspired humanity, inspired Asia, inspired South Asia. It gave a name to the whole region derived from the river Indus, derived from the concept of Sindh, and look what we have done to it in less than fifty years. We are doing our best to wipe out what it took five thousand years to build and this is being done post-haste by a people who are equipped with many more resources than those people who established the original basis for Sindh five thousand years ago. They had no tanks, they had no jumbo jets or klashnikoves. They had no access to any modern resources except the timeless resource of human values and when you apply human values and you relate it to law and order in Sindh today, you find that the agency that is responsible for law and order 'the almighty Police force' of Pakistan which is conveniently divided into provincial systems for the convenience of evading responsibility and gifting each province with its own power system is really, I would describe it as a 'fascist finance company.' It is really a business now. The Police no longer protects people. It is a straightforward financial investment company except, of course, that [this case] it is regularized and institutionalized by the State. It is given uniforms and everyone calmly accepts that we have a corrupt police force even the honourable Federal Minister for Interior gets up in Parliament, not just he but his predecessors had admitted this. Life carries on and our dive downwards into this abyss of complete apathy and degradation continues and without any reference to accountability. We have reached a new depth of moral values or human values and you see it best illustrated in Sindh. In that province where civilization defined what moral and human values should have been.

[Mr. Javed Jabbar]

While the specific instances of the incident regarding the Mayor have been spelt out by my honourable friend I believe, Mr. Chairman, it is necessary to understand that Sindh is a unique province not just in historical terms but also in a geographical and demographic context. It is probably the only province in South Asia. In South Asia almost certainly so, but most probably the only province in Asia where within a period of 30 years fifty percent of the population of that province has been comprised of people coming from outside the province. If you look at the consequences of what happened after 1947 A.D. in India and Pakistan, you might cite the example of Asam where also another ethnic group moved in and that has led to problems. One might cite the instance of Maharashtra in India where people came from different parts and to a very limited extent Punjab but no other part of this continent has had to absorb such a large volume of people. And I would be benefited if someone corrected me on this point.

Now, our policy planners and administrators specifically those incharge of law and order were conscious of this. They knew that this was happening. It began to happen in the 1950s. It gathered speed in the 1960s. It came to a height in the 1970s. But when you look at the decisions that were taken all along by various governments there seems to be a very little recognition of the demographic aspect of what was happening to Sindh. It was a day to day make shift type of response that you know the needs of Karachi are growing, we need more roads there, we need more houses there, but there was no understanding in the planning and in the administrative level as to the basic changes taking place in the province at such a high speed, and yet you notice that despite these extraordinary changes in the population of Sindh—the people of Sindh—and here I will not distinguish between old and new Sindhis—I think it is time in this country once and for all to put a stop to this wretched divisiveness of who came first and who came later or whether you are a Punjabi and so on and so forth. It is absolutely sickening now to go on at this rate, we cannot afford it. Let us begin and end by saying that we are one nation indivisible. We are one nation and one will not accept this theory that has been deliberately encouraged that there are four nationalities in Pakistan, that there are five nationalities in Pakistan, that there are thirteen and a half nationalities in Pakistan. There is only one nationality and that nationality is the one that believes in a Pakistan of social justice. I don't care whether that person comes from outer space. As long as he lives in this country and accepts the concept of Pakistan, I think, he belongs to that indivisible entity. And those people of Sindh whether it is the person who used to live there before 1947 or the people who migrated into Sindh after 1947, all of them have shown remarkable tolerance, remarkable hospitality, graciousness. Other people in other parts of Pakistan have also shown similar graciousness and hospitality, I concede that but perhaps because of

the peculiar crisis that Sindh faced you will notice that right through the 70s there was no incident of ethnic violence except that unfortunate language controversy in the early 70s.

At the same time Mr. Chairman, we cannot, when we talk about law and order, ignore the feudal structure of Sindh. And the effect that this has had on the failure of the law and order system in rural areas particularly and the new equivalent of the rural feudal order is the combination of the Police in the cities alongwith the corrupt elements of the administration and whoever has power using and misusing the Police whenever it suites them and parts of the Mafia. So, you have a kind of feudal perversion also in the urban areas where the Police serves it as diligently and honestly as it does the feudal order in the rural areas because it is well known that one of the prime reasons why people have to enter politics in the rural areas of Sindh is that they cannot afford not to know the local SHO or the local DSP or the SP. If a politician is not able to get whoever he wants to be released from the *Thana*, he is not supposed to be an effective politician.

Now, in any country if this becomes the definition of power and responsibility, you can imagine, how quickly we are descending on the scale of any kind of effective law and order. Sir, I have always said for the last three years on a number of occasions that if we are to even begin correcting the morass of the Police force we have to begin by recognizing that a community based Police force particularly in Sindh is of vital necessity. And I am very unhappy, I regret that, whether it is the present senior Minister of this Government Mr. Aslam Khattak, or whether it is my distinguished present Federal Minister of the Interior Mr. Aheer, I don't see any sign of them, taking any action to even begin to experiment with the concept of community Police in this country even on a pilot project basis. I mean when the acknowledge that we have made constructive suggestions either they are mounting a pleasantary simply to make one feel good about some polite etiquette or if they actually mean that we have done some work and they appreciate the suggestion, then, what is the record from 1985 to 1988? Why couldn't some village some *Kachi Abadi,* some respectable housing society of Karachi or Lahore have been selected as an experimental place for a community based Police which is responsible and accountable to the people of that area and not to the Secreatry of the Ministry of Interior or the Minister of Interior who sits in Islamabad and who decides who the IG will be in the provinces? Because it is falsehood to say that law and order is a provincial subject. We know it is not a provincial subject. The Chief Secretary of a province, the IG Police even the DIGs of the major cities cannot be appointed without the consent of the people who live in Islamabad. So, what is this *'tamasha'* of going on with this hypocrisy that it is a provincial subject. The Police has to be made accountable directly to the people of each area. All over the world countries going through this kind of crisis have discovered that this kind of restructuring of the Police force brings about a significant improvement in performance.

[Mr. Javed Jabbar]

But Mr. Chairman, you can also look at what they have done with all those reforms in the reports of various Police Commissions that were appointed. One can criticise the Police force and condemn it, equally I think one deserves to sympathise with them. In an earlier debate on the law and order situation I had presented detailed evidence to prove that systematically since the Mitha Commission Report of 1970-71 upto the Aslam Hayat's Report commissioned by the late lamented government, no substantive measures had been undertaken to improve the working conditions of the Police. their pay structures, their training procedures, their orientation. I don't know what various governments have been doing, whether they have become so dependent on the police to enfore political control of their power that they actually don't want to improve the Police system. Because no one really wants the people of Pakistan to be educated because then they will demand their rights, not only demand they will obtain their rights. I think it is also become part of an article of faith of the power establishment of Pakistan. Condemn the police but don't do really anything to improve it. Because if you do it then the Police becomes an independent force. An independent Police in my view is as much to be feared as an independent judiciary. Because there can be no independence of a judiciary unless there is independence of the Police which provides the judiciary with that kind of objectively collected data on which the judiciary can act. And the lower judiciary in Sindh as we well know what the situation is in Sindh. The lack of independence both of the judiciary and the Police have made a mockery of law and order. So much so Mr. Chairman, that even secret funds allegedly allocated to the then Government which has only recently ceased to be have not been accounted for. Obviously there is very little accounting of secret funds. But I have it on the authority of a person who occupied one of the senior most positions in the Government of Sindh. After 1985 and before the present order ceased to be that a very large sum of money approaching almost Rs. 50 lacs entrusted specifically for the elimination of dacoits in a particular area was smoothly done away with to the best of this man's knowledge who was closely concerned with that operation. He has no clue as to where that Rs. 5 million went. Now, when accountability reaches this level whether Federal Government consciously allocates secret funds to senior executives of a provincial government without enforcing accountability it does not surprise me that law and order is breaking down in Sindh.

This is just one more little nail in the coffin that is being prepared but hopefully before that coffin is prepared we will use the wood of that coffin to set it at fire and to destroy any such conspiracies that may be hatched. And when one talks about conspiracies I do not want to cite this historic theory of the hidden hand because immediately every one says this hand must be from across the border. We are really white pure Pakistanis doing our best and it is these foreign agents who are spoiling everything. Everyone just passes the buck across the border. In this case however, Mr. Chairman, I believe that firstly the hidden hand exists within the country and

amusingly or horrifically enough it is not a hidden hand. It is a very visible fist. It is neither a hand, neither is it hidden, it has been a fist for sometime and it is very obvious because you trace the nature of the incident in each major outbreak of law and order problems in Sindh. You find a very mysterious presence at all these events and many of these events in Karachi, I have personally been to either within an hour or within a few minutes or within a few days of such incident occurring, in my own detailed investigations substantiate this premise that this visible fist is at work. Then, it is no surprise if there is already a visible fist within the country. There are many people sitting close to this country who want to exploit this. And one can quite clearly see their presence at work in our beloved Province as well.

But Mr. Chairman, above all the breakdown of law and order in Sindh today. I trace it directly to the imposition of Martial Law in 1977, there can be no escape from this and no amount of argument can convince us, who sit and see Sindh burning today, that the responsibility is either with the lazy Sindhis or these irresponsible people who migrated after 1947 and are now insisting on calling themselves by a certain term. You can not pass the buck alone. Once we suspend the basic law of a country, we suspend morality, we suspend the notion of right and wrong. When a child grows up with a notion that there is no right and wrong, one person in uniform can decide what is right and wrong, a major with no judicial training can pronounce a verdict on the guilt or the innocence of anyone and that person has no recourse to any appeal in any court, how can you expect to implement law and order. You give me an example of any country in the world, at any part of human history where Martial Law has remained in-force for ten years or eight years and where that society has not been degraded and declined as a result of this total disruption of morality. So, in Sindh, Mr. Chairman, we view that this responsibility goes to the roots of the imposition of Martial Law and the manipulativeness in order to sustain Martial Law, weaken the political parties. Now, I do not hold the brief for any political party, even though I strongly endorse party based elections. Party based elections are recognized that our parties have flaws in them but who does it. Their flaws are less perhaps hurtful than the flaws of Martial Law. But this is like really putting a deep dagger in the political body of a country. If you deliberately damage the credibility of political parties and you allow ethnic based or language based or other colour based movements to operate and if you notice this a curious pattern to all this that there has been a silent as well as vocal attack on political parties that they are incompetent and they are corrupt but look at the record where a political party had a chance to exercise power. Since 1977 even upto 1988, even the late lamented Muslim League was not a genuine grass-roots based political party, it was created out of a non-party system.

Mr. Chairman, I submit that the law and order situation in Sindh is also relevant to the geostrategic significance of Sindh. Sindh is placed at an extremely crucial and vulnerable part of Pakistan. It sits at the door of the Gulf region. It sits right next to

[Mr. Javed Jabbar]

India. It sits right next to Iran. You can not say that this is an internal law and order problem affecting the police department. It concerns our foreign policy, it concerns our finance, it concerns our economic affairs. So, when we look at the breakdown of law and order in Sindh we are not talking about merely the incompetence of an S.P on the spot or the appointment of an I.G. We are talking about total policy about Sindh and towards Sindh and to discourage Sindh from being viewed as our latest version of East Pakistan as there seems to be an elite in this country that wants every five or ten years to create a new whipping-boy in order to justify their own existence and unfortunately poor old East Pakistan had to be the whipping-boy till 1971 and then very quickly Baluchistan became a whipping-boy and we know what happened there. We revived the great strength of the Armed Forces, misused it in order to repress the people of Baluchistan who did not need to be repressed in any way and then that led directly on to the revival of militaristic ambitions and influences in our country's history after 1977.

Sir, the law and order situation in our Province as had pervasive effects on education, not just on the lives — priceless lives of the individuals but on the lives of those unborn individuals who will now be born and who will have to study and grow in an environment where Klashnikoves and guns now parade the corridors of our colleges and universities. As noted already Mr. Chairman, it is like a gross insult to the people of Sindh that it has been deprived of even the semblance of a political government in the interim period. The present Governor of Sindh, I do not mind whether he is a Sindhi or he is not a Sindhi, again as I said at the outset I believe in one Pakistan and one nationality and I respect his integrity, I am sure, he is a dedicated Pakistani but it reflects a lack of sensitivity to discount and disregard what the people of Sindh are feeling these days. As to devalue their political judgement and ability not to find one person who could give the semblance of a political *persona* to the interim period, and if we are to go about setting all this right, Mr. Chairman, on one level you can examine the specific circumstances, the mystery of their attack on the Mayor and the aftermath but that is I think only the tip of iceberg.

This House can set up a committee but we know what happens to committees. Certainly, a committee will be a good expression of our concern. But I believe that it is time the honourable Federal Minister of Interior who speaks with such feelings and passions when he is moved to do so, to go beyond simply acknowledging that we have made some very good proposals. Actually, we have made many good proposals we just let off steam because in making so many proposals, I now want to catch them out of the thin air and bring them on to the Table because they seem to have escaped the honourable Minister's attention. If they had been attentively looked at, I don't think, the situation would have deteriorated so badly. I request the honourable Federal Minister to take steps that will convince us that of all the recommendations and opinions given over the past three years in the Senate and in the National Assembly about Sindh specifically, about the reform of the law and order sector about the Police

system, and give us specific action-points and I cannot be convinced that because this is the Caretaker Cabinet they cannot take long-term measures. A Caretaker Cabinet that can promulgate the Shariat Ordinance which is the most fundamental long-term law ; a Caretaker Cabinet that can bring such a fundamental decision to effect the political life of the country as to declare non-party based elections cannot tell us, that you know, it will take time to reform the law and order system in Sindh, the next Government can do and we cannot take any basic steps. They can take basic steps, it is within their power and they are authority to do so and just a few basic actions may convince the people of Sindh that there is still some degree of sincerity in the federal capital left about the plight of our Province. Thank you.

**Mr. Chairman :** Thank you very much.

شیخ علی محمد: جناب چیئرمین! حیدرآباد کے افسوسناک حالات پر اس سے پہلے ہمارے محترم سینیٹر جتوئی صاحب نے تفصیلی روشنی ڈالی ہے۔ یہ وہ حالات، واقعات ہیں جو حیدرآباد میں ہو چکے ہیں اور ہو رہے ہیں اور جن کے آئندہ بھی ہونیکا امکان ہے۔ جناب والا! جتوئی صاحب نے ۱۸ جون کو quote کیا تھا لیکن میں ۲۱ اکتوبر ۸۷ کو quote کروں گا۔ جس دن کراچی میں فساد ہوئے تھے۔ کراچی میں فسادات مہاجروں، پنجابیوں اور پٹھانوں میں ہوئے تھے۔ اس میں ایک تنظیم ملوث تھی۔ وہی تنظیم ہے جس نے اب حیدرآباد میں فساد کرایا۔ اس تنظیم کا ورثہ ہے کہ فساد چاہیئے، اگر کراچی نہ ہو تو حیدرآباد سہی۔ حیدرآباد میں جو ۱۸ جون کو واقعات ہوئے وہ ہمارے جنرل صاحب بتائیں پھر ۱۴، ۱۷ جولائی کو واقعات ہوئے۔ وہ بتلائیں۔ ان واقعات میں کتنے جانی و مالی نقصانات ہوئے ہیں۔ یہاں تک جناب حیدرآباد کے قلعے پر ہاتھ سے لکھے ہوئے پوسٹر لگائے گئے کہ سندھیو! حیدرآباد کو چھوڑ جاؤ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کوئی آدمی یہ جرأت کر سکتا ہے کہ لاہور میں لکھے کہ پنجابیو! لاہور چھوڑ جاؤ، پختونو! پشاور چھوڑ جاؤ، بلوچیو! کوئٹہ چھوڑ جاؤ، لیکن جناب ہمیں کہا جاتا ہے کہ حیدرآباد

[Shaikh Ali Muhammad]

کو چھوڑ جاؤ۔ اور ہمیں وہ بھائی کہہ رہے ہیں جن کے لیئے ہم نے سارے دروازے کھول دیئے ، ان کو زمینیں دیں ، ، کارخانے دیئے ، نوکریاں دیں سب کچھ دیا اس کا یہ صلہ مل رہا ہے ۔ وہ بھائی ! میں مانتا ہوں کہ اگر ۵۰ فیصد نہیں تو کم سہی ، لیکن ان کی کافی آبادی ہے ان کو سندھ کی زمین ، کارخانے اور نوکریاں وغیرہ تو چاہیئں لیکن وہ اپنے آپ کو سندھی نہیں کہلاتے ۔ انہیں سندھی کہلوانے میں بخار کیوں ہوتا ہے بھائی ۔ جو لوگ پنجاب میں مہاجر آئے اپنے آپکو مہاجر نہیں کہلاتے ۔ پنجابی کہلاتے ہیں ۔ فرنٹیئر میں مہاجر آئے۔ وہ اپنے آپ کو سرحدی کہلاتے ہیں ، بلوچستان میں کوئی ایسے نہیں کہتا ہ پھر سندھ میں کیوں ؟ سندھ کے سارے وسائل تو چاہیئں لیکن سندھی کہلانے میں کیا حرج ہے ۔

اب جناب میئر صاحب نے جو کچھ کیا اس کی وجہ سے ایک بہت خراب فضا پیدا ہو گئی ہے ۔ حالات یہاں تک خطرناک ہو گئے کہ ہمارے مخدوم طالب المولیٰ صاحب کو بھی جو بڑے ٹھنڈے مزاج کے آدمی ہیں ، کہنا پڑا کہ بابا یہ بات ختم کرو ، ورنہ نتائج خطرناک ہوں گے ۔ ہم جانتے ہیں ۔ ہم سے لوگوں نے پوچھا لیکن ہم نے انہیں صبر کرنے کو کہا ہے ۔ حالات کو دیکھیں ، حالات ٹھیک ہو جائیں گے ۔ لیکن اگر یہ آگ بھڑکی اور اس نے سارے سندھ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تو خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ کیا ہو گا ۔ پھر ہمارے بھائی یہ نہ کہیں کہ سندھی ہی مریں گے ، نہیں وہ بھی مریں گے ۔ لہٰذا حکومت کو چاہیئے کہ ان حالات پہ اور اس تنظیم پہ خاص طور پر نظر رکھے ۔ اس تنظیم کا آدمی میئر بنتا ہے تو آتے ہی سندھیوں کے خلاف بیان دیتا ہے ۔ سندھی اتنے کم ہیں ہم اتنے زیادہ ہیں ۔ پھر ہمارے وصی صاحب نے ذکر کیا اس کی بھی بات کرتے ہیں ۔ لیکن یہ جو ذہنیت ہے اس کو تبدیل کیا جائے ۔

اور حیدر آباد کے شہر میں اور سارے محلے ہیں، ان سے پورا سندھ بھرا پڑا ہے، کہیں کسی محلے کو نقصان نہیں پہنچا۔ کسی غیر سندھی کو نقصان نہیں پہنچا اور یہ سارے حالات سندھ میں کیوں ہو رہے ہیں۔ یہ بات بھی ہے کہ ہمارے گورنر صاحب جو سندھ میں نئے آئے ہیں وہ چونکہ مہاجر ہیں تو لوگوں نے سمجھا کہ مہاجر گورنر آئے ہیں پھر سیکرٹری جو دو چار سندھی تھے وہ نکال دیئے گئے، کچھ اور نکالے گئے ہیں۔ سندھ میں سیکرٹریوں کی اکثریت غیر سندھیوں کی ہے، کمشنر کوئی سندھی نہیں ہے، ڈی آئی جی کوئی سندھی نہیں ہے۔ ڈپٹی کمشنروں میں اکثریت غیر سندھیوں کی ہے۔ یہی حال ایس پی صاحبان کا ہے۔ پھر جب گورنر صاحب آئے تو انہوں نے شاید سمجھا کہ اب تو ہماری حکومت ہے جو چاہیں وہ کریں، یہ شکایت خود جی ایم سید کو کرنی پڑی کہ نئے گورنر آنے کے بعد بات تک نہیں کرتے۔ پھر انہوں نے بات کی۔

جتوئی صاحب نے جو باتیں کی ہیں ہم ان کی تائید کرتے ہیں۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ سینیٹ کی کمیٹی بٹھائی جائے۔ ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ کے ججوں کی کمیٹی بٹھائی جائے۔ حالات کا جائزہ لیکر اس آگ کو ٹھنڈا کیا جائے۔ اس کے ساتھ جو سندھ میں نقصان ہوا ہے۔ حیدر آباد میں کروڑوں روپے کا نقصان ہوا ہے، دو سناروں کی دکانیں لوٹی گئیں، دو گھڑیوں کی دکانیں لوٹی گئیں اور بہت سے پمپ جلائے گئے، مکان جلائے گئے۔ کروڑوں کا نقصان ہوا ہے۔ لیکن حکومت دو چار ہزار دے کر جان چھڑا لے گی۔ ایسا نہیں ہوگا۔ ان کو پورا معاوضہ دینا چاہیئے۔ اور اس سلسلے میں ہدایات جاری کرنی چاہئیں۔ ہاں سندھیوں کو، غیر سندھیوں کو، جو مہاجر بھائیوں کا نقصان ہوا ہے ان سب کو compensation

[Shaikh Ali Muhammad]

دینا چاہیئے ۔ ہاں ہمارے ایک بھائی محترم سینیٹر نے کہا ایک ہی قوم ہے پاکستان میں اور وہ مسلمان ہے ۔ ہم بھی ایک قوم کو مانتے ہیں لیکن جناب یہاں چار قومیتیں ہیں ۔ پنجابی ہیں ، سرحدی ہیں ، بلوچی ہیں ۔ تو سندھی کہلانے میں کیا جرم ہے ۔ بہر حال ہم یہی مطالبہ کرتے ہیں کہ انکوائری کرائی جائے اور اس کے ساتھ ساتھ سندھیوں کو پورا معاوضہ دیا جائے ۔ اور سندھ میں لائسنس کے اجرار پر جو پابندی لگائی گئی ہے اس کو بحال کیا جائے تاکہ لوگ اپنا بچاؤ کر سکیں اور سندھ کے دیہاتی علاقوں میں جو ظلم کیا جا رہا ہے ، اسے بند کیا جائے ۔ شکریہ مہربانی ۔

جناب چیئرمین : شکریہ شیخ صاحب ۔ جناب احمد میاں سومرو صاحب ۔

**Mr. Ahmedmian Soomro :** Thank You, Mr. Chairman.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Sir, today, we are discussing a matter which we have in a way discussed previously regarding the situation of law and order in Sindh. The law and order in Sindh started really deteriorating from 1983. Then, I am sorry to say it became very much worse in 1985 onwards. Though fortunately we had switched over to a constitutional civilian government but there can be no doubt that since 1985 the situation in Sindh went from bad to worse and started day by day deteriorating. In this very august House this question was several times raised, discussed and a change in the Government of Sindh was demanded. The present situation, therefore, Sir, dates back to a time as I have already pointed out. Well, the incidents including the latest one are most condemnable. Whoever they be, whether they be the new Sindhis or the old Sindhis because I am certainly not inclined after a period of 40 or 41 years to call any one a refugee. Refugee is a person who takes refuge for a temporary period. I consider the so-called *Mohajirs*, who want to live in Sindh and die in Sindh and be buried in Sindh and plough their earnings in Sindh, equally a Sindhi as much as I am because sometime or the other I or my ancestors did come from somewhere and so also the other Sindhis. Some came from Arabia, some came from Rajhastan and such other places, therefore, I do not like to use the term *'Mohajir'*. They are our brothers. We welcome them as a true *Musalman*. We tried to share their grief as much as possible and provided them as much comfort as we within our means could and we still consider them as a brother because the very basis on which Pakistan was created was Muslim brother-hood. How can we now imagine

a Muslim killing a Muslim ; a Pakistani killing a Pakistani and above all a Sindhi killing a Sindhi. It is most shameful but what has the Government done. After having repeated debates in this House we find the Minister concerned used to merely get up and appreciate some of the suggestions. I would also emphasize joining my learned brother Javed Jabbar that what has the Minister concerned done who accepts and praises the suggestions given in this House. What have they done to implement those suggestions. We have from time to time been giving them suggestions in the interest of the nation. They have been conceding that they were good suggestions but I do not think, Sir, these have moved beyond acceptance in this House.

Some of the things raised today, Sir, call for serious attention of the Government. Unless Government decides to punish the miscreants — be he a Sindhi, be he a non-Sindhi, be he a Punjabi, be he a Pathan, be he a public person, be he a Federal Minister — they are all equal before the law and if an allegation made today by one of the learned Senators that the Mayor and a Federal Minister are responsible for instigation, if that is correct and if there is a tape in that regard, why does the Government not take necessary steps to prove that this Government at least treats everybody in accordance with law and nobody is above the law. Of course, as I said, 'if true, it calls for a serious action'.

Then, Sir, what has the Government done to prevent such incidents for the future ? For whatever has happened, all that we can do is to compensate them reasonably and substantially for the loss incurred by them — be they from any area, from any class or from any sect. They must be rehabilitated. If in the case of Ojhri Camp the doors of the treasuries could be opened, which was a correct step, why not the same can be done for the people in Sindh, in Karachi, in Hyderabad and elsewhere.

Sir, it calls for action to prevent such incidents in future. It calls for an action to remove the genuine grievances of the people of Sindh. Unless you take steps to remove their genuine grievances, sense of deprivation would be there. The miscreants whoever they be, at this stage, we have to find them, punish them and give them deterrent punishment. Here I would like to ask the honourable Federal Minister for Interior who has a reputation of being a strong man what has he so far done about the miscreants who have during this long period been responsible for such condemnable incidents. If you (referring to the Interior Minister) have not been able to trace them then your department is most inefficent. It calls for serious action on your part to trace them out and to award them deterrent punishment so that in future no one should dare to do such things. That is what would stop things for the future but you must also go a step further and identify steps to avoid this in future. You have got media, you have the television, you have got the radio—at least those that are government con-

[Mr. Ahmedmian Soomro]

trolled—what steps have you taken in the last few years to utilize them for this purpose. Of course, I would not hold you responsible. I mean, the present Government for what has happened prior to the period that it came in but as a Government I am saying what have they done to educate the masses. They have a very good source *i.e.* this media, they should avail of this facility rather than showing things—showing financial companies investment which has ruined the country, rather than showing just praises for the Ministers opening this function or that function—many of the things which the nation is certainly not interested in. Why don't you start programmes, dramas and other things which would educate the people. India did the same thing, that is, to try and see that one brother is not petted against the other. Their dramas, their films and their pictures had themes which people very interestingly watch but the lesson behind that is to try and create amity.

What has our Government done? I would also, therefore, ask the Minister for Information and Broadcasting who happens to be my younger brother that please put your broadcasting and other things in this direction. Make them really worth the taxes the man is paying. Just don't let it be a commercial concern merely showing advertisements of Coca Cola, Pepsi Cola and these things. Make it worthwhile, make the persons feel pleased in paying your licence fees. Give them daily lessons, dramas, films on how brothers should live with brothers, how you should treat your neighbours. These are such things that get this sort of brain washing which would bring in good results for the future.

Then Sir, there is no doubt about the inefficiency and the height of corruption in the Police. Police does not investigate except in a few percent of cases. You have to catch the accused, you have to bring the evidence to the Police and all they do is to pass it on to the Judge and get paid for it, not only by Government but by the aggrieved party even. Why do you not take advantage of the report of the various commissions? What have you done upto this time or your predecessor Governments to implement the great efforts put in by very learned people who were on many of the commissions. Your Police force needs a complete overhauling. Your Police force is not going to improve merely by augmentation of its numbers. You have to first in your conscience feel that what you are paying him, can he live on that? If you know he can't live on that, if you know he can't meet his basic requirements with that then you are responsible for the corruption of the Police. Then you cannot absolve yourself of the responsibility. Pay him sufficiently and so augmenting the number give that money to those that are there so that they can basically live on it. Give them better communication, give them better training that would be better then merely you are bringing up new forces. Already you have so many forces some of them are FIA and CIA and this and that who are merely there at the airports to harass people. You go to Karachi Airport,, you find a line of cars, who have to catch the airport, lying

numberless, each one has seen. What sort of security is this ? This is merely harassment of the people. Instead of wasting your money on that as I said improve the present system.

Then Sir, I would give them another suggestion. Improve your laws as far as unlicensed arms are concerned particularly the arms of the prohibited bores. You find people, undesirable elements openly moving around with klashnikoves. Your Police does not touch them. I know of a recent meeting in Karachi where they were openly displaying klashnikoves and others. What is this ? I would tell you. You have already banned them without licence but are you satisfied that your laws have been implemented. Give them the maximum punishment, I would even suggest, consider capital punishment for those who just roam around without licences with klashnikoves just to threaten the people or to rob them. You find boys going on scooters with klashnikoves and snatching purses of ladies on the way. Is this a society we are living in ? Is this what people are paying taxes for ? What thought have you given ? What have you done so far ? Please tell this House to stop the carrying about arms of these prohibited bores openly. What is the Police doing ? Or if you can't do that then open it up, let everybody go and get a licence from the Post Office. If you have in a village sufficient number of arms they can protect themselves, you are not capable of protecting them. Admit your weakness that you cannot protect the life, property and respect of people. I would here also ask you to please issue instructions as our learned President has said, "he respects the *Chadar and Chardiwari*". What have you done to do that ? Have you issued any instructions so far to your Police, to your FIA to the various agencies not to enter anybody's house unless he is nuisance for his neighbours or others. This is something which the people expect from you that the respect and honour of their houses should be safeguarded from the Police. We on the one hand acclaim the Shariah Ordinance but with that also you must enforce the Evidence Act *"Qanoon-i-Shahadat"* without that the implementation of the Hudood Ordinance is more a terror than justice. Police gets hold of anybody, puts him up under the Hudood Ordinance. We have been finding for the last two days in the papers funny cartoons asking a couple not to go to the park unless they have their *Nikah Nama* with themselves. How ridiculous it is ? Sir, today if I am asked, I would not be able to produce a *Nikah Nama*. Therefore, asking people or youngsters whether they are married or not is not reasonable, please for God's sake issue these instructions.

**Mr. Chairman :** Time is running out.

**Mr. Ahmedmian Soomro :** Sir, this ia a very important matter.

**Mr. Chairman :** It is important, I know but I was requesting you to wind it up, if possible.

**Mr. Ahmedmian Soomro** : I would request the Government that since this is now the only limb of Parliament that is alive to appoint a Senate committee to go into the riots in Sindh and use their good offices to try and bring about amity. What is this ? One day we find Muhajirs fighting against the Punjabi–Pathan, sometimes we find Sindhi and Muhajir fighting with each other. Sir, what is this ? Are we gone mad ? I think this nation needs something seriously to put it on the track.

In the case of Sindh Sir, I would again point out to the Minister for Interior and ask him not to take the plea that it is a provincial subject. Sir, this is a thing which affects everybody that is the Thori incident. For almost four years those boys are rotting in jail. Why don't you try them ? Hang them if they are guilty but don't let them be for four years in jail just rotting and not trying them. You set up one tribunal, another tribunal, what is this ? If they are found guilty according to law, punish them. If you do not have the evidence and you are not able to prove the guilt like any other ordinary citizen, acquit them, but at least decide their matter. It is almost four years, if I am not mistaken, people have been crying about this case. These small things add up. They are like fuel to the fire.

So, since there is a limited time I would not like to go further except for a few things. We have a Governor there, make him full Governor, why Acting Governor and why only in Sindh an Acting Governor ? The man has stayed in Baluchistan also, at other places, if he is fit to be Acting Governor why not make him a fullfleged Governor. Then who is the fullfleged Governor ? Is it Mr. Tabani ? Atleast the people in Sindh have a right to know. What is the reason for not appointing a Chief Minister in Sindh ? Over a crore of people not a single person fit? At least let the people of Sindh Know کہ ٹھیک ہے tell them none of you is fit. So, let us try to find some alternative. But giving them different treatment from the other provinces, I would ask them, to please coolly think over it and do not give course of grievance to the people and let us all put our efforts for peace. I am glad that two leaders–Mr. Altaf Hussain and Mr. G. M. Syed have been meeting because every sensible man realizes that innocent lives have to be protected and therefore, for the future, I hope the Minister concerned would take note of it. And I would also like to point out that as my learned brother Aijaz Ali Khan has pointed out that there is a sense of deprivation in the services of Sindh. In three Divisions not a single Sindhi is a Commissioner. Not even 50% of the Districts have Sindhi Deputy Commissioners. I will request them that these are very ordinary things, although what difference would it make to Sindh if Mr. A of Sindh is a Deputy Commissioner. It would not make any difference but the official class is a great barometer of the public opinion. They, to a great extent, can improve or damage public opinion. So, please consider and be fair to the people of Sindh. Thank you.

جناب چیئرمین ! جناب بہرہ ور سعید صاحب ۔

اخوندزادہ بہرہ ور سعید : اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم،

جناب چیئرمین صاحب! میرے پیش رو مقررین نے سندھ کے حالات کا جو نقشہ کھینچا ہے اسے سن کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور یہ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ کیا اس دن کے لیئے ہم نے یہ ملک حاصل کیا تھا کہ ایک پاکستانی، دوسرے پاکستانی کا خون بہائے۔ ناحق طریقوں پر بچوں کو یتیم کرائے، سہاگنوں کے سہاگ لٹ جائیں۔ ایک قوم کے ناتے سے سوچنے کی بجائے اب ہم مختلف ناتوں سے سوچنے لگے ہیں یہ پختون ہے، یہ پنجابی ہے، یہ سندھی ہے، یہ بلوچی ہے، اور اب پانچواں آگر کہتا ہے کہ ہم مہاجر ہیں، یہ قابل افسوس ہے۔

جناب والا! جیسے میرے دوست نے بتایا ہے، سندھ بہت پرانی تاریخ کا حامل ہے اور ہم فخر کرتے ہیں جب ہم اس کو باب الاسلام کے نام سے پکارتے ہیں، یہ صحیح ہے کہ سب سے پہلے قرارداد، اگر پاکستان کے حق میں پاس ہوئی تھی تو وہ سندھ میں ہوئی تھی، اور سب سے پہلے مسلمان جو اس Sub-continent میں ہوا وہ بھی ایک سندھی تھا۔ پھر کیا وجہ ہے، کیوں ایسے واقعات ہوتے ہیں۔ آخر وہ کون سی وجہ ہے، کون سے محرکات ہیں۔ کہ آج مسلمان، مسلمان کے خون کا پیاسا ہو گیا ہے، بھائی، بھائی کا گلا کاٹ رہا ہے۔ جناب والا! میری نظر میں تین چار ایسے محرکات ہیں جو کہ ان کے علاوہ ہیں جو میرے دوستوں نے بیان کیئے ہیں، میری نظر میں ان میں ایک تو ہمارے ازلی دشمن بھارت کا ہاتھ ہے۔ وہ ہمارا ازلی دشمن ہے، بھارت کو یہ حق پہنچتا ہے کہ جس طرح سے بھی ہو سکے وہ پاکستان کو ختم کرے اور اس سے فائدہ اٹھائے، وہ ۱۹۷۱ء میں یہ ڈرامہ کھیل بھی چکا

[Akhunzada Behrawar Saeed]

ہے جس سے انہوں نے تو سبق سیکھا، مگر ہم نے کوئی سبق حاصل نہیں کیا۔ بھارت، روس نے اور میں اس میں اسرائیل کو بھی شامل کروں گا ایک ایسی سازش کی ہے، ایسی پلاننگ کی ہے، کہ کسی طریقے سے پاکستان کو صفحہ ہستی سے مٹایا جائے، نمبر ایک، یہ کہ انہوں نے ہوائی حملے شروع کیے، یہ جس طریقے سے بھی کیے، خواہ یہ افغانستان سے کیے، مگر پاکستانیوں کی ہمت توڑنے کے لیئے یا ان میں بے چینی پیدا کرنے کے لیئے یہ حملے شروع کیئے، ان کا یہ حربہ ناکام رہا۔ دوسرے حربہ کے طور پر انہوں نے تخریب کاری شروع کی۔ ٹھیک ہے کہ تخریب کار اگر باہر سے آتے ہیں تو وہ ایسے نہیں آسکتے جب تک کہ اندر سے ان کو پناہ دینے کے لیئے کوئی نہ ہو، ان کو راستہ دکھانے کے لیئے کوئی نہ ہو، ان کو وہ حساس تنصیبات بتانے کے لیئے کوئی نہ ہو، جو ملک کے اندر ہیں، جب یہ حربہ ان کا فیل ہوگیا تو وہ اصلی حربے پر آگئے، کہ بھائی کو بھائی کے ساتھ لڑاؤ تفرقہ پیدا کرو، چنانچہ کوئی سندھی ہوگیا، کوئی پنجابی ہوگیا، کوئی پٹھان ہوگیا، ہر ایک نے اسی پر سوچا، اور اس سوچ سے کہ یہ پنجابی ہے، یہ مہاجر ہے، یہ پٹھان ہے، یہ سندھی ہے، یہاں تک نوبت آئی کہ اب ہم سندھ کا رونا رو رہے ہیں، اور خدا خیر کرے، کل ہم بلوچستان کا اور فرنٹیئر کا رونا نہ رونے لگیں۔

جناب والا! اگر بھارت ایسا کرسکتا ہے تو اس کی وجوہات ہیں، اور ایسی شہادت بھی ہے جس میں سے میں ایک چیز کی نشاندہی کرتا ہوں کہ سندھ بھی اس طرح سے پاکستان کا ایک حصہ ہے جس طرح کہ مشرقی پاکستان تھا۔ وہاں بھی ہندو آبادی تھی، یہاں بھی ہندو آبادی ہے۔ ۱۲-۱۴ لاکھ ہندو یہاں

موجود ہیں اور ہندو جہاں بھی ہوں ، پہلے ہندو ہیں وہ کبھی کسی حالت ہیں ، میری نظر ہیں پاکستان کے وفادار نہیں بن سکتے ہیں ۔ اگر سندھ میں بلوے کیے جاتے ہیں ، اور کہیں کہیں سے سندھو دیش کے نعرے اٹھتے ہیں تو وہ عناصر اٹھاتے ہیں جو بھارت کے ساتھ ملے ہوئے ہیں یا وہ ہندو جو سندھ میں رہتے ہیں ان کی طرف ذرا دیکھ لیجئے ۔ جناب چیئرمین صاحب ، اس کے متعلق figures and facts جمع کریں کہ کتنے ہندو یونیورسٹیز میں پروفیسر ہیں ، کالجز میں پروفیسر ہیں ، کتنے ہندو ڈاکٹرز ہیں ، کتنے ہندو انجینئرز ہیں اور کن کن پوسٹوں پر ہیں اور کہاں کہاں ہیں یہ میں وہ نقشہ پیش کر رہا ہوں جو میں نے بچشم خود دو تین ماہ مشرقی پاکستان میں دیکھا اور جس کا جائزہ لیا ۔ وہی حالت اب یہاں رونما ہو رہی ہے جو اس وقت مشرقی پاکستان میں رونما ہوئی تھی ، وہ یونیورسٹیوں پر چھا گئے تھے وہ کالجوں پر چھا گئے تھے ، سروسز پر ان کا کنٹرول تھا اور بزنس بھی ان کے ہاتھ میں تھا۔

جناب چیئرمین صاحب ! بھارت اور روس کا یہ جو آخری حربہ کامیاب نظر آتا ہے ۔ ہم آئے دن فرقوں میں بٹتے جا رہے ہیں ، ایک دوسرے کا خون بہاتے ہیں ۔ جناب والا ! حیدرآباد کا واقعہ جو کہ عجیب سا واقعہ ہے ، اس کے بارے میں جتنا بھی میں نے سوچا ، اتنا ہی الجھن میں مبتلا ہوا .... دو گاڑیاں کھڑی ہیں ... میئر آتا ہے ۔ اس پر فائرنگ ہوتی ہے ۔ انہوں نے mask پہنے ہوئے ہیں ، منہ چھپائے ہوئے ہیں ۔ ابھی تک یہ کسی نے نہیں بتایا کہ جس نے وہ نقاب پہنا ہوا تھا ، وہ آدمی کون تھا ۔ یہ میرے خیال میں وزیر داخلہ بتائیں گے کہ آخر کوئی نقاب پوش پکڑا گیا ہے یا نہیں ۔ کیا یہ نقاب پوش اس کا ڈی سی بھی ہو سکتا ہے یا نہیں " اس کا پولیس

[Akhunzada Behrawar Saeed]

الیس الیس پی بھی ہو سکتا ہے یا نہیں ..... اس کا کمشنر بھی ہو سکتا ہے ... اگر ان میں سے کوئی نہیں ہے تو ہندو ہو سکتا ہے ۔ پاکستان کے دشمن ہندو ہو سکتے ہیں کیا کسی نے کسی نقاب پوش کو پکڑا ہے کہ یہ فلاں نقاب پوش ہے ۔ یہ سندھی ہے ، یہ مہاجر ہے ۔ جناب والا ! یہ ایسی چیزیں نہیں ہیں جن کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے ۔ بھارت کی اس کارروائی کا اگر خوشامد سے علاج کرنا چاہیں گے ۔ امن ، امن اور امن کی پیشکش کر کے ان کا دل جیتنے کی کوشش کریں گے تو میں سمجھوں گا کہ یہ ہماری خوش فہمی ہے بھارت میں بھی تو آزادی کی تحریکیں چلتی ہیں ۔ ہم کیوں ہچکچائیں کہ ان کے ساتھ ہمارا کام نہیں ہے ۔ اگر وہ سندھ کانفرنس کر سکتے ہیں، اگر وہ اجمیر میں اور سندھ کے ساتھ ملحقہ راجستھان میں سندھیوں کے لیئے بہت کچھ کر سکتے ہیں تو کیا ہمارے لیئے یہ بہت بڑا جرم ہے کہ ہم سکھوں کی معاونت نہ کریں ۔ کیوں نہ کریں ۔ آزاد آسام موومنٹ کی کیوں مدد نہ کریں ۔ میزو قبائل کی مدد کیوں نہ کریں ۔ دار جلنگ میں بھی ایسے قبائل ہیں ۔ کیا اس ملک سے ہماری ہمدردی نہیں ہے ؟ کیا ہم اتنے ہی کمزور ہیں کہ یہ کرسی قائم رہے گی اور بس اس کے بعد کشکول اٹھا کر بھاگ جائیں گے ۔ جناب چیئرمین صاحب ! ہمیں اس پر سوچنا چاہیئے، غور کرنا چاہیئے ۔ وزیر داخلہ صاحب ہم بھی کم از کم ان کے ساتھ اتنی مدد نہ کر سکیں، اتنا نہ کر سکیں کہ اپنی فوج سری لنکا میں اتاریں تو کم از کم اتنا تو کر سکتے ہیں کہ ان لوگوں کی جو انکی مخالفت کرتے ہیں جو آزادیاں چاہتے ہیں ان کی تو مدد کریں، اس میں کوئی عار نہیں ہے اگر وہ ہمارے علاقے میں کر سکتے ہیں تو ہم بھی کر سکتے ہیں ۔

جناب والا! دوسرا محرک میری نظر میں وہاں پہ لینڈلارڈ ازم اور جاگیر داری ہے چاہے میرے صوبے کے خان ہوں، چاہے پنجاب کے چوہدری ہوں، چاہے بلوچستان کے میر ہوں، چاہے سندھ کے وڈیرے ہوں، ان کا مفاد مشترکہ ہے، یہ جھوٹ بولتے ہیں کہ ہائے سندھی اپنے حق سے محروم ہو گیا ہے - نہیں جب اپنی خواہش کے مطابق کرسی نہیں ملتی تو سندھی محروم ہو جاتا ہے - جب میرے صوبے میں ولی خان کو کرسی نہیں ملتی تو پٹھان محروم ہو جاتے ہیں، عوام کی محرومیت نہیں ہے، جب انہیں کرسی نہیں ملتی تو وہ عوام کی محرومیت بنتی ہے - جناب پاکستان اور ہندوستان دونوں اسلامی نظریئے سے مفتوحہ علاقے ہیں اور اب ہم تو شریعت آرڈیننس بھی لا چکے ہیں، یہ دعوے بھی کرتے ہیں کہ ہم اس ملک کو اسلامی فلاحی مملکت بنائیں گے۔ بسم اللہ کیجئے - یہاں سے ابتدا کیجئے، ہر مفتوحہ علاقے میں زمینیں سرکار کی ہوتی ہیں اس میں کوئی مالک نہیں رہتا - تاریخ گواہ ہے جب دمشق فتح ہوا اس وقت زمینوں اور باغوں کا سوال اٹھا تو اس نے فیصلہ کر دیا کہ نہیں یہ زمینیں مزارعوں، کاشتکاروں کے پاس جائیں گی کسی کو جاگیر نہیں ملے گی - جناب والا! جاگیر داری یا بڑی زمینداری یا یہ permanent settlement یہ اسلام کی روح نہیں ہے - اسلام میں اس کی کوئی گنجائش نہیں ہے - اس کو ختم کرنے کا سوچا جائے۔

جناب چیئرمین صاحب! پہلی حکومتوں نے بھی تو آنکھوں میں دھول جھونکی ہے - کسی نے ۱۹۶۴ء میں اور کسی نے ۱۹۷۲ء میں lands reforms کے نام پر - سب محسوس کرتے ہیں کہ تکلیف کہاں ہے، کیڑا کہاں ہے جو اس کو کاٹتا ہے لیکن وہ اس کا علاج نہیں کرتے - ڈھنڈورا تو بہت پیٹا جاتا ہے کہ اتنی

[Akhunzada Behrawar Saeed]

اتنی lands reforms ہو گئیں۔ اب اڑھائی سو ایکڑ، اور اب ۵۰ ایکڑ ہو گیا، یہ اس کا حل نہیں ہے جناب۔ اس کا حل ایک ہے کہ لینڈ لارڈ ازم کو ختم کیا جائے۔ یہ زمیندار آج اگر سندھ میں ہیں۔ میں کسی خاص طبقے کی نہ وکالت کرتا ہوں نہ مخالفت کرتا ہوں۔ لیکن یہ بعد میں بلوچستان اور دوسری جگہوں پہ ہمارے لیئے مسئلہ کھڑا ہو سکتا ہے۔ یہ کبھی اسلام میں نہیں تھا۔ مغل آئے تو انہوں نے کسی کو ۵ سو اور کسی کو ۲ سو ایکڑ اراضی دی۔ کسی کو زمیندار بنایا۔ پھر جب انگریز آیا۔ تو اس نے بھی یہی رسم جاری رکھی لیکن اس نے آخر میں permanent settlement کی۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اس نے permanently وہ لوگ چن لیئے جو ہمیشہ کے لیئے اس ملک میں فساد کرانے کی جڑ بنیں۔

جناب والا! یہی تو دو چیزیں میں نے بیان کی ہیں جس کی نشاندہی اس ملک کے صدر مملکت نے اپنی تقریر میں کی تھی۔ صدر مملکت اس چیز کو تسلیم کرتے ہیں کہ بھارت کا بیرونی ہاتھ اس میں ہے، اس کو بھی تسلیم کرتے ہیں کہ یہاں یہ جو بڑی زمینداری، جاگیرداری سسٹم ہے یا لارڈ ازم ہے یہ بھی اس کی جڑ ہے، یہ ان کے interest میں ہے ان وڈیروں، جاگیرداروں اور ان خانوں کے کہ وہاں ہمیشہ گڑبڑ رہے۔ آج اگر کسی جنگل میں چند ڈاکو رکھے جاتے ہیں تو یہ سوال اٹھائیں کہ ان کو feed کون کرتا ہے اور انکی حفاظت کون کرتا ہے۔ یہی بڑے بڑے زمیندار۔ وہ کون ہیں، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ ڈاکو مجبور انسان ہوں۔ معاشرتی وجوہات بھی ہو سکتی ہیں۔ تو میں یہی تجویز پیش کروں گا کہ آپ لینڈ لارڈ ازم کو ختم کرنے کا جرأتمندانہ اقدام کریں اور صدر صاحب سے یہ عرض کروں گا کہ آپ نے تشخیص

تو کی ہے اور صحیح کی ہے اور اب سرجن کا چاقو چاہیئے، آپریشن چاہیئے۔ اگر اس ملک کو واقعی اسلامی فلاحی مملکت بنانا ہے اور عوام کو ان کے حقوق دینے ہیں اگر آج سو دو سو جاگیردار ناراض ہو جائیں گے تو لاکھوں لوگ خوش ہونگے۔ مزارعوں سے بھی خلفائے راشدین کے دور میں کچھ حصہ وصول کیا جاتا تھا وہی طریقۂ کار رائج کیوں نہیں کرتے۔ اسلام ایسے تو نافذ نہیں کیا جاتا کہ آرڈیننس کے ذریعے نافذ ہو جائے۔ اسلام میں تو عملی اقدام کی ضرورت ہے۔

جناب والا! تیسرا محرک میری نظروں میں جس پر میرے دوستوں نے بڑا زور دیا۔ وہ انتظامیہ کی ملی بھگت ہے۔ پولیس incompetent ہے، چلو تسلیم کیا۔ غیر سندھی وہاں ہیں، چلو یہ بھی تسلیم کیا، گورنر غیر سندھی ہے چلو یہ بھی تسلیم کیا۔ لیکن یہ کبھی سوچا گیا ہے کہ اتنے واقعات جب ہوتے ہیں یہ لوگ پریس نوٹ تو جاری کر دیتے ہیں کہ آج کراچی میں یہ ہوا، حیدرآباد میں یہ ہوا وغیرہ وغیرہ، مگر اس کے بعد تدارک کے لیے کیا کچھ اقدامات کیئے گئے ہیں کیا کوئی اس کی تردید کر سکتا ہے کہ انتظامیہ میں اکثریت یا تو ہندو کے ہاتھ میں بکی ہوئی ہے یا ان جاگیرداروں کے ساتھ ملی ہوئی ہے یا مافیا والوں کے ساتھ ملی ہوئی ہے۔ دیکھیئے ۵ سو روپیہ یا دو ہزار روپیہ تنخواہ والے اتنے بڑے بڑے عالیشان بنگلوں میں کیسے رہتے ہیں، یہ دولت کہاں سے آئی؟ اسی ملی بھگت اور غداری سے، اسی بے ایمانی اور ضمیر فروشی سے۔

جناب والا! تیسری گزارش جو میں کر رہا تھا وہ یہ تھی کہ انکی ملی بھگت ہے۔ انتظامیہ پر کڑی نظر رکھنے کی ضرورت ہے چاہے وہ پولیس ہو خاص کر میں آپ کی توجہ دلاؤں گا Revenue Officers کی طرف، میرے نوٹس میں یہ بات آئی ہے کہ وہاں بھی ہندو افسروں کی اکثریت ہے اور یہ آپ

دیکھ لیں جناب کھوکھرا پار اس کے بعد حیدر آباد اور اس ایریا میں جہاں پر بارڈر ہے اسی بارڈر پر یہ ہندو زیادہ ہیں اور وہی ہندو کہ مشرقی پاکستان میں آکر اسے کیا چیز بنایا، وہی ہندو یہ کھیل کھیل رہے ہیں۔ جناب میری تیسری عرض یہی تھی کہ انتظامیہ کی ملی بھگت ہے اس پر کڑی نظر رکھی جائے، سخت اقدامات کیئے جائیں، پکڑیئے ایک نقاب پوش ڈی سی کو اور گولی ماریں اس کو، پکڑیئے ایک نقاب پوش ایس پی کو، اس کو گولی ماریں، میں یہ ماننے کو تیار نہیں ہوں کہ ایک نقاب پوش آتا ہے اس کو پکڑا نہیں جاتا، اس کے متعلق نہیں بتایا جاتا کہ یہ کون ہے اور الزام کس پر آتا ہے سندھی پر، الزام کس پر آتا ہے مہاجر پر، یہ تو بڑا خوب ہے، کام بھی کرو اور الزام دوسرے کے سر دھرو، جناب میں اپنے بڑے قابل وزیر داخلہ سے گزارش کروں گا کہ جناب آپ کے نام کے ساتھ تو آہیر لگا ہوا ہے اور اس کا میں ترجمہ کروں گا آہیر میرے پاس، تو جب آپ ہیر کو بلاتے ہیں تو مجنوں کو بھی بلایئے۔۔۔۔

جناب چیئرمین۔ اگر وزیر صاحب کو بھی ہم نے سنا ہے تو وہ جو دو گھنٹے کا وقت ہے وہ تقریباً ختم ہی ہو رہا ہے۔ تو میری درخواست ہوگی کہ اختصار سے کام لیں۔

اخونزادہ بہرہ ورسعید: جناب والا! میں عرض کروں گا کہ یہ ایک محرک اور ہے اور وہاں پر نوجوان طبقہ کی بیروزگاری ہے، تعلیم یافتہ نوجوان طبقہ کی بے روزگاری ہے۔ تو جناب میں نے آپ کی خدمت میں اس کے محرکات عرض کر دیئے ہیں اور اس کا علاج بھی عرض کر دیا ہے اور انتظامیہ کی تطہیر اے سے زیڈ تک ہونی چاہیئے، یہی ہمارا سفید ہاتھی ہے، یہی ہمیں نقصان

دیتے ہیں، یہی ہمیں ٹکراتے ہیں، یہی ہمیں لڑواتے ہیں اور اس کا فائدہ اٹھاتے ہیں۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ، جناب آہیر صاحب

**Mr. Javed Jabbar :** Point of order Mr. Chairman.

**Mr. Chairman :** Yes please.

**Mr. Javed Jabbar :** Mr. Chairman, I have a great deal of respect for the eloquence and the integrity and the experience of my honourable colleague Behrawar Saeed Sahib but may I invite your attention to his comments which may have been inadvertent and which he may wish to consider *i.e.* questioning the loyalty to the State of Pakistan of certain people who happen to be non-Muslims and who live close to the border. I know for a fact Mr. Chairman that they may not be Muslims but their commitment to this country should not be called into question.

**Mr. Chairman :** I think what he meant was not as a class. There I agree with you that they cannot be condemned as a class. There may be an odd man here or there.

**Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi :** Point of order, Sir.

**Mr. Chairman :** Yes please.

جناب اعجاز علی خان جتوئی: معزز رکن نے جس طرح سے کیس پلیڈ کرتے ہوئے ہمیں ایجنٹ قرار دیا ہے، اس میں ٹھیک تھے جب ہم بات کرتے ہیں حقوق کی تو ہمیں یہ response ملتا ہے۔ جناب بات یہ ہے کہ اگر ہم پیچھے جائیں گے، دیکھیں کلاشنکوف یہاں کس نے انٹروڈیوس کی ہے، جب یہ افغان مہاجرین آئے تو سندھ میں پتہ چلا کہ کلاشنکوف رائفل بھی ہوتی ہے، ہیروئن کہاں بنتی ہے، پاپی کی کاشت کہاں ہوتی ہے، ان سب چیزوں کی تحقیق کریں، پھر ہم ذمہ داری لینے کے لیئے تیار ہیں، ایسی بات نہیں ہے، بات یہ ہے کہ اس

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

طرح سے الزام تراشی کرنا کہ ہندو کے ایجنٹ ہیں سندھ میں یہ پوری قوم کے اوپر attack ہے یہ مناسب نہیں ہے اور میں آج پھر فخر سے کہتا ہوں کہ ہم ۵ ہزار سال پہلے سندھی تھے اور آج سندھی ہیں، کیوں کہ پاکستان ۴۷ سال پہلے بنا ہے۔ ۴۷ سال میں ہم پانچ ہزار سال کی تہذیب تو ختم نہیں کر سکتے، آپ ۴۰ سال پہلے کیا تھے۔ پٹھان نہیں تھے کیا، آپ کے بڑے کیا تھے ۱۴ سو سال پہلے، کیا وہ پٹھان نہیں تھے۔ ہمارے بڑے بھی سندھی تھے، دو سو سال قبل جب وہ مرے وہ سندھی ہو کر مرے۔ پاکستان تو ابھی بنا ہے اس لحاظ سے جناب ساری قوم کو یہ کہنا کہ ہندو وہاں کنٹرول کر رہا ہے، institutions میں ہندو ہیں، کیوں کہ ہم نے ایک problem raise کیا ہے اس کو اس طرح سے کہہ کر پیش کرنا مناسب نہیں ہے کہ یہ پوری قوم کو الزام دیں۔

جناب چیئرمین: صحیح ہے۔ جناب آہیر صاحب۔

(مداخلت)

مولانا سمیع الحق: جناب والا! وزیر صاحب پرسوں جواب دے دیں تفصیل سے۔

جناب چیئرمین: دو گھنٹے بعد یہ چیز دوبارہ ہو نہیں سکتی آج ہی اس کو ختم کرنا ہے اس کے بعد ہاؤس ملتوی ہو جائے گا، یہ پونے ایک بجے شروع ہوا تھا.....

مولانا سمیع الحق: جناب میری یہی تجویز ہے شاید آہیر صاحب اس سے اتفاق کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین : دوبارہ پھر موقع آئیگا فی الحال تو انکو بولنے دیں۔ جناب آہیر صاحب۔

ملک نسیم احمد آہیر : شکریہ جناب چیئرمین ، جناب والا! تاوقتیکہ یہ قوانین کی پابندی لازمی نہ ہو، میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ مسئلہ جو آج یہاں اٹھایا گیا ہے، اتنا گہرا ہے اور اس سے میرا خیال ہے کہ پاکستان کے اندر ایسے قسم کے مسائل جنم لے رہے ہیں تو میں ذاتی طور پر تو ضرور چاہوں گا کہ اس بحث میں زیادہ سے زیادہ لوگ ضرور شرکت کریں اور میں اس وقت پوری طرح تیار ہوں۔ اس تمام بحث کو سمیٹنے کے لیئے لیکن اگر کچھ بھائی سمجھتے ہیں کہ اس سلسلے میں contribute کر سکتے ہیں، چونکہ جناب والا! میرے نزدیک یہ مسئلہ کچھ لاء اینڈ آرڈر کا نہیں ہے یہ ہمارا ایک بہت بڑا قومی مسئلہ ہے بلکہ میں کہوں گا کہ قومی المیہ بن چکا ہے اور اس میں اگر آپ ۲ گھنٹے کی پابندی کروانا چاہیں تو آپ کے حکم کے تحت میں بھی جواب دینے کو تیار ہوں۔ لیکن میں یہ ضرور چاہوں گا کہ اس میں ہمارے اس معزز ایوان کے اراکین جو ہیں وہ زیادہ سے زیادہ شرکت کریں اور اپنی رائے کا اظہار کریں۔ بہت سی باتیں آج نئے سرے سے اٹھائی گئی ہیں۔ کچھ کا تعلق لاء اینڈ آرڈر سے ہے ، انتظامی مشینری سے ہے لیکن کچھ انتہائی گہری اور بنیادی نوعیت کی باتیں ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس قومی مسئلے پر اگر آپ اجازت دیں تو مجھے ذاتی طور پر قطعاً کوئی اعتراض نہیں ہے کہ پرسوں تک اس کو لے جائیں۔ میں یہ چاہوں گا کہ اتنا گہرا مسئلہ ہے اور یہ جو ہمارا قومی سب سے بڑا منتخب فورم ہے اس پر اس مسئلے پر درد و رنج کے ساتھ ہمیں غور کرنا چاہیئے اور مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی ہے کہ آج بہت مثبت اور انتہائی تعمیری تجاویز بھی دی گئیں ہیں اور پھر وہ یہ نہیں پائیں گے۔ جب میں اس

[Malik Nasim Ahmed Aheer]

میں کچھ گزارشات کروں گا کہ ہر مرتبہ سننے کے بعد کہ آپ نے بڑی مثبت تجاویز دیں کچھ اقدامات کے بارے میں بھی ان سے گزارش کروں گا اور کچھ اقدامات کے لیئے مجھے ان کی تائید چاہیئے ہوگی۔ چونکہ جب آپ قدم اٹھانا چاہتے ہیں تو مجھے اس قوم کے منتخب ایوان کی پوری حمایت اور اس کی تائید کی ضرورت ہے۔ چونکہ جو قدم ہم اٹھانا چاہتے ہیں اس کے لیئے ساری قوم کو متفقہ طور ساتھ دینا ہوگا۔ چونکہ یہ قوم کا مسئلہ ہے اگر جناب یہ صرف تحریک التوا ہے تو جناب میں جواب دینے کو تیار ہوں اور اگر یہ ایک قومی مسئلہ اور المیہ ہے تو میں چاہوں گا کہ اس پر زیادہ thoroughly debate کی جائے۔ اس پر میں آپ کی رولنگ چاہوں گا پیشتر اس کے کہ میں جواب دوں۔

جناب چیئرمین: یہ شروع تو بطور تحریک التوا کے ہوا تھا اور تحریک التوا کا فائدہ یہ ہے کہ دو گھنٹے کی بحث کے بعد وہ automatically قصہ ختم ہو جاتا ہے، معاملے کی نوعیت میں بھی جانتا ہوں اور میرے خیال میں آپ نے جو کچھ ارشاد فرمایا اس سے مجھے مکمل اتفاق ہے لیکن تحریک التوا کو ختم کر کے اس بحث کو آپ سمیٹنے کے لیئے بے شک دوسرا دن لے لیں اور اس میں اگر کوئی اور بھی پھر بولنا چاہے تو ضرور بولے، لیکن جہاں تک تحریک التوا کا تعلق ہے یہ ختم ہو جائے۔ اس کے بعد سندھ کی general situation پر جو کچھ آپ بولنا چاہتے ہیں آپ بولیں، میری سمجھ میں کوئی اور طریقہ نہیں ہے۔ اگر آپ نے کچھ اور بھی بولنا ہے تو پھر میرے خیال میں اگر دوبارہ آپ بولیں تو یقیناً طول دیں گے یہ سلسلہ ختم ہی نہیں ہوگا اور جیسا کہ جناب اعجاز علی خان نے ارشاد فرمایا کہ کلاشنکوف کہاں بنتے ہیں تو وہ سرحد میں نہیں بنتے۔ پھر ہمیں افغانستان جانا پڑے گا، پھر ہمیں روس جانا پڑے گا، پھر پاپی کہاں

کاشت ہوتی ہے۔وہ جو تریاق عراق سے آرہا تھا وہ وہاں کاشت ہورہی تھی پھر ہمیں سب کا تجزیہ کرنا پڑے گا تو ایک بحث کا سلجھے ہوئے طریقے سے اختتام بھی چاہیئے۔وزیر صاحب کا فرمانا بالکل صحیح ہے کہ اتنے نکات اٹھائے گئے ہیں کہ ان کا جواب وزیر صاحب کی طرف سے آنا چاہیئے۔چونکہ وہ دو گھنٹے کی بحث میں نہیں آ سکتے اور اس موشن کو میں ختم کرتا ہوں اور یہ ایک موشن نہیں تھا بلکہ سات موشنز تھے تو وہ ختم ہو چکے ہیں۔باقی وزیر صاحب کو ہم درخواست کریں گے کہ اگلے دن وہ تمام پوائنٹس جو انہوں نے نوٹ کئے ہوئے ہیں without referring to the adjournment motion اس پر آپ ہاؤس کو inform کردیں۔

The House is adjourned to meet again on Thursday, 4th August, 1988 at 10.00 a.m.

---

*[The House then adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Thursday, the 4th August, 1988].*

---

PCPPK–Litho/2182/88-89/Senate–6-6-92–300 Books.